باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8
www.Dailysahafatquetta.com
جلد نمبر 33 | بروز منگل 13 جون 2023ء/24 ذوالقعدہ 1444ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 163

وزیراعلیٰ بلوچستان کا سمندری طوفان بائپر جوائے کے پیش نظر تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت

قانون نافذ کرنے والے اداروں سول انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں میں مربوط کوآرڈینیشن قائم کی جائے ٗ ماہی گیر سمندر کو سب سے بہتر سمجھتے ہیں ان سے اس حوالے سے مشاورت کی جائے ٗ میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت

پی ڈی ایم اے اپنی ٹیم مشینری اور امدادی سامان کے ساتھ گوادر میں موجود ہے ٗ ساحلی پٹی پر ہائی الرٹ کے پیش نظر تمام متعلقہ محکموں کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کرتے ہوئے ہسپتالوں کو ہائی الرٹ رہنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سمندری طوفان بائپر جوائے کے پیش نظر تمام متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے اور ساحلی پٹی پر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے کمشنر مکران اور کمشنر قلات ڈویژن کو سمندری طوفان کے چیلنج سے نمٹنے کے اقدامات کی نگرانی کرنے کی ہدایت کی ہے ساحلی پٹی پر ہائی الرٹ کے پیش نظر تمام متعلقہ محکموں کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کرتے ہوئے ہسپتالوں کو ہائی الرٹ رہنے کے احکامات جا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 1)

تحریک انصاف نے روس سے سستے تیل کی پہلی کارگو پچھلے سال اپریل میں موصول کرنی تھی، حماد اظہر

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ تحریک انصاف (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)

پولیس نے رات 3 بجے شاندانہ گلزار کی والدہ کے گھر چھاپہ مارا اور ان کا موبائل فون چھین لیا، عمر ایوب کا دعویٰ



اسلام آباد (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل عمر ایوب نے دعویٰ کیا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 3)

بچوں سے مشقت لینا ان سے ان کا بچپن چھین لینے کے مترادف ہے، اسپیکر قومی اسمبلی



اسلام آباد (یو این اے) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ بچے کسی بھی قوم کا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 2)

سمندری طوفان "بائپر جوائے" کے اثرات سامنے آنے لگے، بلوچستان کے علاقے اورماڑہ، گڈانی، اور ڈام بندر میں سمندر بپھرنے سے پانی رہائشی علاقے میں داخل ہو گیا

سمندری طوفان سے کراچی کو براہ راست کوئی خطرہ نہیں ہے، 15 جون کو طوفان کیٹی بندر اور بھارتی گجرات تک ٹکرائے گا، کراچی میں بدھ کی شام سے بارش کا آغاز ہو سکتا ہے

سمندری طوفان بائپر جوائے بپھر گیا

اورماڑہ میں پانی گھروں میں داخل

کراچی میں 100 ملی میٹر بارش متوقع

طوفان بپر جوائے کراچی سے صرف 600 کلومیٹر دور رہ گیا ہے اور طوفان کے مرکز میں ہواؤں کی رفتار 200 کلومیٹر فی گھنٹہ تک پہنچ گئی ہیں

گوادر کے علاقے اور ماڑہ میں سمندری طوفان بپر جوائے کے اثرات آنا شروع ہو گئے جبکہ کراچی میں بھی 100 ملی میٹر تک بارش کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (ویب ڈیسک) گوادر کے علاقے اور ماڑہ میں سمندری طوفان بپر جوائے کے اثرات آنا شروع ہو گئے جبکہ کراچی میں بھی 100 ملی میٹر تک بارش کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اورماڑہ میں سمندری لہریں ساحل کے قریب سڑک تک پہنچ رہی ہیں، اورماڑہ میں سمندری پانی گھروں اور دکانوں میں بھی داخل ہو گیا ہے۔ ادھر سمندری طوفان کے خدشے کے پیش نظر کیٹی بندر کے ماہی گیروں نے اپنی کشتیاں ساحل پر کھڑی کر دی ہیں، بدین سے بھی ماہی گیروں کی واپسی شروع ہو گئی ہے تاہم کئی ماہی گیر اب بھی کھلے سمندر میں موجود ہیں۔ طوفان کے باعث سمند (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، آرمی چیف سید عاصم منیر وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

سینیٹ اجلاس، 9 مئی کے پرتشدد واقعات کیخلاف مذمتی قرارداد منظور

آصف کرمانی کی تقریر پر پی ٹی آئی کا ہنگامہ، چیئرمین سینیٹ نے معاملہ رفع دفع کر دیا

اتحادی حکومت نے سسکتی معیشت کو سہارا دیا، معاشی ٹیم نے جس قدر ہو سکا عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کی

اسلام آباد (یو این اے) سینیٹ میں 9 مئی کے پرتشدد واقعات کے خلاف مذمتی قرارداد منظور کر لی گئی جبکہ اپوزیشن نے نئی مالی سال کے بجٹ کو غریب کش قرار دے کر مسترد کر دیا۔ چیئرمین صادق سنجرانی کی زیرصدارت سینیٹ اجلاس ہوا، چیئرمین سینیٹ اور (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم سے آرمی چیف کی ملاقات، ملکی امن و امان کی صورتحال پر گفتگو

آرمی چیف نے وزیراعظم کو پاک فوج کے پیشہ وارانہ امور پر بریفنگ بھی دی

اس دوران 9 مئی کے واقعات پر قانونی کارروائیوں سے متعلق اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم شہباز شریف سے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے ملاقات کی جس میں ملکی امن و امان کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں دونوں سربراہوں نے ملک کی امن و امان کی صورتحال پر گفتگو کی۔ آرمی چیف نے وزیراعظم کو پاک فوج کے پیشہ وارانہ امور پر بریفنگ بھی دی، اس دوران 9 مئی کے واقعات پر قانونی کارروائیوں سیسر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

پچھلے دو سال میں ہر جماعت اقتدار میں رہی، کیا مسائل حل ہو گئے، شاہد خاقان عباسی

نظام کی خرابی اس نہج پر پہنچ گئی ہے کہ پورا ملک خطرے میں ہے، سابق وزیراعظم کا خطاب

حیدر آباد (یو این اے) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پچھلے دو سال میں ہر جماعت اقتدار میں رہی، کیا مسائل حل ہو گئے، نظام کی خرابی اس نہج پر پہنچ سر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

انتخابات کو آئینی مدت سے آگے بڑھانے کا فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی

مولانا فضل الرحمٰن

ضمنی الیکشنز میں ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے تو علاقائی طور پر سیٹ ایڈجسمنٹ کا ماحول موجود رہے گا

جو لوگ صادق و امین کے لبادے میں خود کو چھپائے ہوئے ہیں اور وہ اندر سے تاریخ کے بہت بڑے مجرم ہیں

پشاور (یو این اے) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے صدر اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں عام انتخابات کی آئینی مدت سے آگے بڑھانے کا فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی، ضمنی الیکشنز میں ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے تو علاقائی طور پر سیٹ ایڈجسمنٹ کا ماحول موجود رہے گا، جو لوگ صادق و امین کے لبادے میں خود کو چھپائے ہوئے ہیں او (صفحہ نمبر 7

اسلام آباد، وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار سے چینی سفارتخانے کی ناظم الامور ملاقات کر رہی ہیں

ساجی انصاف اور بچوں کو تعلیم کی فراہمی سے چائلڈ لیبر کا خاتمہ ممکن ہے، ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک میں بچوں کے حقوق کے تحفظ اور چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے کوششیں تیز کرنے کی ضرورت سر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

صوبیدار اصغر علی شہید، سپاہی نسیم خان اور سپاہی محمد زمان کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

شہیدوں کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا

اسلام آباد (بیورو چیف) صوبیدار اصغر علی شہید (عمر 40 سال، ساکن ضلع لکی مروت)، سپاہی نسیم خان (عمر 26 سال، ساکن ضلع لکی مروت) اور سپاہی محمد زمان (عمر 22 سال) کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ ایبٹ آباد کے رہائشی) جنہوں نے 9/10 جون 2023 کی رات شمالی وزیرستان کے ضلع شمالی وزیرستان کے عام علاقے میران شاہ میں دہشت گردوں کے ساتسر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

سینٹ میں بجٹ پر بحث، سینیٹر آصف کرمانی کی تقریر، اپوزیشن کا شدید احتجاج اور شور شرابہ

سیاسی استحکام، منصفانہ احتساب، بہتر نظم و نسق اور قانون کی حکمرانی ملک کو مسائل سے نکال سکتے ہیں، سینیٹر طاہر بزنجو

اسلام آباد (یو این اے) سینٹ میں بجٹ پر بحث کے دوران مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر آصف کرمانی کی تقریر کے دوران اپوزیشن کی جانب سے شدید احتجاج اور شور شرابہ کیا گیا، آصف کرمانی پی ٹی آئی سے نو مئی کے واقعات پر معافی مانگنے کا مطالبہ کرتے رہے، چیئرمین سینٹ آصف کرمانی کو بجٹ پر تقریر کرنے کی تلقین کرتے رہے جبکہ اپوزیشن ارکین نے آئندہ مالی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 9)

پہلے روسی خام تیل اسٹاک کی ریفائنری پی آر ایل کرے گی

اسلام آباد (یو این اے) پہلے روسی خام تیل اسٹاک کی ریفائنری پی آر ایل کرے گی۔ حکام کے مطابق پہلے روسی خام تیل اسٹاک کی ریفائنری پی آر ایل کرے گی، روسی خام تیل (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 8)

صوبیدار اصغر علی شہید، سپاہی نسیم خان اور سپاہی محمد زمان کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

سپریم کورٹ کا انتخابات سے متعلق فیصلہ 4 اور 3 کا کہنا بالکل غلط ہے

چیف جسٹس

سات رکنی بنچ بنا ہی نہ تو چار اور تین کا تناسب کیسے ہو سکتا ہے، سپریم کورٹ کے یکم مارچ کے فیصلے پر پانچوں ججز کے دستخط موجود ہیں، تفصیلی فیصلہ جاری

جسٹس جمال مندوخیل لکھتے ہیں" میں نے مرکزی فیصلے کیساتھ الگ نوٹ تحریر کیا ہے" اختلاف کرنے والے دونوں ججز نے مشترکہ آرڈر جاری کیا جس پر صرف دو ججز کے دستخط موجود تھے

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات از خود نوٹس کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے۔ 43 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس منیب اختر نے تحریر کیا ہے۔ فیصلے میں 14 صفحات پر مشتمل اختلافی نوٹس بھی شامل ہیں۔ تفصیلی فیصلے میں قرار دیا گیا ہے کہ سپریم کورٹ کا انتخابات سے متعلق فیصلہ 4 اور تین کا کہنا بالکل غلط ہے۔ سات رکنی بنچ بنا ہی نہ تو چار اور تین کا تناسب کیسے ہو سکتا ہے۔ سپریم کورٹ کے یکم مارچ کے فیصلے پر پانچوں ججز کے دستخط موجود ہیں۔ چیف جسٹس نے الیکشن معاملے پر سب سے پہلے 9 رکنی لارجر بینچ تشکیل دیا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے کاسمک سائنٹفک ایڈوائزری کونسل کے کوآرڈینیٹر اقبال چوہدری کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

روسی تیل کی تسلسل کے ساتھ فراہمی کے بعد قیمتوں میں فرق آئیگا، مصدق ملک

اگر آپ معاہدوں کی پاسداری کریں اور شفافیت رکھیں تو عالمی سطح پر کوئی مسئلہ نہیں ہوتا، ہم نے کوشش کی ہے کہ عوام کیلئے سستا تیل لیکر آئیں

اصل قیمت اس وقت نہیں بتا سکتا، تاہم اس کا بہت بڑا فرق آئے گا اور اثر لوگوں کی جیب تک پہنچے گا

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ روسی تیل کی تسلسل کے ساتھ فراہمی کے بعد قیمتوں میں فرق آئیگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں وزیر مملکت مصدق ملک نے کہا کہ ہم اپنی ضرورت کا ایک تہائی خام تیل روس سے لینا شروع ہو جائیں گے تو قیمتوں میں بڑا فرق آئیگا اور اس کا اثر لوگوں کی جیب تک پہنچے گا، ہمارا ہدف ہے کہ ایک تہائی خام تیل رعایتی قیمت پر روس سے آئے، جب ہم اپنا ہدسر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

عقیدہ ختم نبوت ص کی تحفظ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے، حافظ حسین احمد شرودی

جمعیت علماء اسلام عقیدہ ختم نبوت ص کی دفاع اور تحفظ کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے صوبائی رہنماؤں نے کہا کہ ہر مسلمان عقیدہ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی دفاع اور تحفظ اپنے خو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 11)

آرمی تنصیبات پر حملہ کرنے والوں کو سزا دینا دفاعی فورسز کا حق ہے

خواجہ آصف

شہدا کی یادگاروں کی توہین کوئی پاکستانی برداشت نہیں کر سکتا، میانوالی ایئربیس پر 85 جہاز کھڑے تھے جن کو جلانے کی کوشش کی گئی

نومئی واقعات کے تمام شواہد موجود ہیں، ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، وزیر دفاع

اسلام آباد (یو این اے) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ آرمی تنصیبات پر حملہ کرنے والوں کو سزا دینا دفاعی فورسز کا حق ہے، شہدا کی یادگاروں کی توہین کوئی پاکستانی برداشت نہیں کر سکتا، میانوالی ایئربیس پر 85 جہاز کھڑے تھے جن کو جلانے کی کوشش کی گئی، نومئی واقعات کے تمام شواہد موجود ہیں، ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی۔ پیر کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے خواجہ محمد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)

مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کے وفاقی وزیر سینیٹر طلحہ محمود کی لبیک سروسز کے زیر اہتمام حج 2023 کے تربیتی پروگرام میں شرکت

اسلام آباد (بیورو چیف) لبیک سروسز کے زیر اہتمام 2023 کے ممکنہ عازمین حج کے لیے ایک تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، اور اس میں مذہبی امور و بین المذاہب کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 12)

گورنر بلوچستان کا بلوچستان میں میڈیا کے مثبت و تعمیری کردار پر اطمینان کا اظہار

ذرائع ابلاغ سے وابستہ افراد حکومت اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں، ملک ولی کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے بلوچستان میں میڈیا کے مثبت اور تعمیری کردار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ذرائع ابلاغ سے وابستہ افراد حکومت اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ پنجگور پریس کلب کے صدر عمر ماجد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

رجسٹریشن کی تجدید نہ کروانے پر ساڑھے 7 لاکھ افغان مہاجرین کو ملک بدر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان میں قیام کیلئے رجسٹریشن کی تجدید نہ کروانے والے ساڑھے سات لاکھ افغان مہاجرین کو ملک بدر کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ تفصیلات کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

کوئٹہ کے عوام بنیادی انسانی حقوق سے محروم ہیں، عبدالرحمن رفیق

اس وقت کوئٹہ کی آبادی تیس لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے لیکن حکومتی منصوبہ بندی نام کی کوئی چیز نہیں ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام بنیادی انسانی حقوق سے محروم ہیں اس وقت کوئٹہ کی آبادی تیس لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے لیکن حکومتی منصوبہ بندی نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ شہر کے بنیادی مسائل جس سے ہر شہری کرب اور ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

اپوزیشن لیڈر نے غلط اعداد و شمار پیش کیے، رانا تنویر نے راجا ریاض کے اعداد و شمار کی درستی کر دی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے اپوزیشن لیڈر راجا ریاض کے اعداد و شمار کی درستی کر دی۔ قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب میں رانا تنویر حسین نے کہا کہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈی سی گوادر نے طوفان بائپر کے حوالے سے دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا

فیصلے کے تحت ماہی گیر مچھلیوں کے شکار سمیت کسی بھی سرگرمی کے لئے سمندر میں جا سکیں گے

گوادر (پ ر) ڈپٹی کمشنر عزت نذیر بلوچ نے سمندری طوفان بائپر جوائے کے پیش نظر ضلع بھر کے ساحلی پٹی کے ساتھ آباد رہائشیوں اور ماہی گیروں کے تحفظ کے پیش نظر دفعہ 144 کا نفاذ کر کے ہائی الرٹ کر دیا ہے، فیصلے کے تحت ماہی گیر مچھلیوں کے شکار سمیت کسی بھی سرسر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

شاہ محمود قریشی کی ایک اور مقدمہ میں ضمانت منظور

اسلام آباد (یو این اے) وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کی ایک اور مقدمہ میں درخواست ضمانت منظور کر لی گئی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

ایرانی پیٹرول سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے، کریم نوشیروانی

حکومت اس معاملے کو سنجیدہ لے اور فوری طور پر ایرانی پیٹرول پمپوں کو کھولنے کے احکامات صادر کرے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے صوبے بھر میں ایرانی پیٹرول پمپوں کے خلاف کریک ڈاؤن اور بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایرانی پیٹرول سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے اور ان (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

بلوچستان صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا' محکمہ موسمیات

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا' محکمہ موسمیات کے مطابق بارکھان، قلعہ سیف اللہ، قلات، خضدار، لسبیلہ، مکران، آواران اور تربت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کیساتھ تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتے ہیں روس

تیل کے شعبے میں تعاون شروع کرنے کے لیے مذاکرات آخری مرحلے میں ہیں، سرگئی لاوروف کا پاکستانیوں سے خطاب

ماسکو سیاست، معیشت، تعلیم، ثقافت اور انسانی ہمدردی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے اسلام آباد کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ مل کر ایک زیادہ موثر اور کثیر القطبی جمہوری عالمی نظام کی تشکیل کے لیے کام کرنا چاہتے ہیں۔ سیاست، معیشت، تعلیم، ثقافت اور انسانی ہمدردی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو سے سردار کمال خان بنگلزئی کی ملاقات

صوبائی حکومت بھی قبائلی تنازعات کو حل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں' ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (پ ر) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے سردار کمال خان بنگلزئی نے ملاقات کی ملاقات میں باہمی امور کے تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچ قوم کی ترقی اتفاق اور اتحاد میں ہیں۔ اور اس سلسلے میں صوبائی حکومت بھی قبا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

ہوشربا مہنگائی نے ہر طبقے کو بے حد متاثر کیا ہے، سینیٹر عبدالقادر

رواں مالی سال میں گندم فی من 2570 روپے، آٹا فی کلو پچاس روپے، روٹی پانچ روپے اور نان کی قیمت میں 13 روپے کا اضافہ ہوا ہے

2022 میں ادہ نان 12 روپے کا تھا جواب 25 روپے کا ہو گیا ہے اب حالت یہ ہے کہ روٹی 20 روپے اور نان 30 روپے کا فروخت ہو رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیٹرولیم و ریسورسز اور سیاسی و بین الاقوامی اقتصادی امور پر گہری نظر رکھنے والے زیرک سیاستدان سینیٹر عبدالقادر نے کہا ہے کہ ہوشربا مہنگائی نے ہر طبقے کو بے حد متاثر کیا ہے غریب عوام کیلئے اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

ڈیرہ اللہ یار میں بڑا بھائی چھوٹے بھائی کو بچاتے ہوئے نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہو گیا

ڈیرہ اللہ یار (یو این اے) ڈیرہ اللہ یار میں بڑا بھائی چھوٹے بھائی کو بچاتے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کے خلاف کیس ڈی لسٹ کر دیا، سماعت 21 جون کو ہوگی

اسلام آباد (یو این اے) الیکشن کمیشن نے استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما فواد چوہدری کے خلاف کیس ڈی لسٹ کر دیا۔ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک سمندری طوفان کے پیش نظر منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مارکیٹ کمیٹی کے ملازمین کو بیروزگار کرنے کی سازش کامیاب نہیں ہونے دینگے، بی ایل ایف

فیس وصولی کو ٹھیکیدار کے حوالے کر کے کرپشن اور مہنگائی بڑھانے کی ذمہ داری شعبہ زراعت مارکیٹنگ انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے ترجمان عابد بٹ نے جاری ایک بیان میں کہا ہے کہ بلا جواز اقدامات کی وجہ سے مارکیٹ کمیٹی کو عوام اور ملازمین کے لیے سہولیات فراہم کرنے کی بجائے ایک زحمت بنا دیا گیا ہے۔ مارکیٹ کی فیس وصولی افسران کی ملی بھگت سے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

حب ندی میں 2 نوجوان ڈوب گئے

ایدھی بحری خدمات کی ٹیم نے 01 بیہوش اور 01 نوجوان کی لاش نکال لی گئی

حب (یو این اے) حب میں ندی میں 02 نوجوان ڈوب گئے ایدھی بحری خدمات کی ٹیم نے 01 بیہوش اور 01 نوجوان کی لاش نکال لی ایدھی ایمبولینس کے ذریعے حب سول ہسپتال منتقل جاں بحق ہونے والے کی شناخت نور ولد سدیر 23 سالہ جبکہ بے ہوش ہونے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

کیچ کے علاقے بولان کے قریب ٹریفک حادثے میں 3 افراد زخمی ہو گئے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے بولان کے قر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

یکم جولائی سے پٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں 40 روپے تک کی کمی کا امکان

اسلام آباد (یو این اے) روسی خام تیل پہنچنے کے ملک بھر میں پٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں 40 روپے کی کمی کا امکا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی سے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حقوق کی بات کریں پریس کلب کے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید ظاہر کرتا ہوں کہ وہ بلوچستان کی آواز کو ایوانوں تک پہنچانے کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے عوام کے دکھ درد اور تکلیف کو حکمرانوں تک پہنچ جائینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پریس کلب کوئٹہ کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق وفاقی وزیر ہمایوں عزیز کرد بھی ان کے ہمراہ تھے سابق سینیٹر نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کہا کہ آئندہ پانچ سال کیلئے بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر جعلی پارٹی بنانے کی کوشش کی جارہی ہے ٹرالر مافیا اربوں روپے کے مچھلی غیر قانونی طور پر ہمارے ساحل سے ختم کرنے میں مصروف ہیں گوادر میں بڑے بڑے ٹرالرز پورے سمندر کا صفایا کر کے جارہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں انہوں نے کہا کہ باپ پارٹی کے ذریعے ریکوڈک کا سودا کیا گیا صوبے کے ساحل وسائل کو ایک ایک کر کے فروخت کیا جارہا ہے بلوچستان کے عوام مصنوعی طور پر اسٹیبلشمنٹ کے گملے میں بننے والے سیاستدانوں سے ہوشیار رہیں اور آئندہ انتخابات کیلئے اپنے ایسے نمائندوں کو ووٹ دیدیں جوان کے حقوق کیلئے آواز بلند کریں اور بھرپور جدوجہد کریں انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کبھی بھی سبق نہیں سیکھتا حالانکہ انہیں سپوت ڈھاکہ سے سبق سیکھنا چاہیے تھا اب بھی وقت ہے کہ ہم سب ملکر بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے صوبے کے حقیقی نمائندوں کو کامیاب کرائیں تاکہ وہ صوبے کے ساحل وسائل کے اختیار اور حقوق صوبے کے عوام کیلئے جدوجہد کریں انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ برسوں سے عوام نے دیکھ لیا کہ کس طرح بلوچستان کے وسائل کو ایک ایک کر کے فروخت کیا جارہا ہے اب اس سلسلے کو روکنا ہوگا میڈیا سے توقع ہے کہ وہ حکمرانوں تک بلوچستان کے چیخ وپکار پہنچائیں ایک سوال کے جواب میں نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کہا کہ 9 مئی واقعات کی ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوتی ہے ایک شخص کو مورد الزام ٹھہرانا درست نہیں انہوں نے کہا کہ بد قسمتی سے اس ملک میں شفاف تحقیقات کر کے اصل ذمہ داروں کا تعین بھی نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حکومت بجلی کے حوالے سے بار بار بیانات اور کیسکو کی ہدایت کام نہ آسکیں بلکہ جس طرح لوڈشیڈنگ جاری ہے اس میں کمی کرنے کی بجائے مزید اضافہ کیا جارہا ہے اس وقت بلوچستان کی دارالحکومت کوئٹہ کے اہم علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے بلوچستان کے دیگر علاقوں ژوب، پشین، چمن، لورالائی، مستونگ، خضدار، قلات سمیت دیگر علاقوں میں صرف چار گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی ہے جوظلم کے سوا کچھ نہیں ہے طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف عوام تو احتجاج اور میڈیا کے ذریعے بیانات دیتے ہیں لیکن واپڈا اس حوالے سے کارروائی کرنے کی بجائے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ سورہے ہیں نہ کسی کے فریاد سنتے ہیں نہ ان کارروائی کرتے ہیں اسی لئے کیسکو اس چیز میں بڑے ماہر ہے کہ عوام کو زیادہ بل بھیجتے ہیں مگر بجلی نہیں کرتی بلکہ بعض اوقات بل زیادہ بھیجتے ہیں اس کے جرمانے کی صورت میں غریب لوگوں کو لاکھوں روپے بل کرکے بجھواتے ہیں۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فوری طور پر ایرانی تیل کے کاروبار اور منی پیٹرول پمپ پر پابندی کو ختم کریں احتجاجی تحریک پر عوام کو مجبور کرے کہ شاہراہوں کو بند کریں اسی کے ساتھ ہزاروں خاندانوں کے روزگار وابستہ ہیں بیروزگاری اور مہنگائی میں عوام دو وقت روٹی کے لیے ترس رہی ہے وزیر اعلیٰ اس صوبے کے عوام پر رحم کریں کے منی پیٹرول پمپ پر پابندی کو ختم کرے انہوں نے کہا کہ ایرانی ڈیزل اور پیٹرول کی بندش سے بیروزگاری کی خطرناک صورتحال پیدا ہورہی ہے بیروزگاری سے جرائم بڑھ رہے ہیں ایرانی تیل کی سپلائی کی بندش سے ڈیزل اور پٹرول کے کاروبار سے وابستہ لاکھوں افراد کو نان شبینہ کیلئے محتاج ہوئے ہیں کیونکہ عوام کے روزگار کا یہ ایک ہی ذریعہ ڈیزل اور پیٹرول سپلائی کا تھا انہوں نے کہا کہ صوبے میں بیروزگاری کی وجہ سے خودکشیاں، نوجوان طبقہ جرائم کا رخ اختیار کرلئے ہیں روزگار کے مواقع ہونے کی وجہ سے تو جرائم کی واقعات کی نوبت پیش نہ آتی

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہیں لیکن پہلے سے سمندری کٹاؤ کی زد میں رہائش پذیر لوگوں کو زیادہ خطرات لاحق ہو سکتے ہیں مقامی وضلعی انتظامیہ نے ہائی الرٹ جاری کیا ہے محافظ عوام کو ہوشیار رہنے کی تلقین کی ہے سمندر میں جانے و نہانے پر پابندی لگائی گئی ہے جو کہ خوش آئند ہے لیکن سمندر قریب آبادی میں ہے وہاں لوڈ ٹوٹ جانے کی وجہ سے لہریں گھروں میں داخل ہونے کا خدشہ ہے تو یہاں پتھر ڈال کر سمندری کٹاؤ کو کچھ حد تک روکا جاسکتا ہے اس پر فوری نظرثانی کی ضرورت ہے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

25 گرام شیشہ اور 30 گرام کرسٹار برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا منشیات فروشان کے خلاف تسلسل کے ساتھ کارروائیاں جاری رہیں گی جب تک اس لعنت کا خاتمہ نہیں کیا جاتا ہے SSP۔ لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق تھانہ اوتھل کے SHO جان محمد جاموٹ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ منشیات کے خلاف مہم کے دوران مخبر خاص کی اطلاع پر مختلف کارروائیوں میں بی اینڈ آر چوک اوتھل کے مقام سے ملزم غلام حسین عرف گلو ولد محمد ہاشم سکنہ موچی محلہ اوتھل کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ 01 کلو 85 گرام چرس، ہائی سکول روڈ اوتھل کے مقام سے ملزم عبدالمجید ولد محمد موسیٰ پیر گوٹھ اوتھل کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 550 گرام چرس اور کیمبار محلہ اوتھل کے مقام سے منشیات فروش محمد رفیق ولد محمد حسن سکنہ ڈیرہ بیلہ حال اوتھل کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 100 گرام چرس برآمد کیا۔ ملزمان کے خلاف اوتھل پولیس نے نارکوٹکس ایکٹ کے تحت علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ واضح رہے کہ ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی نے منشیات فروشی کی شکایات کے پیش نظر تمام SHOs ضلع ہذا کو قبل ازیں منشیات فروشان کے خلاف کارروائی کی بابت ہدایات دے دی ہیں جس کے مطابق اوتھل میں خاص طور پر SHO اوتھل جان محمد جاموٹ اور SHO بیلہ یار محمد کمانڈو نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ SHO اوتھل اور بیلہ کی آج کی کارروائیاں ان کی ہدایات کا نتیجہ ہیں۔ جب کہ ایک اور کارروائی میں SHO بیلہ یار محمد کمانڈو نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ملزم عبدالغفور عرف غلام قادر سکنہ محلہ کھانہ بھٹ بیلہ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ 02 کلو 220 گرام چرس، 25 گرام شیشہ اور 30 گرام کرسٹار برآمد کیا۔ ملزم کے خلاف بیلہ پولیس نے نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج رجسٹر کر کے مزید تفتیش شروع کردی

ہے۔ SSP لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی کے مطابق منشیات فروشان کے خلاف تسلسل کے ساتھ کارروائیاں جاری رہیں گی جب تک اس لعنت کا خاتمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اس سلسلے میں پی ڈی ایم اے کے افسران کو گوادر بھیج دیا گیا ہے جو وہاں پر سول انتظامیہ، سیکورٹی ادارے، فشریز سمیت دیگر محکموں سے آگاہی لیں گے اور جہاں بھی پی ڈی ایم اے کی ضرورت رہی تو پی ڈی ایم اے تمام تر وسائل اور انتظامات کے ساتھ حاضر ہوں گے اور طوفان سے نمٹنے کیلئے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں اور ہم میں بحیثیت صوبائی وزیر پی ڈی ایم اے خود اس کی نگرانی کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سمندری طوفان بائپر جوائے کے پیش نظر تمام متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے اور ساحلی پٹی پر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے تمام اداروں کو چیلنج سے نمٹنے کے اقدامات کی نگرانی کرنے کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اے اپنی ٹیم مشینری اور امدادی سامان کے ساتھ گوادر میں موجود ہے انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکموں کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہسپتالوں کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سمندری طوفان سے پیدا ہونے والی کسی بھی طرح کی ممکنہ صورتحال اور حالات سے نمٹنے کیلئے مقامی ماہی گیروں سے بھی رہنمائی حاصل کی جارہی ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ بجٹ میں کسانوں کے لئے آسان قرضہ اسکیم دی جائے خوشحال ڈیم بنا کر کسانوں کا دیرینہ مسئلہ حل کیا جائے تاکہ کسانوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہو۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیراعظم نے جو ساڑھے 3 سو ارب کھاد کی مد میں فیکٹری مالکان کو دینے ہیں وہ براہ راست کسانوں کو دیئے جائے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بجٹ میں 50 ہزار زرعی صارفین کے ٹیوب ویلز سولرز پر منتقل کرنے کے لئے 30 ارب روپے مختص کئے گئے اس کے علاوہ کسانوں کے لئے مختلف محکموں میں فنڈز جاری کئے ہیں انہیں بینکوں کے ذریعے کسانوں کو فراہم کیا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کسانوں کے لئے اچھا اقدام اٹھایا ہے جب وزیراعظم ہمارے لئے بہترین اقدامات اٹھائیں گے تو ہم ان کا شکریہ ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کسانوں کے حالات سب کے سامنے ہیں حالیہ سیلاب نے پورے ملک میں کسانوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی کسی کو بھی پاس نہیں کرتا پنجاب میں کسانوں کی تین تنظیمیں ہیں جو کسانوں کے لئے کام کررہی ہیں۔ اس موقع پر عصمت اللہ دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کے زمینداروں کی زمینیں 15 دن کے اندر زمینداروں کی زمینیں ختم ہوجائیں گی بصورت دیگر نیب سے رجوع کرنے پر مجبور ہیں، کچلاک میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے گھروں کی الیکٹرونک سامان کو جلا دیا ہے انہیں دن میں 2 گھنٹے بجلی کی فراہمی کی جارہی کیسکو چیف سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی بصورت دیگر کچلاک میں روڈ بلاک، کیسکو کے دفاتر کو تالے لگائیں گے۔ میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ نے وزیراعظم پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے ملک کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے زمینداروں کے لئے پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے اعلانات کو خوش آئند ہے اس تو قع بھی کریں گے کہ ان اعلانات پر عمل درآمد ہو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 80 فیصد زمینداری ٹیوب ویل سسٹم پر ہے جس کے لئے بجلی درکار ہے آواز بلند کریں گے اور کسانوں کی آواز بلند کی ہے اتحاد خالد حسین نے ہر پلیٹ فارم پر کسانوں کے لئے معاش زمینداری ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کا ذریعہ معاش زمینداری ہے کسان اتحاد بلوچستان کے زمینداروں کی آواز ہر پلیٹ فارم پر بلند کرے گی۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ولی داد اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے پی ایم ڈی سی کے 500 ریگولر ملازمین اور 5000 مزدوروں کو بے روزگار کرنے کی تیاری کرلی ہے جس کی وجہ سے کسی سوریج ایمپلائز یونین کسی صورت اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایمپلائز یونین نے بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاج کے دوران صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ہمیں یقین دہانی کرائی کہ پی ایم ڈی سی کی لیزوں کی منسوخی کی کوئی ترمیم نہیں لائی گئی اگر ایسا ہوا تو سب سے پہلے ہم اس کو روکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صوبائی وزیر خزانہ کو بتانا چاہتے ہیں کہ لیزوں کی منسوخی کے آرڈر جاری کئے گئے ہیں کرکیٹری مائنز کے دفتر پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی کی لیزوں کی منسوخی کی صورت میں ہزاروں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی سوریج ایمپلائز یونین کسی صورت لیزوں کی منسوخی کو قبول نہیں کرے گی کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا اس سلسلے میں آج (منگل) دوپہر ساڑھے 12 بجے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم وزیر اعظم اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ سے اپیل کرتے ہیں کہ پی ایم ڈی سی کی لیزوں کی منسوخی کو روکا جائے ہزاروں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہونے سے بچ سکیں۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڈی جی نصیر آباد رینج منیر احمد شیخ کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی جعفرآباد محمد انور بادینی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے DSP سرکل ڈیرہ اللہ یار جان محمد کھوسہ کی نگرانی میں کارروائی کی گئی ہیں انسپکٹر طالب حسین لاشاری ایس ایچ او تھانہ ڈیرہ اللہ یار نے روپوش ملزم محمد حسن ولد نبی محمد قوم جتک ساکن ڈیرہ اللہ یار کو گرفتار کیا ہے۔ دوسری کارروائی میں عظیم شاہ ولد برکت شاہ قوم سید کو گرفتار کر کے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ملک عمران اللہ کاکڑ نے کہا کہ 11 جون 1978 پاکستان میں جاگیردارانہ فرسودہ موروثی نظام سیاست کے خلاف عملی جہاد کے نقطہ آغاز کا دن ہے اس دن کراچی کے متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے چند نوجوانوں نے اس ملک پر قابض نفرت واضح کے نام پر سیاست کرنے والے موروثی خاندانوں کے خلاف سوچ کا علم بغاوت بلند کرتے ہوئے عملی جدوجہد کا آغاز کراچی کے ایک یونیورسٹی سے کیا بلکہ یہ طلبا کی اس تنظیم نے 6 سال کے قلیل عرصے میں ڈاکٹر فاروق ستار کی صورت میں ایشیا کا کم عمر ترین میئر منتخب کروا کر ثابت کروادیا اے پی ایم

ایس او پاکستان کی وہ واحد طلبا تنظیم ہیں۔ جس نے اس ملک کو غریب و متوسط طبقے کیلئے عملی جدوجہد کرنیوالا تحریک مہاجر قومی موومنٹ کا تحفہ دیا، اس تحریک نے 1988 میں بینظیر بھٹو سے لیکر 2023 میں عمران خان تک کو وزیراعظم بنوانے میں کلیدی کردار ادا کیا، پاکستان کی تاریخ میں ہر اعلیٰ منصب کو حاصل کرنیکے لئے متوسط طبقے کے حمایت کو لازمی قرار دینے کا سہرا بھی اسی طلبا تنظیم سے جنم لینے والے تحریک متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سرجاتا ہیں

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رند سے کراچی میں ان کی رہائش گاہ پر کاروان حاجی اکبر آسکانی کے مستعفی سرگرم رہنما اور کلگ نگران کے وائس چیئرمین زبیر نواب نگرانی نے اہم ملاقات کی، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی تمپ کے سینئر رہنما ہارون رحیم رند اور دیگر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران زبیر نواب نگرانی نے میر اصغر رند کو گزشتہ دنوں اپنی رہائش گاہ پر منعقدہ علاقائی عمائدین ومعتبرین اور ہم خیال دوستوں کے مشاورتی اجلاس کے فیصلوں سے آگاہ کیا اور بتایا کہ ہم ایک طویل عرصہ تک کاروان اکبر آسکانی کے ساتھ رہے مگر کاروان اکبر آسکانی نے نہ صرف ہمیں بلکہ حلقہ کے عوام کو شدید مایوسی سے دوچار کیا جس پر مشاورتی اجلاس نے کسی ایسی سیاسی جماعت میں شمولیت پر اتفاق کیا ہے جو علاقائی اور عوامی مسائل پر خصوصی دلچسپی رکھتی ہو اور عوام کے دکھ درد میں شریک ہو، میر اصغر رند نے زبیر نواب نگرانی کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کی دعوت دی جسے انہوں نے قبول کرتے ہوئے کہا کہ عنقریب پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ طور پر شمولیت کا اعلان کیا جائے گا، انہوں نے علاقائی مسائل ومشکلات اور موجودہ نمائندوں کی بے حسی کے حوالے سے بھی میر اصغر رند کو آگاہ کیا، میر اصغر رند نے ان کے اعزاز میں ظہرانہ دیا، اس موقع پر عامر شکور اور مہران آسکانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

صدارت میں منعقد ہوا جس میں عاملہ کے اراکین نے شرکت کی، اجلاس میں جے یو آئی کیچ کو ضلع بھر میں مزید متحرک کرنے کیلئے ضلع بھر کے دورہ کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اگست میں کیچ میں تاریخ ساز علماء کنونشن کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے، علاوہ ازیں سرپرست اعلیٰ مولانا غلام اللہ رستم کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جو تحصیل تربت کے مدارس کا دورہ کر کے مہتمین سے خصوصی ملاقاتیں کرے گی، اجلاس میں مند، تمپ، بلیدہ کا دورہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جس کا مقصد عوامی ایشوز کو اجاگر کرنا ہے، اجلاس میں عاملہ اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے خالد ولید سیفی نے کہا کہ کیچ گوناگوں مسائل کا شکار ہے، سیاسی جماعتوں کی خاموشی نے عوام کو مایوس کردیا ہے، انہوں نے کہا ہم عوامی مسائل کو اپنی سیاست کی بنیاد سمجھتے ہیں، ہمارا نصب العین قوم کی خدمت ہے، انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں بھرپور حصہ لیں گے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فورسز کی جانب سے چیک پوسٹوں و بارڈر ٹریڈ پر رشوت، غنڈہ ٹیکس کی وجہ سے تباہ ہوگئی ہے بلوچستان کے عوام نوجوان پیٹ کی آگ بجھانے کیلئے صرف پٹرول، ڈیزل کا کاروبار کررہے ہیں اس پر بھی حکومت کی طرف سے بلاوجہ کی سختی ورکاوٹیں سمجھ سے بالاتر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوامی مسائل کو اجاگر، ظلم وزیادتیوں کے خلاف ہر فورم آواز بلند کررہی ہے۔ حکومت نے روزگار برائے فروخت کردیا جس کی وجہ سے اہل پڑھے لکھے نوجوان ڈگریاں ہاتھوں میں لیکر بے روزگار پررہے ہیں۔ بلوچستان ڈگریوں کی نہیں رشوت وسفارش اور قیمت پر روزگار مل رہی ہے۔ منشیات عام ہونے کی وجہ سے بلوچستان کا ہر گھر میں نوجوان اس لت میں مبتلا ہیں۔ ہسپتال ویران، بوگس، گھوسٹ ودہرے ملازمتوں کی وجہ سے بھی بلوچستان میں بے روزگاری عام ہوئی ہیں۔ گھوسٹ ملازمتیں، گھوسٹ ادارے، سفارش، رشوت نے نوجوانوں کو پریشان کر دیا ہے۔ سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ عام ہیں شہری علاقوں میں بھی دس سے بارہ گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ ہورہی ہے جس کی وجہ سے ہر طرف پریشانی ومشکلات عام ہیں۔ شہروں میں پینے کا پانی بھاری قیمتوں میں دستیاب جبکہ دور دراز علاقوں میں پینے کا پانی نہیں مل رہا۔ بلوچستان کے اکثر سرد علاقوں میں گیس کی سہولت موجود نہیں اگر موجود ہے تو وہاں بھی گیس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے عوام اس نعمت سے محروم ہیں زیارت میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے صنوبر کے جنگلات کو ایندھن پر طور پر استعمال کیا جاتا ہے کوئٹہ میں شہری سوئی گیس کے بجائے ایل پی جی گیس بھاری قیمت پر خریدنے پر مجبور ہیں حکومتی وگیس محکمہ کے حکام خاموش تماشائی کا منفی کردار ادا کررہے ہیں کوئٹہ کے اکثر علاقوں میں گیس ناپید جبکہ گیس بلز بھاری ٹیکسز سے کیساتھ عوام کو موصول ہورہے ہیں۔ حیلوں بہانوں بلی بھگت کے بجائے دیانت داری واخلاص سے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گیس بحران پر قابو پانے کی ضرورت ہے بلوچستان پورے ملک کو گیس فراہم کررہا ہے اس لیے ضروری ہے کہ بلوچستان کو سب سے پہلے گیس دیا جائے۔ کوئٹہ کے شہری سردیوں میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے بدترین مشکلات وپریشانی کا شکار رہے ہیں غربت مہنگائی وبے روزگاری میں گھر کے دیگر اخراجات پورے نہیں ہوتے اوپر سے مہنگی ایل پی جی یا جلانے کیلئے مہنگی لکڑی کوئلہ خریدنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ موسم سرما میں کوئٹہ کے شہریوں کو گیس لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیا جائے یا ایل پی جی خصوصی رعائت پر فراہم کیے جائیں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا افتتاح کیا، ان کے ہمراہ محترمہ زکیہ نائب صدر شعبہ خواتین، مس شگفتہ، اس کے علاوہ پاکستان واپڈا فٹ بال پلیئر محمد آیاز، ڈائریکٹر سپورٹس سوات یونیورسٹی امجد علی صاحب، تلاش صاحب، ڈائیر سپورٹس گورنمنٹ جہانزیب کالج سوات طاہر اللہ دیگر اہم شخصیات موجود تھیں، ٹرائلز کے دوران بچیوں کا جوش خروش دیدنی تھا، وزیراعظم یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام خیبر پختونخواہ کی آرگنائزنگ سیکرٹری ڈائریکٹر سپورٹس باچاخان یونیورسٹی میڈم شبانہ خٹک نے ٹرائلز کی نگرانی کی، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں وزیراعظم کے مشیر امیر مقام، معاون خصوصی شزا فاطمہ کی نگرانی میں مختلف کھیلوں کے ٹرائلز کا سلسلہ مرحلہ وار جاری ہے، پیر کے روز گراو؟ نڈ میں خواتین ٹرائلز شروع ہوگئے

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جر برادری سمیت عوام اور مسافروں کے لئے ان راستوں پر چلنا مشکل ہوگیا ہے اور آئے روز ٹریفک حادثات میں قیمتی جانوں کے ضیاع میں اضافہ ہو رہا ہے توڑ پھوڑ نے شاہراہوں کو کھنڈرات کی شکل میں تبدیل کر کے رکھ دیا ہے شدید گرمی اور بھاری ٹریفک کی وجہ سے گھنٹوں گھنٹوں تک ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے ان شاہراہوں کی تعمیر میں کوئی

میکنیزم اور منیجمنٹ دیکھائی نہیں دیتی ہے، بغیر پلان اور ناقص پالیسی کے تحت کئی سالوں سے شروع ہونے والی روڈ کی تعمیر کا کام وہیں کے وہیں کھڑا ہے لیکن کوئی پوچھنے اور مانیٹرنگ کرنے والا نہیں ہے۔ کوئٹہ کی ان شاہراہوں کو ہنگامی بنیادوں پر تعمیر کے کام کے لئے عدم سنجیدگی کا رویہ اختیار کیا ہوا ہے جس نے مسائل اور مشکلات کو جنم دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ بی این پی ان شاہراہوں پر سست روی کام کے نتیجے میں اپنے شہریوں کو مسائل اور مشکلات میں مزید برداشت نہیں کرے گی۔ پارٹی حکومت وقت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ان شاہراہوں پر جاری تعمیراتی کام کو بہتر انداز اور ہنگامی بنیادوں پر مکمل کر کے شہریوں کی حالات زار پر خصوصی توجہ دے ورنہ مزید خاموشی اختیار نہیں کریں گے اور اس سلسلے میں پارٹی سخت احتجاج کرنے کی کال دینے سے بھی گریز نہیں کرے گی جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔ بیان میں کہا گیا کہ ہمیں سب سے زیادہ اپنے لوگوں کے اجتماعی مفادات انکے بنیادی ضرورت زندگی کی فراہمی عزیز ہیں اور بی این پی اس وقت کوئٹہ میں آباد تمام اقوام کی سب سے بڑی پالیمانی، سیاسی اور تنظیمی طور پر نمائندہ جماعت ہے جنہوں نے ہر پلیٹ فارم پر کوئٹہ کے شہریوں کے ساتھ رواں رکھے گئی ناانصافیوں اور زیادتیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے حکمرانوں اور ارباب اختیار کی توجہ مبذول کراتے ہوئے موثر انداز میں آواز بلند کی ہے اور یہاں کے شہریوں نے جس انداز میں پارٹی کے بیانیے اور موقف کی تائید کرتے ہوئے پارٹی کو جو عوامی مینڈیٹ دیا عوام کے اس اعتماد کو کسی بھی صورت میں ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ بلوچستان کا دارالحکومت ہے اور کوئٹہ کو دوسرے شہروں سے ملانے والی ان شاہراہوں پر تعمیراتی کام کا یہ عالم ہے کہ ان شاہراہوں پر تاجر برادری نے تجارت کرنا چھوڑ دیا ہے اور شہری چلنے پھرنے سے قاصر ہیں جو حکمرانوں کی ترقی اور خوشحالی کے جھوٹے بلند و بانگ دعووں کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کردہ بیان میں انہوں نے میر ظہور بلیدی اور مقتول کے اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا، پارٹی رہنماؤں کی مرحوم کے لئے جنت الفردوس اور سوگوار خاندان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی اور مطالبہ کیا کہ بی پی پی رہنما ورکن بلوچستان اسمبلی میر ظہور بلیدی کے بہنوئی عبدالقیوم کے قتل میں ملوث ملزمان کو فورا قانون کی گرفت میں لاکر سخت سے سخت سزا دی جائے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

،علاؤ الدین، ماسٹر نزیر نے کہا ہے کہ ضلع پشین تحصیل نانا صاحب یوسف کچھ کے معروف قبائلی سیاسی شخصیت عبدالجلیل اخوندزادہ کے وفات سے علاقہ ایک مہربان، شفیق رہنما سے محروم ہوگئی ان کے وفات سے ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے علاقہ تحصیل نانا صاحب کے عوام ان کی سماجی قبائلی خدمات کو یاد رکھے گی ان کی کوششوں سے لاقہ میں امن وامان کی بحالی میں بڑا کردار رہا ہے تحریک انصاف تحصیل نانا صاحب ان کی ناقابل بیان خدمات کو ہمیشہ یاد رکھی گی دریں اثناء تحریک انصاف ضلع کوئٹہ کے صدر رحیم کاکڑ نے آئی جی پولیس کو کہا ہے کہ صوبے میں پٹرول، ڈیزل سے وابستہ افراد کو پولیس کی جانب سے بے روزگار کرنے کی بھرپور مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ صوبے میں غریب عوام اس کاروبار سے وابستہ افراد کے خاندانوں کی روزی روٹی کو خراب کرنے سے گریز کریں آئے روز پولیس پہلے سے صوبے اور کوئٹہ میں عوام کے ساتھ ظلم زیادتی روا رکھی ہوئی ہے جس کی مذمت کرتے ہیں صوبے اور کوئٹہ میں ایرانی ڈیزل پٹرول سے وابستہ افراد کو روزگار کرنے دیا جائے پارٹی عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لی تاریکی میں چوروں کی طرح گندم کی فصل کو آگ لگانا بے غیرتی ہے اہلیان پنجپائی نے اس بزدلانہ عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے سفاک ملزمان کو گرفتار کیا جائے تاکہ آئندہ کسی کو اس طرح کی بدبختانہ حرکت کی جرات نہ ہو۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مہ داری ہے، بے روزگاری کا بڑھتا ہوا عفریت معاشرے کو نگل جائے گا، شدت پسندی اور جہالت میں اضافہ ہوگا، انہوں نے کہا کہ حکمران اتحاد عوام کی توقعات اور وعدوں پر پورا نہیں اتر سکا مہنگائی 46 فیصد بڑھنا اس کا ثبوت ہے، ہندسوں کا ہیر پھیر بجٹ نہیں عملی منصوبے جو عوام اور ملک کو طاقتور کریں وہی بجٹ کام کرسکتا ہے امن ترقی پارٹی کی تجاویز بھی شامل کی جائیں جو عوامی آرا اور ملک بھر کے عملی مشاہدے پر مبنی ہیں، صنعت اور زراعت کے ساتھ نوجوانوں کو جوڑا جائے گا تو بہتر مستقبل نظر آئے گا، امن ترقی پارٹی عوام اور نوجوانوں کے مستقبل کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی معاشی سپر پاور پاکستان ہماری منزل ہے۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیت کرتے ہوئے کہی۔ شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اساتذہ کی ہر تکلیف سے واقف ہیں جب میں صوبائی وزیر تعلیم تھا اس وقت بھی اس طرح کی مشکلات کا حل نکالتے تھے میں اساتذہ کے شانہ بشانہ کھڑا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے مطالبات کے حل کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان سمیت تمام حکام سے رابطے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان اساتذہ کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور انکے مسائل اور جائز مطالبات کے حل تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اس موقع پر بلوچستان ٹیچرز ایسوسی ایشن کے مرکزی وصوبائی قیادت نے شیخ جعفر خان مندوخیل کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن مندوخیل نے وفاقی بجٹ میں صحافیوں کی ہیلتھ انشورنس کیلئے ایک ارب روپے مختص کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کے اقدام کی تعریف کی، گزشتہ روز پریس کلب سے جاری پریس ریلیز میں انہوں نے کہا کہ ہیلتھ انشورنس کیلئے فنڈز مختص کرنا احسن اقدام لیکن حکومت کو فنڈز کی فراہمی میں چند پریس کلبز کو نوازنے کے بجائے بلاتفریق ملک بھر کے پریس کلبز اور صحافیوں کو فراہم کرنے چاہئیں تاکہ حکومتی ثمرات سے تمام صحافی برادری مستفید ہوسکے، انہوں نے کہا کہ حکومتی سطح پر پہلی بار ورکنگ جرنلسٹس کیلئے ہیلتھ انشورنس کیلئے رقم مختص کی گئی ہے جو کہ خوش آئند ہے، انہوں نے صحافی برادری کی بہتری وفلاح کے لئے عملی اقدامات پر وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کی کارکردگی کو سراہا، انہوں نے وفاقی حکومت کو تجویز پیش کی ہے کہ حکومت ہیلتھ انشورنس کے ساتھ ساتھ صحافیوں کی لائف انشورنس کیلئے بھی سکیم متعارف کروائے تاکہ وفات پاجانے والے صحافیوں کی فیملیز کو فوری طور پر ریلیف مل سکے،

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یونین ژوب کے صدر جنرل سیکرٹری چیئرمین اور دیگر نے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے جائز اور حل طلب مطالبات کے مکمل طور پر حمایت کرتے ہیں اور ہر قسم کے تعاون کے یقین دہانی کرائی انہوں نے حکومت بلوچستان سے پرزور اپیل کی ہیں کہ جلد از جلد مطالبات حل کر کے نوٹیفکیشن جاری کیا جائے تاکہ قوم کے معماروں کے صحت کو نقصان نہ پہنچ جائے۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا انتخاب کیا جائے تاکہ کارکنوں میں پھیلی گئی مایوسی کا خاتمہ ہوسکے یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان میں دوسرے پارٹیوں سے آنے والے افراد اب صوبائی کے بڑے عہدوں پر براجماں ہوگئے ہیں جبکہ حقیقی اور اصل ورکروں کو نظر انداز کیا گیا ہے جو کہ ان کے ساتھ زیادتی ہے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے کئی بار کوئٹہ کا دورہ کیا لیکن اصل اور حقیقی ورکروں کی بجائے مفاد پرست نے ملاقاتیں کیں جس کی وجہ سے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے کارکنوں خاص کر نوجوانوں میں مایوسی پھیلی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ یہی کارکنوں نے مشکل وقت میں پارٹی کے ساتھ کھڑے رہیں اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا لیکن آج انہی کارکنوں کو نظرانداز کیا گیا ہے جو کہ قابل مذمت ہیں انہوں نے اس سلسلے میں قائد محمد نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف، چیف آرگنائزر مریم نواز سے اپیل کی کہ وہ کارکنوں کے آواز سنیں اور ان کے مسائل حل کیے جائیں بصورت دیگر اسلام آباد جا کر وزیراعظم ہاؤس کے سامنے احتجاجی دھرنا دیں گے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عبدالمالک شاکر۔ رازق خان۔ مولانا روزی جان، کی سربراہی یونین کونسل بادنزئی کے عوام نے نیشنل ہائی وے کو ہر قسم ٹریفک کیلئے بلاک کردیا گیا جس سے ٹریفک کی لمبی قطاریں لگ گئیں مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ 6 ماہ سے موبائل نیٹ ورک کام نہیں کررہا بار بار روڈ پر مختلف قسم کے حادثات ہوتے ہیں ایمرجنسی میں 1122 کو بھی اطلاع نہیں دی جاسکتی انہوں نے کہا کہ ژوب میں جتنے ٹاورز نصف کئے گئے ہیں تمام کے تمام ناکارہ ہوچکی ہے بعض ٹاورز میں بیٹریاں ایکسپائر ہوچکیں ہیں جبکہ باقی ماندہ ٹاورز کے شمسی توانائی پلیٹیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے بار بار متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے بعدازاں DC۔ ژوب نیٹ ورک کمپنی اور سول جج ژوب سے کامیاب مذاکرات کے بعد روڈ ہر قسم ٹریفک کیلئے کھول دی گئی اور سول جج نے ذمہ داران کو فوری طور عدالت طلب کرلیا

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیو ڈی ایم کے قائد عبدالمتین اخونزادہ نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کے وفد نذیر بازئی، عبدالہادی کاکڑ ایڈووکیٹ، عجب خان ناصر و عبدالخالق دومڑ حافظ محمد حنیف کاکڑ ومولوی سعد اللہ خان کاکڑ کے ہمراہ دوسری انٹرنیشنل پراپرٹی ایکسپو کے دورہ کے موقع پر کیا عبدالمتین اخونزادہ نے کہا کہ ملکی پیداوار واحساس دردمندی لئے بہت جاندار اور بھرپور معاشی و معاشرتی ترقی کے لئے سرگرمی نظر آئی البتہ صوبائی و ضلعی انتظامیہ کے ادارے کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کیو ایم سی کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کیو ڈی اے کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ اربن ڈویلپمنٹ محکمہ ریونیو یعنی سرکاری اشرافیہ اور بیوروکریسی مکمل لاتعلق ہی رہے اس لئے کہ ابھی نیشنل گیمز میں پیسے بٹورنے اور انسانی نفسیات واحساس دردمندی کے برعکس ماحول بنانے میں سب حاضر تھے اس طرح کی لاتعلقی اختیار کرنا اشرافیہ اور بیوروکریسی کو زیب نہیں دیتا۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے۔ ہمہ اقسام کی ڈیشز کیلئے انتہائی ماہر اور تجربے کار Cooks کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ فیملیز کیلئے علیحدہ ہال اور وسیع وکشادہ فری پارکنگ اور فری ہوم ڈیلیوری کی سہولت بھی موجود ہے اس موقع پر خطاب اور دعا کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ دلی دعا ہے اللہ تعالی اس ریسٹورنٹ کو کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔ امین یارب العالمین

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے میچز کا بھی انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے مختلف شہروں میں فٹبال کے 20 میچز اور کرکٹ کے 2 میچز کھیلے گئے جن میں 3000 سے زائد افراد نے شرکت کی۔ اسی طرح خضدار میں کبڈی، رائفل شوٹنگ اور سنوکر کے میچز کا بھی انعقاد کیا گیا جن سے شرکا کی ایک بڑی تعداد لطف اندوز ہوئی۔ مختلف شہروں میں یوم تکبیر کے علاوہ موسمیاتی تبدیلی پر سیمینار منعقد کیے گئے جن میں شرکت کرنے والے افراد کی معلومات میں اضافہ ہوا۔ لورالائی میں ڈاکومنٹری ڈسپلے کا انعقاد کیا گیا جس سے شرکا نے استفادہ حاصل کیا۔ بلوچستان کے شہر ہرنائی میں ڈرگ اویرنس سیمینار کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں 60 سے زائد شرکا نے حصہ لیا۔ مختلف سیمینار، تقریبات اور تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریری مقابلوں میں طلبا نے پاک فوج سے اپنی محبت بیان کی، پاک فوج کی قربانیوں کو سراہا اور سیرت النبی کے موضوع پر بھی بات کی۔ بہاول خان میں شہید کانسٹیبل کریم بخش کی شہادت کی سالگرہ پر ایس ایچ او نے شہید کے بچوں کو مٹھائی اور انعام پیش کیا گیا۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پارٹی میں نئے شامل ہونے والی شخصیات کا خیر مقدم کرتے ہیں پیپلز پارٹی قلات ڈویژن تمام اضلاع میں پارٹی جیالوں کے شانہ بشانہ اور صوبائی قیادت کی سربراہی میں پارٹی کو منظم ومتحرک کرنے کیلئے کوشاں ہے ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی قلات ڈویژن کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ثناء اللہ رونجھو نے پیر کے روز عوامی پریس کلب بیلا کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے گرینڈ شمولیتی جلسے نے یہ واضع کردیا ہے کہ ضلع حب پیپلز پارٹی کا مضبوط قلعہ ہے میر علی حسن زہری شریف پالاری اور جملہ عہدیداران وکارکنان پارٹی کو مزید فعال بنانے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں ڈاکٹر ثناء رونجھو نے مزید کہا کہ آنے والا دور پیپلز پارٹی کے جیالوں اور عوام کا دور ہوگا

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جائز مسائل حل کریں کیونکہ اساتذہ کرام معاشرے میں ایک مقام رکھتے ہیں اللہ پاک نے استاد کو وہ حیثیت دیا ان کی تقدس کو پامال کرنا افسوسناک بات ہے جمعیت علماء اسلام بلوچستان بھر میں اساتذہ کرام کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی کی شرح میں سو فیصد اضافہ ہوچکا ہے چھوٹے ملازمین کی زندگی اجیرن بن چکی ہے یوں اساتذہ کرام کا روڈوں پر نکالنا حکومت کیلئے سوالیہ نشان ہے دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان حکومت بھی اساتذہ کے جائز مطالبات تسلیم کر کے انہیں

نوٹیفکیشن جاری کرے جمعیت علماء اسلام اساتذہ کے جائز مطالبات کے بھرپور حمایت کرتی ہے۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رڈ لیبر روم اور دیگر وارڈز کا معائنہ کیا مریضوں کی عیادت کی ایم ایس سول اسپتال بیلا ڈاکٹر محمد عظیم رونجھو نے اسپتال کے مسائل کیحوالے سے آگاہ کیا چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا سید شاہجان شاہ اور میر مبشر عزیز کھوسہ نے یقین دہانی کراتے ہو؟ کہا کہ سول اسپتال بیلا کے مسائل کے حل کے لیے سیکرٹری ہیلتھ اور سابق وزیراعلی بلوچستان نواب جام کمال کے نوٹس میں دیکر بہت جلد حل کروائیں گے سید شاہجہان شاہ اینا ڑی اور میر مبشر عزیز کھوسہ نے اس حوالے سے عوامی پریس کلب بیلا کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحت عامہ کے معاملے پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہوگا عوام کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے بھرپور کوششیں کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کو ہم اپنا اولین فریضہ؟ سمجھتے ہیں عوام نے اپنے ووٹ سے ہمیں منتخب کر کے مقامی حکومتوں میں ذمہ داری سونپی ہے اور ہم نواب آف لسبیلا سابق وزیراعلی بلوچستان جام کمال خان کی سرپرستی اور رہنمائی میں عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور سعی کریں گے

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی اور تنظیم سازی کے مراحل خوش اسلوبی سے سر انجام دیں ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی الیکشن کمیشن کے چیئرمین عبیداللہ عابد صوبائی سیکرٹری ثناءاللہ کاکڑ اراکین ملک محراب خان کاکڑ اور ولی داد میانی نے باچاخان مرکز حب اور ضلع جعفرآباد میں ضلعی ذمہ داران سے بات چیت کے دوران کیا اس موقع پر ضلع گوادر کیلئے پانچ رکنی ضلعی الیکشن کمیشن تشکیل دیا گیا جس کے چیئرمین ڈاکٹر محمد یونس میروانی سیکرٹری بابک سمیرا ارکان میں ابوبکر خورشید اور آصف خان جبکہ ضلع جعفرآباد کیلئے تین رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دی گئیں جس کے چیئرمین محمد اسماعیل سیکرٹری محبوب علی کھوسہ اور رکن محمد علی کھوسہ شامل ہے صوبائی الیکشن کمیشن کے ارکان نے آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ بروقت ممبر سازی و تنظیم سازی کے عمل کو بخوبی سرانجام دیں گے دریں اثنا عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی الیکشن کمیشن کے چیئرمین عبیداللہ عابد اور ارکان 15 جون کو صبح 10 بجے باچاخان مرکز چمن میں ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس جبکہ اسی روز سہ پہر 4 بجے ضلع قلعہ عبداللہ کے ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس بمقام عبدالرحمٰن زئی، 16 جون کو صبح 10 بجے باچاخان مرکز پشین میں ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس اور 17 جون کو سہ پہر 4 بجے ارباب ہاؤس میں ضلع کوئٹہ کے ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاسوں میں شرکت کرینگے اور ضلعی الیکشن کمیشن تشکیل دینگے۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بنڈری ایجوکیشن بمقام لورالائی شامل ہیں اس اقدام کا مقصد صوبے کے طلبا وطالبات کو انکے اپنے علاقوں میں تعلیم اور امتحان کی سہولیات کی فراہمی ہے

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور ساختی طریقہ کار کو پہلے ہی منظور کرلیا ہے۔ سی او پی ایچ سی کے ذرائع کے مطابق سی او پی ایچ سی نے ٹرانسمیشن لائن کے بنیادی ڈھانچے کی ڈیزائننگ کے لیے ایک کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی ہیں۔ جیسے ہی لے آؤٹ کو حتمی شکل دی جائے گی، گوادر پورٹ کے احاطے میں بچھائے جانے والے بجلی کے نیٹ ورک کو مین گوادر گرڈ سٹیشن سے منسلک کر دیا جائے گا۔ گوادر پورٹ ذرائع کے مطابق اس کے علاوہ کیسکو جی پی اے کے ساتھ مل کر ٹرانسمیشن لائنوں کے دو پیکجوں کی تحریک میں سیٹ ہے۔ ایک پیکج میں ایسٹ بے ایکسپریس وے کے ساتھ انرجی کوریڈور (سروس روڈ) کے ذریعے گوادر پورٹ کی حدود سے باہر تک تقریباً 12 کلومیٹر کی ترسیل شامل ہے۔ دوسرے پیکیج میں گوادر گرڈ سٹیشن سے گوادر فری زون نارتھ تک تقریباً 350 میٹر ٹرانسمیشن لائن شامل ہے۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئل کے حل کیلئے ایم پی اے مستونگ، چیف آف سراوان نواب اسلم خان رئیسانی کی کاوشوں سے درجنوں کمیونٹی واٹر سپلائی اسکیمات کو سولر انرجی سسٹم پر منتقل کردئے گئے ہیں اور مزید درجنوں واٹر سپلائی اسکیمات تکمیل کے آخری مراحل میں ہیجس کی تکمیل سے عوام کو پینے کے پانی کے حوالے سے درپیش مسائل میں بہت بڑی حد تک کمی آئی گی، اسکیمات کو میرٹ کے مطابق تکمیل تک پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑینگے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر مستونگ یاسر اقبال دشتی اور فرزند چیف آف سراوان نوابزادہ رئیس خان رئیسانی نے ڈپٹی کمشنر آفس میں کمیونٹی واٹر سپلائی اسکیمات کے چئرمینوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں حاجی عزیز احمد سرپرہ، سربراہ گرینڈ الائنس حاجی میر محمد انور شاہوانی، جے یو آئی کے ضلعی امیر حافظ سعید الرحمٰن فاروقی، پیپلز پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر قاسم علیزئی، افضل قاضی، میر عبداللطیف محمد حسنی، سردار عبدالقیوم شاہوانی، ایڈوکیٹ میر فتح محمد شاہوانی، مولانا شبیر احمد، میر مولا داد محمد شہی، حاجی منظور محمد حسنی، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ امان اللہ شاہوانی، ڈی ایچ او ڈاکٹر رشید محمد شہی، ڈاکٹر ریاض مینگل، کونسلر محمد اسماعیل، دیگر حکام سمیت یونین کونسلز کے چئرمین و وائس چئرمین، قبائلی و سیاسی رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کیا۔ قبل ازین نوابزادہ میر رئیس خان رئیسانی نے مستونگ کے مختلف علاقوں کا دورہ بھی کیا اور جاری مختلف ترقیاتی اسکیمات کا معائنہ بھی کیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ اجلاس میں کمیونٹی واٹر سپلائی اسکیمات کے کمیونٹی کمیٹی کے چئرمینوں نے چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی کی ذاتی دلچسپی اور کاوشوں سے پبلک آب نوشی واٹرس سپلائی اسکیمات کو بجلی سے شمسی توانائی سسٹم پر منتقلی منظوری پر انکا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ شہر سمیت ضلع کے مختلف علاقوں میں عوام کو پینے کے پانی کے حوالے سے اکثر بجلی کی بندش و بلنگ کی وجہ سخت مشکلات کا سامنا تھا جبکہ نواب صاحب کی کوششوں سے اب عوام کا مسلہ حل ہوگیا، شرکاہ نے پائپ لائنوں واٹر ٹیکی سمیت درپیش دیگر مسائل سے بھی آگاہی فراہم کیا۔ جس پر بوابزادہ رئیس رئیسانی اور ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے پی ایچ ای حکام کو متعلقہ علاقوں سروے کرنے اور رپورٹ ارسال کرنے کے احکامات بھی جاری کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کی وہ عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کو جلد دور کرینگے، نوابزادہ رئیس رئیسانی نے کہا کہ نواب صاحب کی ہر ممکن کوشش ہیکہ مستونگ کے عوام کے بنیادی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، وی او ایم انہوں نے کہا کہ اس وقت مستونگ شہر سمیت ضلع بھر میں کروڑوں روپیکی خطیر رقم صرف اہم عوامی بنیادی مسلہ پانی کی فراہمی یقینی بنانے پے خرچ ہورہے ہیں اور اس وقت تک درجنوں واٹر سپلائی اسکیمات کو

سولرآئزڈ کیا گیا اور مزید بھی اسکیمات آخری مراحل میں ہے اور آئندہ کے پی ایس ڈی پی میں بھی عوام کے آب نوشی اسکیمات پر خصوصی توجہ دی گئی ہیں، جس کے تکمیل سے عوام کا اہم بنیادی مسلہ تقریبا حل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ آب نوشی کے علاوہ صحت وتعلیم کے شعبہ جات پر بھی خصوصی دلچسپی رکھتے ہوئے اہم اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ انہوں نے کمیونٹی اسکیمات کے کمیٹی چئرمینوں سے کہا کہ انکے واٹر سپلائی اسکیمات سولرآئزڈ ہونیکے بعد انکی دیکھ بال کمیونٹی کمیٹی کی ہی ذمہ داری ہیکہ وہ ان کا دیکھ بال کریں اور عوام کو پانی فراہمی کیلئے پالان تشکیل دے تاکہ کسی کو شکایت نہ ہو۔

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔یونین چیئرمین محمد علی عرف بابے، ایڈووکیٹ مسعود کھوسہ، میر فہد پہنور میں ایک پینل میں ہونے کی وجہ سے لابنگ میں مصروف یونین کونسل چیرمین فتح علی خان،، محمد آصف کھوسہ میر آفتاب خان کھوسہ بھی امیدوار ہیں سب امیدواروں کا ایک پینل سے ہونے سے فیصلہ نہیں ہو پارہا امید ہے اور بھی ہیں رپورٹ کے مطابق بلدیاتی انتخابات کے آخری مرحلے میں ضلع چیرمین وائس چیئرمین کون بنے گا صحبت پور کی ٹوٹل 22 میں سے 19 یونین کونسل کے چیئرمین سابق بلوچستان عوامی نیشنل پارٹی جسے عام الفاظ باپ بھی کہا جاتا ہے جواب پیپلز پارٹی میں شامل رکن صوبائی اسمبلی سلیم خان کو اکثریت حاصل تو ہے اس وقت ظاہری طور پر یونین کونسل گوری۔ کے چیئرمین محمد علی عرف بابے یونین کونسل نوزبند کے چیئرمین ایڈووکیٹ مسعود خان کھوسہ، یونین کونسل پہنور کے چیئرمین سابق ضلع وائس چیئرمین میر فہد خان پہنور تو ظاہری امیدوار ہیں اور یونین کونسلوں کے چیئرمینز فتح علی علی، محمد آصف۔ ایاز کھوسہ دیگر ہیں جن کا تعلق ایک ہی سیاسی شخصیت رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم خان سے ہے جب کہ متحدہ اپوزیشن جس میں قوم پرست جماعت نیشنل پارٹی پیپلز پارٹی شامل دیگر جماعتوں کو تین نشتوں کی وجہ سے خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں اس وقت سیاسی حوالے سے کسی ایک کو ضلع چیئرمین اور وائس چیئرمین کے انتخاب سب سے زیادہ مشکل فیصلہ سازی اور ایک چیلنج رکن اسمبلی میر سلیم خان کے لئے ہے

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع چمن اور قلعہ عبداللہ میں سینکڑوں بوائز اور گرلز سکولوں میں مستقل اساتذہ کی جانب سے 10 ہزار روپے کے عیوض اپنی جگہ میٹرک اور ایف ایس سی پاس نوجوانوں کو رکھ کر خود فرائض سے غیر حاضر ہیں جس کی وجہ سے سکولوں میں طلباء وطالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے، عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر تعلیم، چیف سیکرٹری ودیگر سے اپیل کی ہے کہ ضلع چمن اور قلعہ عبداللہ میں عیوضی وغیر تربیت یافتہ اساتذہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائیں تاکہ طلباء وطالبات کا مستقبل محفوظ ہوں۔

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی گئی اس موقع پر حاجی شفاعت عطاری نے مختصر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دعوت اسلامی اپنے سیلاب متاثرہ اسلامی بھائیوں کے ساتھ ہے حالیہ بارشوں اور سیلاب کے بعد ایف جی آر ایف نے سیلاب متاثرین کی امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا مختلف علاقوں میں راستوں کی بحالی سمیت بروقت راشن ٹینٹ ادویات پینے کے صاف پانی کی فراہمی سمیت مختلف علاقوں میں فری میڈیکل کیمپ قائم کر کے سیلاب متاثرین کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جبکہ محدود وسائل کے باوجود سیلاب متاثرین کی ازسر نو تعمیر وترقی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے گھروں کی تعمیر کو مکمل بنارہے ہیں انہوں نے امت مسلمہ پر زور دیا کہ ان ناگہانی آفات سے بچنے کیلئے اپنے رب کو راضی کرنے کی کوشش کریں اور اپنے اہل وعیال سمیت پانچ وقت نماز ادا کریں ہر حال میں اپنے رب کا شکریہ ادا کریں انشاء اللہ عزوجل مشکل وقت آسانی سے گزر جائے گا جبکہ حاجی شفاعت عطاری نے میر محمد یوسف خان رند کے ساتھ علاقے کے معززین سے بھی ملاقاتیں کیں اور ان سے سماجی کاموں کے حوالے سے گفتگو کیا اس موقع پر دعوت اسلامی کے مختلف سے تعلق رکھنے والے مقامی نگران علاقائی معززین صحافی برادری ودیگر لوگوں نے شرکت کی۔

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے کہا کہ لورالائی ڈویژن کے عوام کو پسماندگی جہالت بے روزگاری اور غربت سے نکالنے اور انھیں تمام تر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کا فرض ہے لورالائی ہسپتال کے مسائل پر ہمیشہ مجھے تشویش رہی ہے صحت تعلیم صاف پانی یہ انسان کی بنیادی ضروریات میں سے ہیں اور اسپر کوئی کمپرومائز نہیں ہونی چاہئے اے این پی کے قافلے میں شامل تمام عہدے داروں بزرگ اور دیگر نوجوانوں کے بلند حوصلوں کو داد اور انھیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر کیا ساتذہ کرام اور سرکاری ملازمین کا کوئٹہ میں جاری ہڑتال و بھوک ہڑتال کی بھی بھرپور حمایت کرتا ہوں صوبائی حکومت اپ گریڈیشن اور دیگر تمام ڈیمانڈ نوٹس کو من وعن تسلیم کرنے کا اعلان اور باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کرے اساتذہ قوم وملت کے اصل معمار ہیں انکی اس طرح تزلیل کی کسی صورت اجازت نہیں دے سکتے انہوں نے کہا کہ وفاق نے سرکاری ملازمین کو تیس سے پینتیس فیصد اور پینشن میں جو اضافہ بجٹ میں کیا ہے بلوچستان کی حکومت بھی اپنے ملازمین کو وہی اضافہ دینے کا پابند ہے اگر ایسا نہ کیا گیا تو ملازمین کے شانہ بشانہ جدوجہد کرونگا اور حکومت کے ہر ایوان پر جاونگا اور وزیراعظم و وزیر خزانہ سے بھی وفد کے ہمراہ ملونگا۔

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اڈی کے ممبران کے مشترکہ اجلاس سے ویڈیو کال کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا۔ کہ آپ تمام ساتھی جس راستے پر چل رہے ہیں اللہ تعالی کے دربار میں اس کا بہت بڑا اجر ہے انہوں نے کہا کہ جس طرح تمام ساتھیوں کی جدوجہد اور ہمت سے عیدالفطر کے موقع پر ایک ہزار سے زائد خاندانوں میں راشن، 600 بچوں میں جوتے، اور ایک ہزار سے زائد لوگوں میں کپڑے تقسیم کئے گئے یہ عمل عیدالضحیٰ کے موقع پر بھی جاری رہنا چاہیے اور آپ تمام ساتھیوں میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ میری عدم موجودگی میں بھی خدمت انسانیت کا مشن جاری رکھا جاسکے۔ چیئرمین نعمت اللہ ظہیر نے اس موقع پر شرکا اجلاس کو بعض ہدایات بھی جاری کیں۔ دریں اثنا خدمت خلق فانڈیشن انٹرنیشنل میڈیا کمیٹی اور ایگزیکٹو باڈی ممبران کا مشترکہ اجلاس پشین میں منعقد ہوا جس میں اصغر خان، عمر خان، محب اللہ، بلال آغا، نعمان گل، قاری زبیر احسان اللہ اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف امور پر غور کیا گیا اور عیدالضحیٰ کے موقع پر چیئرمین نعمت اللہ ظہیر ت کی ہدایات کے مطابق مساکین، ضرورت مند اور

غربا میں راشن کپڑے قربانی کا گوشت وغیرہ تقسیم کرنے کے لیے حکمت عملی طے کی گئی اور مخیر شخصیات، سماجی این جی اوز سے رابطہ کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا بعد میں ویڈیو کال کے ذریعے چیرمین نعمت اللہ ظہیر کو بھی اجلاس میں شریک کیا گیا۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں کاروائی گزشتہ روز گٹ واٹر سپلائی میں چوری کرنے والے گرفتار مسروقہ سامان برآمد تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر چاغی حسین جان بلوچ کی خصوصی ہدایت پر تفتیشی آفیسر رسالدار جاوید، رسالدار سعید احمد اور کمانڈر کریم نوتیزئی کی سربراہی میں نوکنڈی میں گٹ واٹر سپلائی اسکیم میں چوری کرنے والے لمزموں کے خلاف کاروائی کرکے، دو ڈاکوؤں ل خدا بخش ولد محمد خان کلی زور آباد اور ظفر ولد عبدالحمید زور آباد نوکنڈی کو گرفتار کر لیا گرفتار ڈاکوؤں کہ نشاندھی پر چوری شدہ ڈیزل برآمد کرلیا گزشتہ روز نوکنڈی شہر وگرد نواح کو پانی سپلائی کرنے والا واحد واٹر سپلائی کو انھی ڈاکوؤں نے لوٹا تھا ڈپٹی کمشنر کے مطابق کسی کو امن وامان میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دیا جائیگا سرکاری املاک کو نقصانات پہنچانے والوں کو ہرگز معاف نہیں جائے گا ایسے عناصر کے پوری گروہ کی سرکوبی کیلیے ایسے کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہیگا

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مافیا ایک سازش کے تحت پرانا بازار جسے سرکار نے زبردستی ختم کر کے نئی بازار ٹاون شپ کے نام سے آباد کی تھی جہاں لوگوں نے کروڑوں روپے خرچ کر کے دکانیں اور مارکیٹ بنائے اور جسے بڑی محنت کے بعد آباد کی مگر افسوس اب لینڈ مافیا بس مالکان کے ذریعہ بس ٹرمینل کے نام سے شروع کر کے مستقبل میں پرانے بازار کو آباد کرنے کی منصوبہ بندی کررہی ہے جو کہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا بیان میں کہا گیا کہ نیوٹاون شپ میں بس ٹرمینل موجود ہے اور یہاں ایک خوبصورت اور صاف ستھرا بازار آباد ہونے کے باوجود ضلعی انتظامیہ کن طاقتوں کی وجہ سے پرانے بازار کو آباد کرنے کی اجازت دے رہی ہے اقتدار کی طاقت سے کچھ مافیاز یہاں زمینوں کو اونے پونے بیچ کر کمائی کے چکر میں ہے اس عمل سے تفتان شہر کے سینکڑوں تاجران ودکانداروں کو کروڑوں کے نقصانات اٹھانا پڑے گا اگر یہ عمل روک نہیں دی گئی تو نیشنل پارٹی تفتان کے دکانداروں ودیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر احتجاجی راستہ اپنائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انہوں نے مزید کہا کہ چمن عوامی تحریک کا ایجنڈا سات نکات پر مشتمل ہے 1 شناختی کارڈ اور پاسپورٹ اجرا کو آسان کیا جائے 2 خورد ونوش اشیا بغیر پرمٹ شہر لانے کے لئے ازادانہ اجازت دیجائے 3 پاک افغان بارڈر پیدل امدورفت کو آسان کیا جائے 4 شہر اور مضافات میں جتنے بھی منشیات کے اڈے ان کو ختم اور منشیات فروشوں کے خلاف قانونی کاروئی کیجائے 5 شہر میں امن وامان کو بحال کیجائے 6 پاک افغان لیگل ٹریڈ اور کسٹم کلیئرنگ ایجنٹس کے حائل رکاوٹوں کو دور کیجائے 7 سرکاری ہسپتالوں میں تعینات ڈاکٹرز اپنے فرائض کو اچھی طرح سرانجام دیں اور مریضوں کو ادویات فراہم کیجائے ان مزکورہ بالا سات ایجنڈوں پر چمن عوامی تحریک کا فوکس ہوگا سب سے پہلے ہم گڑنگ چیک پوسٹ کے مسئلے کو ضلعی انتظامیہ کے ساتھ زیر بحث لائینگے اگر یہ مسئلہ حل نہ ہوا تو ہمارا ائندہ کا لائحہ چمن کوئٹہ بین الاقوامی شاہراہ بطور احتجاج بند کردینگے۔

بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہائی وے کو ہرقسم ٹریفک کیلیے بلاک کردیا گیا جس سے ٹریفک کی لمبی قطاریں لگ گئیں مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ 6 ماہ سے موبائل نیٹ ورک کام نہیں کررہا بار بار روڈ پر مختلف قسم کے حادثات ہوتے ہیں ایمرجنسی میں 1122 کو بھی اطلاع نہیں دی جاسکتی انہوں نے کہا کہ ژوب میں جتنے ٹاورز نصف کئے گئے ہیں تمام کے تمام ناکارہ ہوچکی ہے بعض ٹاورز میں بیٹریاں ایکسپائر ہوچکیں ہیں جبکہ باقی ماندہ ٹاورز کے شمسی توانائی پلیٹیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے بار بار متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے بعدازاں۔ DC ژوب نیٹ ورک کمپنی اور سول جج ژوب سے کامیاب مذاکرات کے بعد روڈ ہرقسم ٹریفک کیلیے کھول دی گئی اور سول جج نے ذمہ داران کو فوری طور عدالت طلب کرلیا

بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بیان میں کہا کہ زرعی فیڈرز پر بجلی تو فیز کرنا سمجھ سے بالاتر ہیں واپڈا ہمیشہ سوتیلی ماں جیسے سلوک کررہی ہیں جب بجلی کی بلز کی ادائیگی شروع ہوجاتی ہیں تو واپڈا حکام بجلی تو فیز یا بند کرتی ہیں جس سے زمینداروں میں مایوسی کی لہر دوڑ جاتی ہیں بجلی بند کرنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ واپڈا حکام خود ہی بلز کی ادائیگی کے حق میں نہیں ہیں بجلی کی بندش میں زمیندار کسی صورت بلز کی ادائیگی نہیں کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ واپڈا فوری طور پر پورے اوتیج کے ساتھ بجلی فراہم کریں بصورت دیگر سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بنگلوئی کی والدہ گزشتہ روز طویل علالت کے بعد انتقال کرگئیں۔ مرحومہ کو سپرد خاک کردیا گیا ہے۔ فاتحہ خوانی کلی گل محمد سیدان کے جامع مسجد میں جاری ہے۔

بقیہ 46 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میر عبدالقدوس بزنجو نے واضع ہدایات جاری کیں ہیں کہ جن محکموں کے ٹیسٹ وانٹرویو اپریل تک مکمل ہوچکے تھے ان کو بھرتی کے آرڈر جاری کئے جائیں۔ ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا کہ اب عوامی منصوبوں افتتاح عوام خود کریں گے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کرنے کا حق عوام کو حاصل ہے جو کے عوام کے اپنے منصوبے ہیں ان پر کریڈٹ لینے اور غیر ضروری اخراجات کرنے کی کوئی گنجائش نہیں. عوامی کی خدمت اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ پر عزم رہیں گے . مشکلات و محدود وسائل کے باوجود عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتے ہیں. بہترین حکمت عملی پر عملدرآمد کرتے ہوئے بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کی بھرپور کوشش کی جائے گی.

بقیہ 47 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے دھرنے میں پہنچے جہاں انہوں نے بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سے مذاکرات کئے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بیوٹمز ملازمین کی دو ماہ کی تنخواہوں کی ادائیگی کی سمری منظور کرلی ہے ملازمین کو دو دن میں تنخواہیں ادا کردی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جامعات کے مالی مسائل کا مستقل حل کرنا چاہتی ہے اس سلسلے میں بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن کے وفد کی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کروائی جائیں گی۔ انہوں نے ملازمین سے درخواست کی کہ وہ دھرنا ختم کردیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

عمران خان نے ماضی کے مغرب نواز حکمرانوں کے انجام سے سبق نہیں سیکھا، حافظ حمداللہ

مغرب کی آغوش میں بیٹھ کر اسلامی ریاستوں کے اسلامی تشخص کو مٹانے والے خود مٹ چکے ہیں عمران خان نے ماضی کے مغرب نواز حکمرانوں کے انجام سے سبق نہیں سیکھا

امریکا اسرائیل اور دیگر کفریہ قوتوں کو پاکستان کے آئین میں موجود تحفظ ختم نبوت سمیت تمام اسلامی دفعات کے خاتمے کی یقین دہانی کرانے والوں نے ریاست مدینہ کا نعرہ لگا کر قوم کو دھوکا دیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی ترجمان اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سینیٹر مولانا حافظ حمداللہ نے کہا ہے کہ سیاست میں اقتدار نہیں اقدار مقدم ہوتے ہیں اقتدار کے نشہ میں مست فرعونی لہجے میں دوسروں کو رلانے کی باتیں کرنے والا آج خود رو رہا ہے مغرب کی آغوش میں بیٹھ کر اسلامی ریاستوں کے اسلامی تشخص کو مٹانے والے خود مٹ چکے ہیں عمران خان نے ماضی کے مغرب نواز حکمرانوں کے انجام سے سبق نہیں سیکھا انہی کے نقش قدم پر چل کر ذلیل و خوار ہوا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کراچی میں جمعیت علمائے اسلام کے زیر اہتمام منعقدہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی کانفرنس سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی امیر حضرت مولانا اللہ وسایا مولانا رضوان احمد اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ امریکا اسرائیل اور دیگر کفریہ قوتوں کو پاکستان کے آئین میں موجود (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

کسان اتحاد پاکستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ، ملک عصمت اللہ، میر عطاء اللہ لانگو، ملک امین اللہ کاکڑ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

میگا سٹی کے نام پر بدترین کرپشن بلوچستان کی تاریخ کی سیاہ ترین کرپشن ہے، این پی

مکران کے غریب عوام کی روزگار اور زندہ رہنے کیلئے واحد روزگار بارڈر ہے لیکن انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے

پنجگور (پ ر) نیشنل پارٹی پنجگور نے اپنے ایک بیاں میں ضلع میں میگا سٹی کے نام پر بدترین کرپشن اقربا پروری لوٹ مار اور بارڈر کے کاروبار پر برسر اقتدار جماعت کی بھتہ خوری ٹوکن اور جال سازی کے ذریعے اسٹیکر فروخت کرنا غریب اور بیروزگار لوگوں کے نام پر عوام کے خون چوسنے کی عمل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میگا سٹی کے نام پر بدترین کرپشن بلوچستا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 4)

غیر قانونی پٹرول پمپ پر پابندی قانونی پٹرول پمپ میں پٹرول مہنگا

جھل مگسی (یو این اے) غیر قانونی پٹرول پمپ پر پابندی قانونی پٹرول پمپ میں پٹرول مہنگا، جھل مگسی میں غیر قانونی پٹرول پمپ پر عاید پابندی سے قانونی پٹرول پمپ نے پٹرول مہنگا کر دیا۔ ایرانی پٹرول دو سو میں غیر قانونی پٹرول (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 3)

عوام کا پیسہ کسی بھی صورت میں ضائع نہیں ہونے دینگے، ڈی سی خضدار

عوامی اسکیمات بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کر کے ان سے عوام کو استفادہ کا موقع فراہم کر دیں

جہاں خامی یا کوتاہی نظر آیا اور یا دیانت و امانت کے برخلاف کوئی اقدام نظر آیا تو اس آفیسر یا اسٹاف کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی

خضدار (پ ر) ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد نے کہا ہے کہ محکمہ جات کے ذمہ داران عوامی اسکیمات بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کر کے ان سے عوام کو استفادہ کا موقع فراہم کر دیں، حکومت جس مقصد کے لئے رقم خرچ کر رہی ہے اس میں دیانت اور معیار کو ہر صورت میں ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ عوام کا پیسہ کسی بھی صورت میں ضائع نہیں ہونے دیں گے جہاں خامی یا کوتاہی نظر آیا اور یا دیانت و امانت کے برخلاف کوئی اقدام نظر آیا تو اس آفیسر یا اسٹاف کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج یہاں وہ اپنے آفس میں ایک سے زائد محکمہ جات کی بریفنگ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں محکمہ ایم ایم ڈی محکمہ زراعت، محکمہ سال انڈسٹریز محکمہ واٹر منیجمنٹ پاپولیشن ویلفیئر کی جانب سے بریفنگ ا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

آنے والی بجٹ سے عوام کی بڑی امیدیں ہیں، سکندر ایڈووکیٹ

صوبائی حکومت سے عوام دوست اور تمام علاقے کو برابری کی بنیاد پر فنڈ مختص کرے گی تا کہ بلوچستان محرومیوں کا خاتمہ ہو سکے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

جمعیت علماء اسلام ایک موثر قوت ہے جس نے اقتدار میں رہ کر یا اقتدار سے باہر عوامی مفادات کو ترجیح دی ہے عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

(صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 6)

مارکیٹ کمیٹی کے ملازمین کو بیروزگار کرنے کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، عابد بٹ

(صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 5)

مطالبات حل نہ ہوئے تو آج احتجاج مظاہرہ کریں گے، ساجد علی

پی ایم ڈی سی کے پانچ سو ریگولر ملازمین اور پانچ ہزار کول کنٹر مزدوروں کو قربانی کرنے کی تیاری کرلی

... رہنماء سعید اللہ، ساجد علی اور محمد نعیم نے کہا ہے کہ ہم نے اپنے مطالبات کے حل کے لئے حکومت کو الٹی میٹم دیا لیکن حکومت کی جانب سے کوئی شنوائی ہوئی اور نہ ہی ہمارے مطالبات حل کرنے پر غور کیا جس کے خلاف آج بروز مینگل کوئٹہ پریس کلب کے ... کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ عید الاضحیٰ بھی قریب ہے بلوچستان گورنمنٹ نے پی ایم ڈی سی کے پانچ سو ریگولر ملازمین اور پانچ ہزار کول کنٹر مزدوروں کو قربانی کرنے کی تیاری کرلی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 8)

سید فرید احمد شاہ کا یوسف رند کی اہلیہ کی وفات پر دکھ و افسوس کا اظہار

... منیر مگسی نے اپنے تعزیتی بیاں میں میونسپل کمیٹی ڈھاڈر کے وائس چیئرمین حاجی محمد یوسف رند کی اہلیہ کی وفات کو دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حاجی محمد یوسف رند سے ان کی اہلیہ حاجی آصف رند حاجی عامر رند حاجی لعل (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 7)

رخشان یونیورسٹی کا قیام' ہڑتال کی حمایت کرتے ہیں' سنی علماء کونسل

ہم اپنے مستقبل کے معماروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں' ترجمان

... ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق رخشان یونیورسٹی کے قیام کے حوالے سے خاران میں ہونے والے کامیاب شٹرڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے مستقبل کے معماروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ انہوں ... جس کی وجہ سے جرائم پیشہ بڑھ رہی ہے، طلباء اپنی مستقبل کو تاریک دیکھ کر مسلسل احتجاج میں ہیں لیکن بالا حکام ٹس سے مس نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم سب کا حق ہے اور آئین پاکستان بھی اس کی ضمانت دیتی ہے لیکن (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 9)

اوستہ محمد میں ڈکیتی وارداتیں، رہزنوں نے پھر لاکھوں کی ڈکیتی کرلی

... لی تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد میں ایک بار پھر ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں شروع ہو گئی ہیں بشیر احمد مینگل بروہی سے جیکب آباد روڈ نزد بکھرڑہ کے قریب دو موٹر سائیکلوں پر . چار ڈاکوؤں نے اسلحہ کیز دیر زدوکوب کر کے چھ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 10)

اے سی ڈیرہ مراد جمالی اسد سالانی کی تجاوزات کے خلاف کارروائی

دکانداروں کو سختی سے ہدایت جاری بعض نہ آنے والے دکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کرنے جائیں

... پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی اسد اللہ سالانی کی نگرانی میں ڈیرہ مراد جمالی قومی شاہراہ پر واقع دکانوں پر رکھی تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی رکھا گیا سامان ضبط کر لیا گیا گئی دکانداروں کو سختی سے ہدایت دیں گئی بعض نہ آنے والے دکانداروں پر ... پٹواری غلام رسول بزدار بھی تھے اسسٹنٹ کمشنر اسد اللہ سالانی نے تجاوزات کھڑی کرنے والے دکانداروں کو سختی سے ہدایت دیں کہ بازار میں تھڑے چھپرے کس صورت برداشت نہیں کریں گے تجاوزات اور سڑکوں (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 11)

مسلم باغ مختلف سکولوں کے طلباء اور عوام کا محکمہ پبلک ہیلتھ کے رویے کیخلاف شدید احتجاج

مظاہرے عارضی طور پر تین ایام کے لئے اسسٹنٹ کمشنر مسلم باغ جاراللہ کاکڑ کی یقین دہانی پر عوام اور سکولوں کو پانی فراہم کی جائیگی

آئے روز ہمارے حکمرانوں بلوچستان کے ترقی کے ڈھونگ رچاتے ہیں لیکن شدید گرمی میں پچاس ہزار کی آبادی کو پینے کے پانی سے محروم کر دیا

مسلم باغ (نامہ نگار) مسلم باغ کے مختلف سکولوں کے طلباء اور شہریوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ کے شدید گرمی میں پانی بند کرنے اور ٹیوب ویلز بند کرنے کے خلاف شدید احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین سے انجمن تاجران کے صدر محمد عارف کاکڑ، جنرل سکریٹری عبدالواسع کاکڑ اور مونسپل کمیٹی کونسلر لالا عبدالحکیم کاکڑ نے خطاب کیا۔ رہنماؤں نے محکمہ پبلک ہیلتھ کے سکریٹری کے رویہ کی شدید الفاظ میں مزمت کی کہ مزکورہ سکریٹری کو اس شدید گرمی میں بھی عوام کا کوئی خیال نہیں آیا۔ گزشتہ مالی سال 2021.22 اور رواں سال 2022.23 کے بجٹ سے مسلم باغ سب ڈویژن کے چودہ 14 ٹیوب ویلز کے بجلی بقایاجات کی مد میں ایک دو پیہ بھی جمع نہیں کیا اور واپڈا حکام نے تمام ٹیوٹ ویلز کی بجلی منقطع کر دی۔ آئے ر (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 12)

ناقص حکمت عملی کے باعث گزشتہ سال سیلاب کی نذر ہونے والا پنجرہ پل تاحال نہ بن سکا

سینکڑوں کی تعداد میں دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں اخبارات کی ترسیل بھی بند' عوام پریشان

سبی (پ ر) باکمال لوگ لاجواب محکمہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی ناقص حکمت عملی کے باعث گزشتہ سال سیلاب کی نذر ہونے والا پنجرہ پل تاحال نہ بن سکا این 65 پر سفر کرنا مسافروں ٹرانسپورٹرز کے لئے وبال جان بن گیا بارش ہو تب بھی راستہ بند کوئی ٹرالر گر جائے تب بھی راستہ بن سفر کو نے والے مسافر شدید گرمی میں بدحالی کا شکار پنجرہ پل کے مقام پر ٹرالہ الٹنے کے باعث ٹریفک دو روز سے معطل سینکڑوں کی تعداد میں دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں اخبارات کی ترسیل بھی بند' تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سبی قومی شاہراہ پنجرہ پل کے مقام پر ٹرالہ الٹنے کے باعث ٹریفک دو روز سے معطل ہو گی ٹریفک معطل ہونے کے باعث دونوں جانب سینکڑوں گاڑیاں (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 16)

حکومت تمام تر مشکلات کے باوجود عوام دوست بجٹ بنانے جا رہی ہے، سکندر عمرانی

بجٹ سے بلوچستان کی ترقیاتی عمل میں مددگار ثابت ہوں گے اور بے روزگاری کے خاتمے کے لئے ایک اہم پیش رفت ہوگی' پارلیمانی سیکرٹری

وزیر اعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ٹھوس پالیسی کی بدولت وفاقی حکومت اس چیز پر مجبور ہو گئے کہ انہوں نے بقایاجات ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی

کوئٹہ (پ ر) پارلیمانی سیکرٹری برائے ریونیو میر سکندر عمرانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت تمام مشکلات کے باوجود عوام دوست بجٹ بنانے جا رہی ہے امید کی جاتی ہے کہ اس بجٹ سے بلوچستان کی ترقیاتی عمل میں مددگار ثابت ہوں گے اور بے روزگاری کے خاتمے کے لئے ایک اہم پیش رفت ہوگی' یہ بات انہوں نے پ ر سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کو اپنا سمجھتے ہیں اور عوامی مفادات کیلئے ہمیشہ کردار ادا کیا ہے آنے والی بجٹ بھی عوام دوست بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے حالانکہ اس وقت بلوچستان میں مالی بحران کا مسئلہ بھی درپیش ہے وفاق کے ذمہ صوبے کے جو بقایاجات ہے اس کی ادائیگی اب تک نہیں ہوئی لیکن وزیر اعلی بلوچستان میر عبدالقدوس (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر بلال بشیر کے ضلع شیرانی کے لئے حالیہ اقدامات قابل تحسین ہیں' بلال شیر

شیرانی کے سیاسی پارٹیوں سماجی، قبائلی اور نوجوانوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ضلع کی ترقی میں ڈپٹی کمشنر کا ساتھ دیں

ژوب (پ ر) مرکزی انجمن تاجران کے ضلعی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) بلال بشیر کے ضلع شیرانی کے لئے حالیہ اقدامات قابل تحسین (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 13)

ہم اپنے مستقبل کے معماروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، سنی علما کونسل ضلع خاران

خاران (یو این اے) سنی علما کونسل ضلع خاران کے ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق رخشان یونیورسٹی کے قیام کے حوالے سے خاران میں ہونے والے کامیاب شٹرڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے مستقبل کے معماروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 14)

سبی میں عید قربان قریب آتے ہی مویشی منڈیاں سج گئیں

گردونواح بے شمار خوبصورت جانور خریداروں کا منہ تکنے لگے

سبی (پ ر) سبی میں عید قربان قریب آتے ہی مویشی منڈیاں سج گئیں، گردونواح بے شمار خوبصورت جانور خریداروں کا منہ تکنے لگے مالدار بھی مہنگائی کے باعث پریشان بکرا منڈی میں سہولیات کا فقدان' تفصیلات کے مطابق عیدالضحیٰ پر قربانی کی خواہش لئے فرزندان اسلام نے مویشی منڈیوں کی رونقیں بڑھا دیں۔ بس اڈہ الہ آباد سبی کے علاوہ مویشی بکرا منڈی نور پور روڈ کی مویشی منڈی میں چھوٹے بڑے جانوروں کی بھرمار ہونے کے باوجود خرید و فروخت نہ ہونے کے برابر ہے۔۔۔گائے، بکروں اونٹ سمیت قربانی کے دیگر جانوروں کی قیمتیں آ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 15)

الیاس جمیل کبوہ دوسری مرتبہ رپورٹرز پریس کلب حب کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے

حب (شاہد سنیاں) رپورٹرز پریس کلب حب کے اہم عہدوں پر الیکشن کا عمل جاری رہا مقابل میدوار نہ آنے کی صورت میں الیاس جمیل کبوہ دوسری مرتبہ رپورٹرز پریس کلب حب کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے انتخابات الیکشن کمشنر غلام رسول انگاریہ کی نگرانی میں منعقد ہوئے صدر کے لئے الیاس جمیل کبوہ نیکا غذات نامزدگی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 27)

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے راکین تادم مرگ بھوک ہڑتال کر رہے ہیں

کوئٹہ، جے یو آئی کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت واستحکام پاکستان ریلی نکالی جا رہی ہے

سبی کی نصف آبادی والا علاقہ پینے کے صاف پانی سے محروم

سبی (یو این اے) سبی کی نصف آبادی والا علاقہ پینے کے صاف پانی سے محروم، لوگ الہ آباد کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 18)

سیاست کو عبادت سمجھ کر کر رہے ہیں، عبدالغفار شمبیز ہی

بلوچستان نیشنل پارٹی ایک طویل اور مسلسل جہد و جہد کا نام ہے

پنجگور (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کے ضلعی صدر حاجی عبدالغفار شمبیز ہی نے کہا ہے کہ بلوچستان نیشنل پارٹی ایک طویل اور مسلسل جہد و جہد کا نام ہے۔ بی این پی واحد جماعت ہے جو کہ ہر قسم کے گروہی، نسلی، علاقائی اور منفی سوچ سے بالاتر ہو کر عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ بی این پی ہر مثبت اقدام کی حمایت کرتا ہے اور ہر اس عمل کی مخالفت کرے گا جو عوامی مفادات کے خلاف ہو۔ ناجائز اور غلط کام کرنے والے اداروں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑا رہیں گے۔ تمام سرکاری محکموں کی فعالی اور کرپشن سے پاک ماحول کے خواہان ہیں۔ بی این پی ایک (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 17)

پنجرہ پل کی عدم تکمیل کے باعث کل کچھی بار ایسوسی ایشن عدالتوں کا بائیکاٹ کرتی ہے، محمد اقبال گولہ

بولان (نامہ نگار) کچھی بار ایسوسی ایشن کے صدر محمد اقبال گولہ نے اپنے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا ہے کہ کل مچھ، ڈھاڈر اور بھاگ میں تمام وکلاء پنجرہ پل کی عدم تعمیرات کی وجہ سے اور حکومت بلوچستان کی نااہلی سے مسافروں کو آ؟ روز قومی شاہراہ این اے 65 کی بندش کے باعث عدالتوں کے با؟ یکاٹ کا اعلان کر (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 21)

دعوت اسلامی اپنے سیلاب متاثرہ اسلامی بھائیوں کی ہر ممکن مدد کر رہا ہے، شفاعت عطاری

سیلاب متاثرین کی بحالی سمیت گھروں کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

گنداخہ (نور حسن جمالی) دعوت اسلامی کے ذیلی شعبے ایف جی آر ایف کے نگران حاجی شفاعت عطاری نے سماجی رہنما انسان دوست شخصیت میر محمد یوسف خان رند کے ہمراہ گنداخہ کے قریب گاؤں عارف بروہی میں سیلاب متاثرین کیلئے دعوت اسلامی کے شعبے ایف جی آر ایف کی جانب سے بنائے گئے گھروں کے سیلاب متاثرین میں چابیاں تقسیم کرنے کی سادہ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 22)

ضلعی زکواۃ آفیسر جھل مگسی کا اعلامیہ

گنداواہ (پ ر) ضلعی زکواۃ وعشر کمیٹی جھل مگسی کے آفیسر جھل مگسی سید احسان شاہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق ضلع جھل مگسی کے تمام مستحق طلبا و طالبات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مالی سال 2023_24 تعلیمی وظائف وذکواۃ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 19)

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کریم جمالی کا زیر تکمیل ناگ گرڈ اسٹیشن کا دورہ

چیف ایگزیکٹو کیسکو نے ناگ گرڈ اسٹیشن اور مکمل ہونے والے ٹرانسمیشن لائن کے کام پر اطمینان کا اظہار کیا

خاران (پ ر) چیف ایگزیکٹو کیسکو بلوچستان حاجی عبدالکریم جمالی اور پی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 20)

خضدار، ڈپٹی کمشنر خضدار جمیل احمد محکمہ جات کے آفیسرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت وقت و ضلعی انتظامیہ نجی منی پیٹرول پمپس بند کر کے عوام کا معاشی قتل کر رہے ہیں، جمیل شاہوانی

حب (شاہد سنیاں) مسلم لیگ ن قلات ڈویژن صدر میر جمیل شاہوانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ آئی جی پولیس اور ضلعی انتظامیہ منی پمپس پر پابندی کی بجائے قیمت برقرار رکھنے کیلئے اقدامات اٹھائے، ایک طرف مہنگائی اور بے روزگاری تو دوسری جانب حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ نجی منی پیٹرول (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 24)

نوڈیرو و گرد نواح میں بدامنی عروج پر پہنچ گئی

نامعلوم ڈکیتوں کی ڈکیتی مزاحمت پر نوجوان کامران ولد گلاب بھٹو کو گولیاں لگا کر بیدردی سے قتل کر دیا

نوڈیرو (نامہ نگار) نوڈیرو و گرد نواح میں بدامنی عروج پر پہنچ گئی نامعلوم ڈکیتوں کی ڈکیتی مزاحمت پر نوجوان کامران ولد گلاب بھٹو کو گولیاں لگا کر بیدردی سے قتل کر دیا، تفصیلات کے مطابق نوڈیرو کے نزدیک گاؤں کوٹ بھٹو کے سم نالا پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکوں نے نوجوان کامران ولد گلاب بھٹو سے موبائل فون ڈکیتی کرنے کی کوشش کی تو نوجوان نے مزاحمت (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 23)

تمام مری قبائل آپس میں پیار و محبت پیدا کریں، جنگیز خان مری

پورے ملک کی مری برادری کو ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظم کرنے کیلئے جامعہ منصوبہ بندی کے تحت اقدامات اٹھائے جائیں گے

اوتھل (یو این اے) مری قبائل کے نواب جنگیز خان مری سے لسبیلہ مری برادری کے سربراہ وڈیرہ صوبہ خان مری کا کوئٹہ مری ہاوس میں اہم ملاقات علاقائی صورتحال پر گفتگو پورے ملک میں مری برادری کو یکجا کرنے اور ان میں معمولی معمولی رنجشوں کو ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظم کرنے پر زور دیا گیا تفصیلات کے مطابق ملاقات کے بعد لسبیلہ مری برادری کے سربراہ وڈیرہ صوبہ خان مری نے نواب جنگیز خان مری کو اس بات کا زور دیا کہ ہمارے مری قبائل کی آپس کی رنجش کی وجہ سے ٹوٹ گئے ہیں جب تک ہم آپس میں بیٹھ کے مسئلے کا حل نہیں نکالے گے تب تک مری قبائل کا ترقی ممکن نہیں، نواب جنگیز خان مری نے وڈیرہ صوبہ خان مری کو یقین دہانی کرا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 26)

تعلیم تربیت کے بغیر اور تربیت تعلیم کے بغیر نامکمل ہے، سردار آصف خان

ملک میں خصوصا ہمارے علاقے میں تعلیم اور تربیت کی کمی ہے اسلئے سے اور تربیتی اداروں کا بننا اس علاقے کے لئے خوش آئند ہیں

اس ادارے کا مقصد درد صرف صرف دنیاوی تعلیم دینا نہیں ہے بلکہ اس ادارے میں میں دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم پر پر زور دیا جائے گا

مسلم باغ (نامہ نگار) مسلم باغ میں اوریجن آف نالج اکیڈمی کا افتتاح کیا گیا۔ ابتدائی تقریب میں مسلم باغ کے قبائلی و سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ جس میں اوریجن آف نالج اکیڈمی کے ڈائریکٹر محمد رفیق، میونسپل کمیٹی کے چیئرمین سردار محمد آصف خان، ایڈووکیٹ عبدالنافع کاکڑ، جمعیت نظریاتی کے ضلعی امیر حاجی مسیح اللہ کاکڑ، قبائلی رہنما ملک رمضان کاکڑ، ریٹائرڈ اساتذہ حاجی عبدالنافع، محمد اکبر اور دیگر، انجمن تاجران کے صدر محمد عارف اور دیگر شہر کے قبائلی و سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی کے چیئرمین سردار محمد آصف خان نے کہا کہ ملک میں خصوصا ہمارے علاقے میں تعلیم اور تربیت کی کمی ہے اسلئے سے اور تربیتی اداروں کا بننا اس علاقے کے لئے خوش (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 25)

مسلم باغ، میونسپل کمیٹی کے چیئرمین سردار محمد آصف خان و دیگر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY
e-Bidding System
شفاف، تیز اور جدید

CORRIGENDUM-II
INVITATION FOR e-BIDS
PROCUREMENT FOR OPERATIONS, MANAGEMENT & MAINTENANCE (OM&M) OF
11x (MANUAL) TOLL PLAZAS ON NATIONAL HIGHWAYS
AND COLLECTION OF TOLL REVENUE ON NET GUARANTEED MONTHLY
FIXED REVENUE BASIS ENDING TILL 30.06.2024

Reference:
i) Ife-Bids Notice for the subject procurement works published in National Dailies dated **May 25, 2023** and also uploaded on NHA & PPRA websites.
ii) Corrigendum-I Notice for the subject procurement works published in National Dailies dated **June 10, 2023** and also uploaded on NHA & PPRA websites.
1. With Reference to Ife-Bids and Corrigendum-I Notices referred to above, it is to inform all concerned that with the approval of Competent Authority the bid submission date for subject procurement works has been extended till **June 19, 2023 (Monday).**
2. The Technical and Financial e-bids will now be received in **NHA Zonal Office (Peshawar) of Respective Toll Plazas** and can be uploaded on NHA e-Bidding website or before **June 19, 2023 until 1200 Hours.** Technical e-Bids will be opened on the same day at **1230 Hours.**
3. All other terms and conditions shall remain the same.

PID (I) No. 7735/22
MEMBER (NORTH-ZONE)
National Highway Authority (Peshawar) – Ministry of Communications
NHA Complex, Chamkani Interchange, Main GT Road, Peshawar
Tel: 091-9225000, Email: member-n-z@nha.gov.pk
Websites: www.ebidding.nha.gov.pk & www.ppra.org.pk

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 081-2828822 فیکس نمبر 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

صحافی کی تگڑی آواز

وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ جب تک صحافی کی آواز تگڑی ہے جمہوریت پر حملہ نہیں ہوسکتا، ناانصافی کا دور ختم ہو چکا، اب ملک میں خوشحالی کا سفر شروع ہو گیا ہے، نفرت اور انتشار نہیں اتحاد کی ضرورت ہے۔ پیر کو حکومت کی جانب سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی ہیلتھ انشورنس کے اعلان پر وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ جس طرح صحافیوں نے استقبال کیا الفاظ موجود نہیں ہیں، پی ایف یو جے، آر آئی یو جے کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ناانصافی کا دور ختم ہو چکا، اب ملک میں خوشحالی کا سفر شروع ہو گیا ہے، نفرت اور انتشار نہیں اتحاد کی ضرورت ہے، اتحادی حکومت نے کسی صحافی پر ظلم اور تشدد نہیں کیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ شہباز شریف اپوزیشن میں تھے تو تمام صحافی ہمارے چیمبر میں آتے تھے، یہ صحافیوں کا حق تھا، پیمرا کے قانون میں پہلی بار کاؤنسل آف کمپلین بنائی گئی ہے، جس صحافی کو جو شکایت ہو وہ کونسل میں رجسٹر کرا سکتا ہے، پریس کلب کی کرسی پر اپنے آپ کو بہادر پاتی ہوں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایک وقت تھا پارلیمنٹ کے دروازے صحافیوں کے لیے بند تھے، جب پارلیمنٹ کے دروازے ہم پر بند تھے تو پریس کلب کے دروازے ہم پر کھولے گئے، ایک وقت میں آزادی صحافت پر مکمل پابندی تھی، آج تک کسی نے حساس تنصیبات پر حملہ کرنے کی ہمت نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ 4 سال میں میڈیا پر قدغنیں لگائی گئیں، پی ایم ڈی اے کی صورت میں کالا قانون لانے کی کوشش کی گئی، صحافتی برادری جب سامنے کھڑی ہوئی تو وہ بل نافذ نہ ہوسکا، نواز شریف کے خلاف جب پانامہ کیس کا فیصلہ آیا تو ہم نے کوئی پتہ نہ توڑا، یہاں جی ایچ کیو پر حملے کیے گئے شہدا کی یادگاروں کو روندا گیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ سکیورٹی اینڈ سیفٹی آف جرنلسٹ کا بل بھی وزارت کے پاس آچکا ہے، اس بل میں ایکسیڈنٹس اور دوران رپورٹنگ شہید ہونے والے صحافیوں کا ڈیتھ کلیم بھی شامل ہوگا، میڈیا ورکرز کی کم از کم تنخواہ 35 ہزار روپے کے احکامات متعلقہ فورم پر بھیجے جا چکے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ 4 سال آپ لوگوں نے سینسر شپ کے خلاف آواز اٹھائی، آپ سب کی جانب سے جمہوریت کا ساتھ دیا گیا، جب تک صحافی کی آواز تگڑی ہے جمہوریت پر حملہ نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ لاکھ سازشیں ہوں ہزاروں لوگ آجائیں، جس لیڈر کی جڑیں عوام کے ساتھ جڑی ہوں اس کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی، اس کی زندہ مثال میاں محمد نواز شریف ہیں۔

پاکستان۔ عمرانی نشانے پر

اصغر علی شاد

یہ امر کسی تعارف کا محتاج نہیں کہ 9 مئی کو جو دلخراش واقعات پیش ائے ان کا محرک پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان ہی تھے اور ان ہی کے ایما پر پچھلے ایک برس میں ایسا بیانیہ ترتیب دیا گیا جس میں پاکستان اور پاک فوج کو براہ راست نشانہ بنایا گیا۔ ایسے میں جو مصدقہ شواہد تسلسل کے ساتھ سامنے ارہے ہیں ان سے اس سارے معاملے کی لحہ بالحہ تفصیلات لگ بھگ ساری دنیا کے سامنے اچکی ہیں ایسے میں ایک غیر جانبدار مبصر کی رائے درست نظر اتی ہے کہ شاعر منیر نیازی نے درست ہی کہا تھا کہ"

جو ہویا ایہہ ہونا ای سی
تے ہونی روکیاں رکدی نئیں
اِک واری جدوں شروع ہو جاوے
گل فیر اینویں مکدی نئیں

یہاں یہ امر بھی توجہ کا حامل ہے کہ یہ صورتحال کسی اچانک عمل کا نتیجہ نہیں بلکہ موصوف نے بڑی محنت اور عرق ریزی کے بعد معاملات کو اس نہج تک پہنچایا۔ سبھی جانتے ہیں کہ انہوں نے اپنی حکومت کے خاتمے کے بعد مسلسل 55 جلسے کئے اور وہ ان جلسوں میں تواتر کے ساتھ ایک ہی بات دہراتے رہے کہ خوف کے بت توڑ دو اور میدان عمل میں نکلو اور خود ڈرنے کی بجائے اگے سے ان کو ڈراو اور وہی کرو جو چند سال پہلے ترکی میں ہوا۔ ظاہری بات ہے کہ اس سارے پس منظر میں موصوف کا ہدف پاک فوج اور قومی سلامتی کے ادارے تھے اور پھر اگست 2022 کے پہلے ہفتے میں پاک فوج کی سدرن کمانڈ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز اور ان کے ساتھیوں کی شہادت پر پی ٹی ائی کی جانب سے جو مکروہ ٹرینڈ چلائے گئے ان کا تصور بھی کوئی عام پاکستانی نہیں کرسکتا۔ اس موقعے پر انتہائی تضحیک امیز لب و لہجے میں شہداء کا مذاق اڑایا گیا۔ علاوہ ازیں اعظم سواتی، شہباز گل وغیرہ نے جو ہتک امیز گفتگو کی وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں اور اس کھلے راز سے تو اب ہر ذی شعور واقف ہو چکا ہے کہ ان تمام معاملات کا محرک عمران خان ہی تھا۔ یہ بات بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ ارشد شریف کی موت کو جو رنگ دیا گیا اس کے پیچھے بھی موصوف کی ذات ہی تھی اور اسی کے ساتھ ساتھ جمیل فاروقی اینڈ کمپنی نے پاک فوج اور قومی سلامتی کے اداروں کے خلاف جو زہر اگلا، اس کے پیچھے بھی ایک ہی شخصیت اور اس کے حواری تھے۔ اس تمام صورتحال کا جائزہ لیتے سنجیدہ حلقوں نے کہا ہے کہ ایک جانب عمران خان نے پاک فوج کی قیادت کو تواتر کے ساتھ نام لے کر نشانہ بنایا اور دوسری طرف مودی اور اس کے ساتھیوں کو خود داری کا علمبردار قرار دیتے ہوئے کشمیریوں کے زخم پر مسلسل نمک پاشی کی اور یہ سلسلہ ایک برس جاری رہا۔ ایسے میں بجا طور پر بی جے پی کو تقویت ملی جس کے نتیجے میں پاک افواج اور ائی ایس ائی کو حرف تنقید بنانا بھارتی میڈیا کا پسندیدہ مشغلہ بن گیا جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے انہوں نے پاک فوج خصوصا ائی ایس ائی کی تنقید میں ایسے ایسے من گھڑت افسانے تراشے کہ جن کا تصور خود بھارت بھی نہیں کر سکتا تھا۔ بہر کیف اسی تناظر میں چند روز قبل پاک افواج کی فارمیشن کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں سپہ سالار نے کہا کہ ریاست پاکستان اور مسلح افواج، شہداء پاکستان اور ان کے اہلخانہ کو انتہائی احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہیں اور ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ سراہتی رہیں گی، پاکستان کے عوام اور مسلح افواج کا اپس میں گہرا تعلق ہے جو قومی سلامتی میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکورٹی فورسز پر پر تشدد حملے، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور سیاسی سرگرمیوں کو روکنے کے بے بنیاد الزامات کا مقصد عوام کو گمراہ کرنا اور مسلح افواج کو بدنام کر کے مذموم سیاسی مفادات کا حصول ہے۔ ملک دشمن عناصر اور ان کے حامی، جعلی اور بے بنیاد خبروں اور پروپیگنڈہ کے ذریعے معاشرتی تفرقہ اور انتشار پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں مگر بگاڑ پیدا کرنے کی اور فرضی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے پیچھے پناہ لینے کی تمام تر کوششیں بے سود ہیں اور اس ضمن میں جمع کیے گئے ناقابلِ تردید شواہد کو نہ تو جھٹلایا اور نہ ہی بگاڑا جاسکتا ہے

وفاقی بجٹ: خواب اور حقیقت

حکیم سید محمد محمود سہار نپوری

9 جون کو قومی اسمبلی میں سالانہ میزانیہ برائے 2023-24 پیش کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اسحٰق ڈار نے قوم کو یقین دلایا کہ موجودہ بجٹ اقتصادی صورتحال میں مثبت بدیلی کا شاخسانہ بنے گا، یہی نہیں بجٹ سے معاشی اور کاروباری سرگرمیوں کو سپورٹ بھی ملے گی جس کا اثر براہ راست سماجی، عوامی، کاروباری اور معاشرتی زندگی پر پڑے گا۔ وفاقی بجٹ کو حکمران اتحاد عوام دوست اور بزنس فرینڈلی قرار دے رہے ہیں۔ حزب اختلاف کا کہنا ہے کہ بجٹ اعداد وشمار کی جادوگری کے سوا کچھ نہیں!! وفاقی بجٹ میں ترقیاتی امور کیلئے 1100 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس بڑی اور خطیر رقم سے تعمیراتی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے نئے دروازے کھلنے کی نوید سنائی گئی ہے وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے 144 کھرب 60 ارب روپے کا بجٹ پیش کیا۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 35 فیصد تک ایڈہاک اضافے کی نوید سنائی گئی۔ بجٹ میں نئے ٹیکسز لگانے سے گریز کیا گیا ہے جبکہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے 11 کھرب 50 ارب روپے کی تاریخی رقم مختص کی گئی ہے اور دفاعی اخراجات میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ کے مطابق اگلے سال ایف بی ار محاصل کا تخمینہ 92 کھرب روپے ہے جس میں صوبوں کا حصہ 52 کھرب 76 ارب روپے روپے ہوگا۔ وفاقی نان ٹیکس محصولات 29 کھرب 63 ارب روپے ہوں گے۔ وفاقی حکومت کی کل امدن 68 کھرب 87 ارب روپے ہوگی۔ دفاع کے لیے 18 کھرب 4 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، گزشتہ مالی سال دفاعی بجٹ 15 کھرب 23 ارب روپے تھا جس میں اس سال اضافہ کیا گیا۔ سول انتظامیہ کے اخراجات کیلئے 7 کھرب 14 ارب روپے مہیا کیے جائیں گے۔ پنشن کی مد میں 7 کھرب 61 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بجلی، گیس اور دیگر شعبہ جات کے لیے 10 کھرب 74 ارب روپے کی رقم بطور سبسڈی رکھی گئی ہے۔ ازاد کشمیر، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا میں ضم شدہ اضلاع، بے نظیر پروگرام، ہائیر ایجوکیشن کمیشن، ریلویز اور دیگر محکموں کیلئے 14 کھرب 64 ارب روپے کی گرانٹ مختص کی گئی ہے۔ اگلے مالی سال کے لیے معاشی شرح نمو 3.5 فیصد رہنے کا تخمینہ بتایا گیا ہے جبکہ افراط زر کی شرح اندازاً 21 فیصد تک ہوگی۔ بجٹ خسارہ 6.54 فیصد اور Surplus Primary جی ڈی پی کا 0.4 فیصد ہوگا۔ اگلے مالی سال کے لیے برامدات کا ہدف 30 ارب ڈالر جبکہ ترسیلات زر کا ہدف 33 ارب ڈالر ہے۔ بجٹ تجاویز میں کہا گیا ہے کہ قانونی طریقے سے زرمبادلہ کو فروغ کے لیے کئی مراعات دی گئیں۔ بجٹ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ نان فائلر افراد کی جانب سے بینک سے رقم نکلنے کو دستاویزی اور ان کی ٹرانزیکشن کے اخراجات بڑھانے کیلئے 50 ہزار روپے سے زائد کی رقم نکالنے پر 300 فیصد کی شرح سے ٹیکس عائد کیا جارہا ہے۔ اسلام اباد کی حدود میں ائی ٹی سروسز پر سیلز ٹیکس کی موجودہ شرح کو 15 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کی جارہی ہے، اس کے علاوہ ائی ٹی کے شعبے میں قرضہ جات کی فراہمی کو ترغیب کے لیے بینکوں کو اس شعبے میں 20 فیصد کے رعایتی ٹیکس کا استفادہ حاصل ہوگا، اگلے مالی سال میں 50 ہزار ائی ٹی گریجویٹس کو فنی تربیت دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ زرعی قرضوں کی حد کو رواں مالی سال میں 1800 ارب سے بڑھا کر 2250 ارب روپے کر دیا گیا ہے۔ بجلی اور ڈیزل کے بل کسان کے سب سے بڑے اخراجات میں شامل ہیں لہٰذا اگلے مالی سال میں 50,000 زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے لیے 30 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ معیاری بیج ہی اچھی فصل کی بنیاد ہے ملک میں معیاری بیجوں کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے ان کی درامد پر تمام ٹیکسز اور ڈیوٹیز ختم کرنے کی بات بھی کی گئی۔ محبان پاکستان سوال کرتے ہیں کہ حکمرانوں نے ترقیاتی امور میں بہت دلچسپی ظاہر کی جو شعبہ قومی زندگی کو اکسیجن مہیا کریگا اس کی طرف سرسری نگاہ ڈالی گئی۔ معیاری بیج ہی اچھی فصل کی بنیاد ہے ملک میں معیاری بیجوں کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے ان کی درامد پر تمام ٹیکسز اور ڈیوٹیز ختم کرنے کی بات بھی کی گئی۔ محبان پاکستان سوال کرتے ہیں کہ حکمرانوں نے ترقیاتی امور میں بہت دلچسپی ظاہر کی جو شعبہ قومی زندگی کو اکسیجن مہیا کریگا اس کی طرف سرسری نگاہ ڈالی گئی حکومت تعلیم اور صحت کی سالانہ گرانٹ میں اضافہ کر دیتی ہے تو اس سے دونوں شعبوں کو درپیش مسائل سے نکالنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ درست ہے کہ قیام پاکستان کے بعد اب تک ایوان اقتدار میں انے والوں نے دونوں شعبوں کو اپنی ترجیح میں شامل نہیں کیا، تعلیم اور صحت حکمرانوں کی ترجیح اول ہوتا تو اج پاکستان میں ہسپتالوں اور طبی مراکز کی یہ صورتحال نہ ہوتی، اسلام اباد کی ابادی 25 لاکھ سے متجاوز ہے۔ وفاقی دارالحکومت کے بے مثال شہریوں کیلئے صرف دو ہسپتال (پمس اور پولی کلینک) ہیں۔ کیا 25 لاکھ ابادی کے حامل شہر کو دو ہسپتال طبی سہولت دے سکتے ہیں۔ راولپنڈی کی ابادی اسلام اباد سے کئی گنا زیادہ ہے۔ یہاں 10 ہسپتالوں کی ضرورت ہے کیا چار پانچ ہسپتال شہریوں کی ضرورت اور خدمت کیلئے کافی ہیں؟ ہمارے وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور وزیر خزانہ سینیٹر اسحٰق ڈار سے درخواست ہے کہ وہ بجٹ منظوری اور اس کے نفاذ سے قبل تعلیم اور صحت کی گرانٹ میں دونوں کی ضرورتوں کے مطابق اضافہ کرادیں، ایسا ہوگا تو انسانی ترقی کا خواب پورا ہوگا۔ میں یہاں وزیر اعظم سے التجاء کروں گا کہ رواں ماہ کے اغاز میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوئیں۔ یہ کمی دوسری بار ہوئی ہے۔ دوبار نرخ کم کرکے اس کے ثمرات عوام تک پہنچے نہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کم ہوئیں۔ حتیٰ کہ ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی جوں کے توں ہیں۔ جب عوامی حلقوں کا پریشر بڑھا تو وزیر اعظم میاں شہباز شریف کو اس کا نوٹس لینا پڑا۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہر کام کا نوٹس لینا صرف وزیر اعظم کی ذمہ داری ہے، سرکاری مشینری اپنی ذمہ داری کب پوری کریگی؟

معاشی استحکام کا خواب کب پورا ہوگا؟

سہیل اقبال بھٹی

وطن عزیز میں گزشتہ چار برسوں سے معیشت، سیاست، صنعت، سرمایہ کاری سمیت دیگر شعبوں میں جو تباہی ہوئی ہیا اس کو بھی ٹھیک کرنے میں طویل عرصہ لگے گا۔ جن لوگوں نے ملکی سیاست اور معیشت کا بیڑا غرق کیا اور قوم کو مہنگائی، لاقانونیت اور دیگر سنگین مسائل کے دلدل میں میں دھکیل دیا اب ان میں سے بیشتر لوگ اج نئی سیاسی کشتی میں سوار ہو رہے ہیں۔ نئی سیاسی جماعت میں شامل ہوتے ہی یہ لوگ خود کو 9 مئی کے سیاہ ترین واقعات سے بری الذمہ قرار تو دیدیا لیکن وہ مناظر تاحیات ان کا پیچھا نہیں چھوڑیں گے۔ بظاہر وہ سنگین ترین جرائم سے بری ہوگئے مگران کی وجہ سے یا ان کے اکسانے سے جن نوجوانوں نے اخلاقیات اور قانون کی دھجیاں بکھیرتے ہوئے سرکاری اور فوجی تنصیبات کو اگ لگائی، توڑ پھوڑ کی اور ریاست کی رٹ چیلنج کیا وہ اب قانون کے شکنجے میں پھنس چکے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگ لگانے اور توڑ پھوڑ کرنے والوں کو تو بلاتفریق چن چن کر پکڑا جارہا ہے لیکن جن سیاسی رہنماوں نے ان کی ذہن سازی کی، نوجوانوں کے ذہنوں میں نفرت کے بیج بوئے اور اپنے ورکروں کو ایسے کرنے پر تیار کیا جس کی ملکی تاریخ میں مثال نہیں ملتی تو گناہگار صرف وہ غریب اور عام ورکر کیوں ٹھہرے؟ اصل منصوبہ ساز اور یا سہولت کار کیسے بے گناہ ہوسکتے ہیں؟ کیا بااثر افراد کے لیے الگ قانون ہے اور عام شہری کے لیے الگ؟ ایسا دہرا معیار کیوں؟ کیوں محض ایک پریس کانفرنس اور 9 مئی کے واقعات کی معمولی مذمت پران بااثر سیاستدانوں کو معاف کردیا جاتا ہے؟ اگر یہی قانون ہے اور یہی انصاف کے تقاضے ہیں تو پھر ان عام مجرموں کو بھی پریس کانفرنس کرنے کا موقع کیوں نہیں دیا جاتا؟ اس میں رتی بھر شک نہیں کہ چیئرمین پی ٹی ائی کی گرفتاری کے بعد مشتعل پارٹی ورکروں نے ناقابل معافی جرم کیے جن کی ان کو سزا ملنی چاہیے تاکہ وہ ائندہ کبھی ایسے حرکت کرنے کا سوچیں بھی نہیں۔ لیکن اگر سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں کو ڈھیل کے طور پر چھوڑ دیا جاتا ہے، ان کے لیے دوسری پارٹیوں میں شمولیت کا راستہ بھی صاف کردیا جاتا ہے تو کون یہ گارنٹی دے گا کہ یہ لوگ کل کوئی اور واردات نہیں ڈالیں گے۔ جن لوگوں نے اپنے ذاتی مقاصد اور سیاست کے لیے اج غریبوں اور عام لوگوں کو ایندھن کے طور پر استعمال کیا۔ کون یہ ذمہ داری دے کہ کل وہ دوبارہ ایسا نہیں کریں گے؟ وہ جو ماتھے پر گولی کھانے لیکن پارٹی نہ چھوڑنے کے بڑے بڑے دعویٰ کررہے تھے۔ جو لوگ پی ٹی ائی چیئرمین کے لیے اپنے جان دینے کی بلند و بانگ باتیں کررہے تھے وہ کیسے ایک سیٹی پر دوسری سیاسی گاڑی میں سوار ہوئے۔ کیا صرف وفاداری تبدیل کروانے سے ملک میں سیاسی استحکام ائے گا؟ کیا نئے تجربے استحکام پاکستان پارٹی کی بنیاد رکھنے سے معیشت بہتر ہوگی؟ یا کیا صرف عام پارٹی ورکروں کو بھلی چڑھانے سے حالات بدل جائیں گے؟ یہ سوال ہر پاکستانی کے ذہن میں ہیں اور ماضی کے ایسے تجربات، وفاداریاں تبدیل کرنے کے بے شمار واقعات اور وقتی خاموشی یا مصلحت سے کام چلے گا۔ ہرگز نہیں۔ معیشت ہو یا سیاست یا پھر دیگر مسائل، ان تمام درپیش چیلنجز کے حل کے لیے سب سے ملک میں عام انتخابات کا انعقاد پہلی شرط ہے۔ انتخابات کے بعد ہی سیاسی استحکام ائے گا اور منتخب حکومت معاشی حالات پر توجہ مرکوز کرسکتی ہے۔ ائندہ مالی سال کے بجٹ میں الیکشن کے لیے 42 ارب روپے مختص کیے جاچکے ہیں، لہٰذا مقررہ وقت پر قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ایک ہی دن الیکشن کا انعقاد یقینی بنایا جائے۔ تقریباً ہر سیاسی جماعت کے قائدین اس بات پر متفق ہیں کہ معیشت کی بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو سرجوڑ کر بیٹھنے کی ضرورت ہے۔ خود وزیر اعظم شہباز شریف کئی بار میثاق معیشت کی پیش کرچکے ہیں۔ ملک کی عسکری قیادت بھی سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھنے کا مشورہ دے چکی ہے۔ حال ہی میں سابق صدر اصف علی نے بھی معاشی استحکام کے لیے اہم مشورہ دیا۔ بظاہر ایک ہی چیز ہے جو فی الوقت بڑی سیاسی جماعتوں کو ہاتھ بڑھانے اور ہاتھ ملانے سے روک رہی ہے وہ ہے الیکشن۔ ہر سیاسی جماعت عام انتخابات میں خود کو کامیاب دیکھنا چاہتی ہے مگر وہ اس وجہ سے خوفزدہ ہے کہ کہیں کوئی بڑا فیصلہ کرنے سے ان کا ووٹر یا عوامی رائے ان کے مخالف نہ ہوجائے۔ خدارا ملک کا سوچیں، ریاست کی بہتری پر توجہ دیں۔ قومی اقتصادی سروے کے ذریعے ملک کے تمام چھوٹے بڑے شعبوں کی کارکردگی عوام کے سامنے اچکی ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، غربت، سرمایہ کاری، امپورٹ اور ایکسپورٹ کا جو حال ہے لگتا نہیں ہے کہ یہ پاکستان کی رپورٹ ہے۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ سیاسی دنگل اور انتشار کے باعث ہم اگے جانے کے بجائے پیچھے جارہے ہیں۔ ائی ایم ایف بلیک میلنگ پر بھی ہم پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں جس کی وجہ سے معیشت مزید پستی میں جارہی ہے۔ ملک کا خزانہ خالی ہے اور ملک کے اخراجات اتنے ہیں ہے کہ حساب لگانا بھی مشکل ہورہا ہے۔ یہ صورتحال سیاسی لڑائی اور نفرتوں کو ختم کرنے کا تقاضا کررہی ہے۔ اگر اب بھی دیر کی گئی تو حالات بد سے بدتر ہوتے چلیں گے اور الیکشن میں جیتنے والی حکومت کے لیے اژدھا کی طرح اخراجات منہ کھولے ہوں گے لیکن اس وقت کی حکومت کے پاس کچھ نہیں ہوگا۔ اتحادی حکومت ائی ایم ایف پروگرام کے بغیر ڈانواں ڈول معیشت کو سہارا دینے کے لیے اقدامات کررہی ہے لیکن حالات اتنے برے ہیں کہ ایک زخم بھر جاتے ہے تو دوسرا رسنے لگتا ہے۔ حکومت لوگوں کو ذرائع امدن ظاہر کیے بغیر بیرون ملک سے 1 لاکھ ڈالر تک لانے کی اجازت دینے جارہی ہے جس سے امید ہے کہ اگلے مالی سال میں ڈالر کی قلت کا مسئلہ کسی حد تک حل ہوسکے گا۔ اگرچہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے قوم کو امید دلائی ہے کہ استحکام کا سفر شروع ہوچکا ہے جس سے شرح نمو بڑھے گی مگر ایک بات تو واضح ہے کہ جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں ائے گا معاشی استحکام کا خواب بھی پورا نہیں ہوگا۔

کشمیریوں پر ظلم وستم کے پہاڑ

کرن عزیز کشمیری

بھارت ایک عرصے سے کشمیریوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہا ہے۔ کشمیریوں سے ازادی جو کہ بنیادی حق ہے چھین کر انہیں صرف وصرف اپنا غلام بنائے رکھنے کے شرمناک منصوبے پر عمل پیرا ہے۔ کشمیریوں کی زبردست تحریک ازادی کے ضمن میں کی گئی جدوجہد بھارت کے لئے پریشانی کا باعث بنتی جارہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مقبوضہ وادی پر حق جتانے کیلئے مختلف حربے ازمائے جاتے ہیں اور ایک ایسے وقت وقت میں جب پوری دنیا جان چکی ہے کہ بھارت کشمیریوں کی نسل کشی میں مصروف ہے، بھارتی حکومت اس حقیقت سے قطع نظر اپنے اصل چہرے کو چھپانے کی ناکام کوششوں میں مصروف عمل نظر ائی ہے۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں منعقد کردہ G-20 اجلاس انتہائی قابل مذمت امر ہے۔ جن ممالک نے اس اجلاس میں شرکت کی، ان کیلئے افسوس کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔ مودی سرکار نے کشمیر میں غربت اور بھوک وافلاس مسلط کر رکھی ہے۔ خوش ائند امر یہ ہے کہ جہاں ایک طرف کچھ ممالک نے اس نام نہاد اجلاس میں شرکت کر کے مودی سرکار کے ظلم وستم، غیر قانونی قبضے کو حمایت دی تو دوسری طرف رکن ممالک چین سعودی عرب، مصر، ترکی اور انڈونیشیا نے اجلاس کا بائیکاٹ کیا۔ بھارت مقبوضہ وادی میں خون کی ہولی کھیل رہا ہے۔ لیکن عالمی ادارے خصوصاً انسانی حقوق کی تنظیمیں خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ کوئی ادارہ غفلت کی نیند سو رہا ہو تو بھارت جیسے ممالک ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف پڑوسی ممالک بلکہ پورے خطے کے لئے خطرات کا باعث بن جاتے ہیں۔ مقبوضہ وادی میں بھارتی کردار کے حوالے سے عالمی برادری کی بے حسی مجرمانہ غفلت ہے۔ مودی سرکار نے اپنے دور اقتدار میں اقلیتوں اور مقبوضہ وادی میں کشمیریوں کی نسل کشی میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ عالمی اداروں کے کان تک جوں نہیں رینگ رہی۔ پاکستان اس حوالے سے بھارت کے خلاف بھی اقدامات بروئے کار لانے کا مطالبہ کرتا ہے۔ بھارت اپنی دہشت گردی میں مسلسل اگے بڑھ رہا ہے۔ مسئلہ کشمیر کے حل کے حوالے سے پاکستان نے بھارت کو مذاکرت کی میز پر انے کی دعوت دی۔ مگر جیسا کہ پڑوسی ملک کی نیت خراب تو کام خراب کے مترادف، مذاکرات سے ہمیشہ راہ فرار اختیار کیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بھارت نے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے اپنا قید خانہ بنادیا ہے۔ جہاں لوگ چابی سے گھومتے ہیں۔ اپنی مرضی سے زندگی نہیں گزار سکتے۔ اس سلسلے میں کشمیری طبی سہولیات اور انٹرنیٹ سے بھی محروم ہیں۔ جب کہ بعض علاقوں میں مسلسل گرفتاری، ظلم وستم جاری ہے۔ بھارت سے سوال یہ ہے کہ کیا کشمیریوں کے کوئی انسانی حقوق نہیں۔ 9 لاکھ فو بھارتی فوجیوں نے مقبوضہ وادی میں جبر مسلط کر رکھا ہے۔ کشمیریوں کی املاک پر مسلسل قبضے سے کشمیریوں پر جا بوجھ کر غربت مسلط کی جاری ہے۔ کشمیریوں کا ذرائع معاش مسلسل قبضے میں ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے لوگ بھارتی غلامی سے ہمیشہ کے لئے نجات چاہتے ہیں۔ بھارت کی جانب سے انسانی حقوق کی پامالی کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ اس حوالے سے پاکستان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بھارت سے سری نگر میں G-20 اجلاس بلا کر عالمی فورم پر سیاست کی ہے۔ بھارت مقبوضہ کشمیر میں جبر کا خاتمہ کرے، کشمیر کسی صورت بھارتی غلام قبول نہیں کریں گے۔ اور نہ ہی کر سکتے ہیں۔ اگر بھارت کا یہ خیال ہے کہ مزید طویل عرصے تک معصوم کشمیریوں کو ظلم وستم ڈھائے ہوئے اپنا غلام بنا کر رکھے گا تو احمقوں کی جنت میں رہتا ہے۔ بھارتی ظلم کا شکار کشمیری ہیں۔ لیکن بھارت سرکار کا اصل ہدف مسلمان ہیں۔ یہ وجہ ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کی بھی مسلسل خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ بھارتی مسلمانوں کو سمجھ نہیں ارہا کہ وہ کونسے درجے کے شہری ہیں؟ بھارت کو چاہئے کہ اقوام متحدہ کے کمیشن اف انکوائری اتفاق کرے۔ عالمی میڈیا اپنا اہم کردار ادا کرے، دنیا کے سامنے بھارت کے اصل چہرے کو بے نقاب کرے اور بھارت مقبوضہ وادی تک میڈیا کو رسائی دے۔ اس ضمن میں اگر جائزہ لیا جائے تو G-20، اجلاس بھارت کے لئے ایک بہت بڑا دھچکا ہے۔ جن ممالک نے بھارتی دعوت ٹھکرادی، مودی سرکار کے لئے شرمندگی اور حقیقت جاننے اور سمجھنے کا نادر موقع ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں اس امر کا جائزہ لیں گے۔ بھارت زبردستی ایک زمین پر قابض ہے۔ گھر گھر تلاشی اور اور گرفتاریوں کی ارمیں کئی ماوں کی گودیں اجاڑ دیں گئی۔ خواتین کے ساتھ بے حرمتی کی گئی، پوری وادی میں کرفیو نافذ ہے۔ حریت رہنماوں کو غائب کر دیا گیا ہے۔ یا پابند سلاسل ہیں۔ اور انہیں طبی سہولیات بھی فراہم نہیں کی جارہی ہے۔

انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار

بیرسٹر حسن رشید صدیقی

ثالثی کو ہزاروں سالوں سے تنازعات کے حل کے الے کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ اس کی مختلف ترتیبات میں گہری جڑیں ہیں، خاص طور پر بین الاقوامی اور تجارتی سیاق وسباق میں، اور کنگ سلیمان اور جارج واشنگٹن سے لے کر راجر گوڈیل تک اس کے حامیوں میں شمار ہوتے ہیں۔ اپنی تاریخ کے بیشتر حصے میں، ثالثی عدالتوں کے ساتھ ساتھ ایک بے چین تناوŸیں موجود رہی، جو نجی فریق کے تنازعات کے حل کے تصور کو قبول کرنے میں عام طور پر سست اور بعض اوقات ظاہری طور پر مخالف تھی۔ تاہم، 20ویں صدی کے اوائل میں، دنیا بھر کے ممالک نے ثالثی کو قبول کرنا شروع کر دیا، ایسے قوانین نافذ کیے جن میں ان کی عدالتوں کو ثالثی کے معاہدوں کو نافذ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور ثالثی کے ایوارڈز کے عدالتی جائزے کو سختی سے محدود کیا جاتا ہے۔ پچھلے 100 سال میں، ایک مضبوط ثالثی کی پالیسی ابھری ہے، اور تجارتی، صارفین، اور یہاں تک کہ پیشہ ورانہ کھیلوں کے تنازعات میں ثالثی عام ہوگئی ہے۔ حالانکہ کچھ لوگ یہ استدلال کریں گے کہ ثالثی روایتی قانونی چارہ جوئی سے مشابہت رکھتی ہے، جس سے کچھ وقت ضائع ہوتا ہے اور لاگت کی بچت ہوتی ہے۔ جو اسے اپنے حامیوں کے لیے دلکش بناتی ہے۔ یہ مضمون ان رجحانات کی کھوج کرتا ہے اور اس بات کا ایک اعلیٰ سطحی جائزہ فراہم کرتا ہے کہ "ثالثی کا قانون" اپنی جدید شکل میں کیسے وجود میں ایا۔ تیسری دنیا میں خاندانوں میں تنازعات کے حل کے لیے ثالثی کا کلچر بہت پرانا ہے اور زیادہ تر لوگ اپنے مسائل کو خاندانی سربراہوں/باعزت سرپرستی میں اندرونی طور پر حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس قسم کی ثالثی قدیم زمانے سے ہوتی ہے اور سماجی دباوœ کی وجہ سے فریقین کو پابند کرتی ہے، زیادہ تر دیہی علاقوں میں لوگ اپنے تنازعات کو حل کرنے کے لیے عدالتوں میں جانے سے ہچکچاتے ہیں اور لوگ اپنے زیادہ تر مسائل کو مقامی طور پر حل کرتے ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ وہ اپنے مسائل کو عوام میں نہیں لانا چاہتے/ پرائیویسی کے لیے اور ان لوگوں کی شمولیت کے لیے جن میں وہ مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نائیک مرد یا خاندان کے عمائدین کے سامنے اجتماعی طور پر قرارداد پراتے ہیں، جیسا کہ خاندان یا مقامی نائیک مرد کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے کہ یہ دونوں فریقوں کے لیے پابند ہے۔.2 تیسری دنیا میں، ثالثی کا قانون باقاعدہ طور پر کمپنیوں کے درمیان رائج ہے لیکن غیر موثر اور ثالثی کے بعد بھی 70% مقدمات اپنے مسائل کے حل کے لیے عدالتوں سے رجوع کرتے ہیں، کچھ وقت اس کے فیصلے پر عمل درامد، کچھ وقت لوگ ثالثوں سے مطمئن نہیں ہوتے، وغیرہ.3 ثالثی مہنگا ہے اور اسے دائرہ اختیار میں چیلنجز ہیں اور زیادہ تر وکلاء ثالثی کی روح اور اس کی تاثیر سے واقف نہیں ہیں، ثالثی سے متعلق وسیع پیمانے پر متنازعہ قانونی مسائل ہیں۔.4 ثالثی زیادہ تر کارپوریٹ سیکٹر میں عمل میں اتی ہے اور اس کی پیوندکاری اتنی اچھی نہیں ہے جتنی کہ اسے کاروباری تنازعات میں ہونا چاہیے، لیکن نفاذ میں دشواریوں اور قانون کے غیر موثر ہونے کی وجہ سے جیسا کہ اسے تیسرے کے طریقوں اور نفاذ کو ذہن میں رکھ کر ڈیزائن نہیں کیا گیا ہے۔ اس دنیا کو بہتری کی ضرورت ہے۔.5 بدقسمتی سے پاکستان میں دوہری ثالثی کے معیارات ہیں۔.6 اگاہی کی کمی اور بار کونسلز قانون کے نظام کی رہنمائی نہیں کر رہی ہیں اور نصاب کی اپ ڈیٹ پر توجہ نہیں دے رہی ہیں اور ذمہ داری سے کام نہیں کر رہی ہیں۔.7 سرمایہ کاری بمقابلہ تجارتی ثالثی۔ . 8 اینٹی سوٹ حکم امتناعی.9 خالی شدہ ایوارڈ.10 دانشورانہ املاک اور بین الاقوامی ثالثی ایوارڈز سے متعلق معاملے کو لاپرواہی سے نمٹا جاتا ہے اور اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ سرمایہ کار ان ممالک میں بھروسہ اور سرمایہ کاری نہیں کر رہے ہیں جہاں عدالتیں ثالثی کی کارروائیوں کے خلاف علاج فراہم کر رہی ہیں۔ عدالتوں میں زیرالتوا مقدمات ہمارے عدالتی نظام کی ساکھ کو ظاہر کررہے ہیں . کیونکہ انصاف میں تاخیر سے انصاف نہیں ملتا۔ ثالثی ایک ایسا نظام ہے جو بنیادی طور پر قانون کی عدالتوں پر بوجھ ڈالنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ لوگ بغیر کسی تاخیر کے اپنے تنازعات کو عدالت سے باہر حل کرتے ہیں، یہ قانون کی اسپرٹ کو بڑھاتا ہے اور مطلوبہ فیصلوں تک پہنچنے کے لیے ایسے علاقے کے ماہر کو ثالث کے طور پر مقرر کرنے کی تجویز دے کر تاثیر کو بڑھاتا ہے، اور عدالتوں میں، جج اداروں کی رپورٹوں پر انحصار کرتے ہیں جو کرپٹ نظام میں اسانی سے جوڑ توڑ کرتے ہیں اور عدالت کو مطمئن کرنے کے لیے مطلوبہ رپورٹس حاصل کرنا بہت اسان ہے، جو خود فرسودہ تکنیکی نظام کی پیروی کر رہا ہے، جسے وہ خود مناسب مدد فراہم کرنے سے قاصر ہے۔

پاکستان کی معیشت اور بجٹ 2023

تحریر۔ خلیل رونجھو

حکومت پاکستان نے بجٹ پیش کر دیا بجٹ سے متعلق عوام اور کاروباری شخصیات کا ملا جلا ردعمل سامنے آیا۔ لیکن جس طرح کے معاشی حالات ہیں اس حساب سے کسی حد تک متوازن بجٹ ہے۔ ملک کے معاشی حالات کی ابتری سے سب واقف ہیں۔ گزشتہ کچھ عرصے سے جاری سیاسی عدم استحکام بھی اپنے عروج پر ہے۔ جس کے اثرات براہ راست معیشت پر پڑ رہے ہیں۔ معاملات کے حل کے لیئے یکسوئی نہ ہونے کی وجہ سے مسائل کی سنگینیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ ملک پہلے ہی دہشت گردی کے عفریت سے نبرد آزما ہے اس جنگ میں پاک افواج اور ملکی سیکورٹی اداروں نے بھرپور قربانیاں دے کر ملکی مفادات اور سلامتی کا تحفظ یقینی بنایا ہے۔ پاکستانی عوام اس وقت مہنگاء اور غربت کی چکی میں بری طرح سے پس کر رہ گئی ہے۔ معیشت کی بدحالی کے برے اثرات زندگی کے ہر شعبہ زندگی پر پڑ رہے ہیں ایسے حالات میں بجٹ میں عام عوام کے لیئے کسی حد تک ریلیف اطمینان کا باعث تو ہے لیکن اس بجٹ کے باوجود بھی مشکلات بھت زیادہ ہیں۔ پاکستان کی کمزور معیشت کیا ان تمام مسائل اور چیلنجز کو حل کر پائے گی جو اسے درپیش ہیں۔ پچھلے آ نیوالی سیلاب نے جو تباہیاں بکھیری تھیں اور جو انفرااسٹرکچر تباہ ہوا تھا تا حال ابھی تک بحالی نہیں ہوسکی۔ لاکھوں افراد بے گھر اور بے روزگار بھی ہوئے وہ بھی ابھی تک سنبھل نہیں پائے۔ اء ایم ایف کی طرف سے کڑی شرائط پر عمل درآمد کرنے کے باوجود ابھی تک آء ایم ایف پروگرام بحال نہ ہونا تشویشناک ہے۔ حکومت اور قوم کو مل جل کر اتفاق رائے پیدا کر کے تمام مسائل اور چیلنجز سے نمٹنے کے لیئے بھرپور حکمت عملی ترتیب دینی ہو گی۔ سیاسی استحکام کا پیدا ہونا ضروری ہے پھر جا کے ہم ایک پیج پر رہ کر اپنی معیشت کو درست سمت میں گامزن کر سکتے ہیں۔ تمام اسٹیک ہولڈرز اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں چونکہ یہ پاکستان کی ضرورت ہے۔ اگر ہماری بھادر افواج ملک کی سلامتی اور بقاء کے لیئے قربانیاں نہ دیتی تو پاکستان خدانخوستہ کسی سانحے سے دوچار ہوسکتا تھا۔ ملکی معیشت کے اعدادوشمار تشویشناک ہی سہی لیکن ہمیں بحیثیت قوم سنبھلنا ہوگا ملک سے کرپشن اور سفارشی کلچر کے خاتمے کے لیئے اقدامات ناگزیر ہو گئے ہیں اور اس سمت میں سفر کر کے آگے بڑھنا ہوگا۔ پاکستان کا ہر شہری اپنے ملک اور قوم کے لیئے آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرے۔ قوموں پر مشکل حالات آتے ہیں اور ان حالات سے قومیں ابھر کر طاقتور بنتی ہیں شرط یہ ہیکہ قوم اور ملک سے مخلصی ہونی چاہیئے۔ عدم برداشت مزہبی منافرت لسانیت اور علاقاء منافرتوں سے خود بھی بچیں اور قوم میں ملک سے محبت اور اپنے اداروں کی مضبوطی کی شعوری آگاہی کو پروان چڑھانا ہوگا۔ دشمن کی سازشوں کا ایک قوم بن کر مقابلہ کریں اور ہماری بھادر افواج جو ہماری بقاء اور تحفظ کی جنگ اپنی جانوں کو قربان کر کے دے رہیں یہ اس ملک اور قوم کے لیئے قابل تحسین ہیں۔ ہمارے ادارے ہمارا فخر ہیں انکی مضبوطی پاکستان کی مضبوطی ہے

(ادارے کا کالم نگاروں/ مضموں نگاروں کی زاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

قیامت سی رات میں ہماری جنت (ماں) کا ہم سے بچھڑ جانا

تحریر: شعیب احمد لانگو

[illegible]

تربیت میں بھی کوئی اختلاف نہیں رکھا۔ ہم سب بہن بھائی اپنی والدین کا اپنے اس بہترین تربیت کے لیے جتنا بھی مشکور رہیں کم ہے۔ اماں حضور آج سے قریباً 9 سال پہلے کسی انفیکشن کی وجہ سے آنکھوں

[illegible]

امی جان کی صحت کے بارے میں دریافت کیا تو میں نے کہا کہ امی جان بلکل ٹھیک ہے الحمدللہ! مہمانوں کو رخصت کر کے میں سیدھا امی جان کے پاس آیا ان کی طبیعت کا پوچھا اور انہوں نے مہمانوں کے

[illegible]

امی جان کی چائے تیار ہو کر پہنچ گی، شہد چائے میں مکس کر کے ان کے ہاتھ میں دے دی اب کچھ ہی گھونٹ پی لیئے تھے کہ سر نیچے کرلیا اور امی جان خاموش

[illegible]

میں بیان نہ کر پاؤں۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت میری امی جان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔

سیاسی مفادات کی بند بانٹ؟

وزیر احمد جوگیزئی

آنے والے دن بھی پاکستان کی سیاست میں طلاطم کی نوید سنا رہے ہیں بظاہر ایسا لگ رہا ہے کہ ائندہ عام انتخابات کے بعد بھی ایک مخلوط حکومت بر سر اقتدار اتے ہوئے دکھائی دے رہی ہے۔ ایک غلط ایجنڈا ہو گا جس کا مقصد پاکستان کو اگے بڑھانا نہیں بلکہ سیاسی مفادات کی بند بانٹ ہو گا۔ اس سے مسائل میں مزید اضافہ ہو گا۔ اس وقت ملک کو ضرورت ایسی حکومت کی ہے جو کہ نہایت ہی ایمان داری کے ساتھ کام کرے اور ملک کو مسائل درپیش ہیں اور اس ملک میں جو کمزوریاں 75 سال میں پیدا کر دی گئیں ہیں ان کمزوریوں کو ختم کرنے کا کوئی قابل حل قوم کے سامنے پیش کرے۔ ہماری خاص خاص کمزوریاں اور ایسے مسائل ہیں جو کہ ہر شعبہ ہائے زندگی میں پائے جاتے ہیں، ان کے حل کی جانب سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اس وقت مسائل کی ایک ایسی دلدل میں گر چکا ہے جس سے کہ نکلنا اس وقت ملک کے لیے بہت ہی مشکل نظر ا رہا ہے۔ مثال کے طور پر میں کہوں گا کہ اس وقت ملک کی سول سروس میں اس وقت شدید ریفارمز کی ضرورت ہے۔ سول سروس کے بغیر ملک چلایا نہیں جاسکتا ہے اور ہمیں اس حوالے سے بہت کام کرنے کی ضرورت ہے۔ امتحان سے لے کر سلیکشن تک اور سلیکشن سے لے کر تربیت کے مرحلے تک تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ ملکی مسائل پر سیر حاصل گفتگو ہونی چاہیے، اس پر بھی بات ہونی چاہیے کہ کیا پبلک سیکٹر ہی ملکی معیشت کو اگے لے کر چل سکتا ہے یا پھر نجی شعبے کو زیادہ سے زیادہ اس حوالے سے انگیج کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح حوالے سے بھی بات ہونی چاہیے کہ اس ملک کی بزنس کمیونٹی کو کس طرح سے فعال کرنے کی ضرورت ہے ان کو کس طرح سے ملکی معیشت کی بہتری کے لیے مزید متحرک کیا جاسکتا ہے؟ ان تمام اسباب کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ اس پر بھی بات ہونی چاہیے کہ بھٹو صاحب کی نیشنلائزیشن کی پالیسی سے ملک کو کتنا نقصان ہوا ہے اور اگر بھٹو صاحب مارشل لاء کا شکار نہ ہوتے تو شاید خود ہی اس پالیسی پر نظر ثانی کر لیتے، ہمیں اپنی غلطیوں سے سیکھنے کی ضرورت ہے لیکن ہمارا مسئلہ یہی ہے کہ ہم اپنی غلطیوں سے سیکھنے کی بجائے وہی غلطیاں دوہرانے کی عادت پڑ گئی ہے۔ پاکستان اس وقت ایسے دوہرائے پر کھڑا ہے کہ ہمیں اس وقت درست فیصلے کرنے کی اشد ضرورت ہے اگر درست فیصلے نہ کیے گئے تو یہ ملک تباہی اور بربادی کی دلدل میں گرتا چلا جائے گا اور ہم پھر کبھی بھی اس گھڑے سے باہر نہ نکل پائیں گے۔ ہمیں اس حوالے سے سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے اور ہمیں مل کر بطور قوم اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان ایک 25 کروڑ افراد پر مشتمل ایک بڑا ملک ہے جو کہ کسی صورت بھی ناکامی کا متحمل نہیں ہوسکتا ہے لیکن بظاہر ہم جا اسی طرف رہے ہیں۔ اج کی دنیا میں صنعتی اور تجارتی ترقی صرف اور صرف نجی شعبے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ حکومتیں نہ کاروبار چلا سکتی ہیں اور نہ ہی کاروبار میں کامیابی حاصل کر سکتی ہیں۔ حکومت کا کام کاروباری افراد کو سازگار ماحول کی فراہمی اور مکمل سیکورٹی اور تحفظ دینا ہے اس کے بغیر یہ کام نہیں کیا جاسکتا ہے۔ صنعت کاروں کو بجلی اور گیس کی فراہمی اولین ترجیح ہونی چاہیے اور یہ بات یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ سستے داموں پر بجلی اور گیس فراہم کی جائے۔ تاجروں کی جان اور مال کی حفاظت کرنا اولین ترجیح ہے، اور اس کے بغیر اگے نہیں بڑھا جاسکتا ہے۔ تاجر برادری ہی ملک کو اگے لے کر جاسکتی ہے اور حکومت کو سوچنا چاہیے کہ جو کام نجی شعبہ حکومت سے بہتر انداز میں کر سکتا ہے وہ کام کسی بھی صورت میں حکومت اپنے سر نہ لے۔ اس سے نہ صرف حکومتی اخراجات میں بھی بہت کمی ائے گی بلکہ عوام کو بھی بہتر سروسز مہیا ہو سکیں گی۔ ہمارے ملک میں بد قسمتی سے صنعت کاروں کو وہ سہولیات مہیا نہیں ہوسکی ہیں جو کہ ہونی چاہیے تھیں، یہی وجہ ہے کہ ہم ترقی کی دوڑ میں باقی دنیا سے بہت پیچھے رہ گئے ہیں اور مسلسل رہتے جا رہے ہیں۔ ہمیں اپنی پالیسیوں پر از سر نو غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کو ایک عظیم ملک بنانا ہی ہمارا اولین مقصد اور ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ اس وقت ملک میں ایک متحرک کاروباری طبقے ہونے کے باوجود ملک کی حالت بتا رہی ہے کہ ہمارے حالت کس قدر خراب ہے ڈالر کی قدر اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری معیشت کس حد تک خراب ہو چکی ہے۔ ہمیں اس بھنور سے نکلنے کی ضرورت ہے۔ اسی طریقے سے ہیومن ریسورس کی ترقی حکومت کا اولین فرض ہے، پاکستان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی ابادی کو لگام ڈالنا بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ وسائل بڑھانے کی کوشش ہے، اگر وسائل کو بڑھ بھی لیا جائے، لیکن ابادی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہو تو ملک اگے نہیں بڑھ سکتا ہے۔ معیشت کو مستحکم کرنے کی ضرورت ہے۔ زراعت اور صنعتی برامدی پیدا وار کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ لیکن ابھی تک ہم ان مقاصد میں بری طرح ناکام ہو رہے ہیں۔ ہمارا ایک بڑا مسئلہ پالیسیوں میں عدم تسلسل بھی رہا ہے، ہمیں ضرورت ہے کہ میثاق معیشت کیا جائے جس سے کہ پالیسیوں کا عدم تسلسل ختم کیا جائے یہی اگے بڑھنے کا طریقہ ہے۔ ہم نے تعلیمی اداروں میں طلباء یونین کو بین کر کے بڑا ظلم کیا اس عمل سے ہماری سیاست کو نقصان پہنچا ہماری ملک میں نئی سیاسی قیادت کا فقدان ہو گیا۔ جس کے نتائج ہم دیکھ رہے ہیں۔ یونیورسٹیوں میں وائس چانسلرز ایسے مقرر ہوتے ہیں جو کہ تعلیم کے شعبہ سے وابستہ نہیں ہوتے ہیں، بلکہ بیوروکریسی سے لیے جاتے ہیں۔ تعلیم کا شعبہ اسکالرز کے ہاتھ میں ہی رہنا چاہیے اس سے باہر نہیں نکلنا چاہیے۔ حکومت یونیورسٹیوں کے بجٹ اور ان کی مالی مشکلات کے حوالے سے سپورٹ کرے اور باقی معاملات یونیورسٹی انتظامیہ کے پاس ہی رہنے دے۔ اس طرح معاملات بہتر انداز میں اگے بڑھائے جا سکتے ہیں۔ وائس چانسلرز بھی یقیناً اکیڈیمیا سے ہونے چاہیے، ہماری توجہ ہیلتھ ایجوکیشن اور سول سیکٹرز پر نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہمارے انسانی وسائل ملکی پیداوار بڑھانے کے قابل نہیں ہیں۔ ہمیں یہ صورتحال درست کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیا بھر میں جن ممالک نے ترقی کی ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201490
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائد آباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیو سریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی (A)	9202555
ایمرجنسی (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202730
کرائمز برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئر پورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ ڈویژن	9202027
ریونیو سریاب	9211341
سب ڈویژن کراچی	2442834
کچلاک سب ڈویژن	2890075
گوالمنڈی سب ڈویژن	2869001
لیاقت بازار شکایات آفس	9201459
بروری سب ڈویژن	2828400
زرغون ٹاؤن	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئر پورٹ انکوائری	114
ٹیکنیکل	9203873
ایئر پورٹ ایکسچینج	2880213/6
ایئر پورٹ	2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر	2830861115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9201017
سول ہسپتال ایکسچینج	9202017
کرسچن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینیٹوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/11
مائیلو شہید	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/2842209
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال/ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830553
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664461

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/920264
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسین	9211612
سب آفس	9202299
کواری روڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

دیگر اہم نمبر

پی ٹی وی سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821731
بلوچستان	9202791

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دتحفظ ختم نبوت سمیت تمام اسلامی دفعات کے خاتمے کی یقین دہانی کرانے والوں نے ریاست مدینہ کا نعرہ لگا کر قوم کو دھوکا دیا چور دروازے سے آئین کے اسلامی دفعات پر بار بار حملہ آور ہوئے انہوں نے کہا کہ علماء کرام ہی ریاست مدینہ کے اصل وارث ہے ریاست مدینہ کا جھوٹا نعرہ لگانے والے جھوٹوں اور مکاروں نے ریاست مدینہ کی توہین کی ان کا یہ عمل قابل گرفت ہیں

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جلاس سے خطاب کرتیہوئے کیا اجلاس میں متعلقہ محکمہ جات کے آفیسرز نے اپنے محکمہ جات کے زیر انتظام چلنے والے اسکیمات کے بارے میں بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے ان کے اسٹاف آفس عمارت اور جاری اسکیمات کے بارے میں استفسار کیا اور کہا کہ وہ از خود گراؤنڈ پر نکل کر اسکیمات کا دورہ کریں گے اور حقائق جاننے کی کوشش کریں گے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن (ر) جمیل احمد کا کہنا تھا کہ میں بتدریج تمام محکموں کے ساتھ میٹنگ کر کے ان کے محکموں کے بارے میں جاننے کی کوشش کر رہا ہوں تا کہ ان کی کارکردگی کو جانچا جائے محکمہ جات عوام کی خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لئے بنائے گئے ہیں یہ لازمی امر ہے کہ وہ عوام کو بہتر سروس فراہم کردیں اور لوگوں کی خدمت جاری رکھیں

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رکھنے والے لیٹر دیتے تھے جب سے یہ حکم نامہ جاری ہوا کہ غیر قانی پٹرول بیچنے والوں پٹرول پمپ بیچنے والوں کو بند کیا جاے۔ تب سے قانونی پٹرول پمپ بھی ایرانی پٹرول دوسو پندرہ روپے میں فی لیٹر پٹرول بیچنے لگے۔ قانونی پٹرول پمپ اور غیر قانونی پٹرول میں واضع فرق سامنے آنے لگا عوام اب کونسی تجارت کرے اور گاہک کس کے پاس جایں دانستہ طور عوام کو تنگ کرنے کی کوشش ہے۔ قانونی پٹرول پمپز کے خلاف کیا قانون حرکت آتی ہے کہ نہیں۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن کے تاریخ کی سیاہ ترین کرپشن ہے نیشنل پارٹی نے نیب کے تحقیقاتی اداروں آنٹی کرپشن سمیت ملک کے ذمہ دار اداروں سے مطالبہ کیا کہ پنجگور میں عوامی نمائندگی کے نام پر اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرنا اور میگا کرپشن کی تحقیقات کر کے عوامی فنڈز کی خرد برد کو منظر عام پر لایا جائے نیشنل پارٹی پنجگور کے ضلعی ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پنجگور کے عوام اس وقت شدید مسائل کا شکار اور تمام سرکاری ادارے مفلوج ہو کر رہ گئی ہے بلوچستان کے پسماندہ ترین ضلع پنجگور بدترین بد انتظامی کا شکار تمام بنیادی سہولتوں پانی بجلی صحت تعلیم فضائی سروس سمیت جدید ٹیکنالوجی انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہے مگر سلیکٹیڈ عوامی نمائندہ اور برسر اقتدار جماعت کے نمائندے اور اسکے چہیتے مقامی قیادت نے پنجگور کے عوام کو نا شبینہ کا محتاج بنا کر میگا سٹی اور سڑکوں کے نام پر کرپشن کی انتہا کر دی ہے میگا سٹی کے نام پر پنجگور کو کھنڈرات بنا کر تبدیل کر دیا اس میگا سٹی کے تمام فنڈز ریلیز کر کے کرپشن کی نظر کر دی گئی ہیں جبکہ میگا سٹی میں شامل سڑکوں کی ایک ٹکڑا بھی مکمل نہیں ہے لیکن تمام فنڈز نکال لئے گئے ہیں یہ بلوچستان کی پارلیمانی نظام کا انوکھا مثال ہے کہ ایک عوامی نمائندہ اور صوبائی وزیر میگا سٹی کے خود ٹھیکیدار خود انجینئر اور مزدور بھی خود ہے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرنے کی بجائے ایک زحمت بنا دیا گیا ہے۔ مارکیٹ کی فیس وصولی افسران کی ملی بھگت سے اتنا زیادہ وصول کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے سبزیوں اور پھلوں کیمر یٹ آسمان کو چھو رہے ہیں جس کی وجہ سے تاجر برادری اور عوام اس خود ساختہ مہنگائی کے بوجھ تلے دب گئے ہیں مارکیٹ کمیٹی کی فیس وصولی کو کنٹرول کر کے غریب عوام فائدہ دیا جا سکتا ہے مگر زراعت کے شعبہ مارکیٹنگ نے اس پر اپنی آنکھیں اور اور کان بند کیے ہوئے ہیں

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مثبت کردار ادا کیا اور جہاں عوامی مسائل کی ضرورت رہی ان کی نشاندہی کی ہے تنقید ضرور کی لیکن اسی تنقید کی جس سے مسئلے حل ہونے میں مددگار ثابت ہوسکیں جمعیت علماء اسلام ایک موثر قوت ہے جس نے اقتدار میں رہ کر یا اقتدار سے باہر ہو عوامی مفادات کو ترجیح دی ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

محمد رند کی والدہ اور حاجی داؤد رند ڈاکٹر اشتیاق رند کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اس دکھ اور غم کی گھڑی میں لواحقین کے ساتھ برابر کے شریک ہے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ مرحومہ کو جوار رحمت میں اعلیٰ درجات پسماندگان کو صبر وجمیل عطاء فرمائیں (آمین)۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اس کے علاوہ ہم ان نمائندوں کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ مزدوروں کے خلاف جتنا بھی ظلم کریں ایک دن آپ نے ضرور حساب دینا ہوگا پی ڈی ایم سی کے لیزوں کے کنکشنز کے بارے میں ایک منسٹر کے کہنے پر صوبائی اسمبلی میں بحث کیلئے پیش کیا گیا تاہم اس پر بھی عملدرآمد نہیں ہوا انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے بلوچستان میں یہ روایت عام ہو چکی ہے جو بھی مسئلہ ہو حکومت مذاکرات کے بجائے جب لوگ مجبور ہو کر دھرنا دیکر پھر حل کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی جب ہم نے بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاج کیا تو وہ آکر ہمیں یقین دہانی کرائی کہ آپ لوگو کے مطالبات حقیقت پر مبنی ہے جن کو حل کریں گے لیکن اس پر بھی عملدرآمد نہیں ہوا اور ہم مزدوروں سے حکومتی ارکان وزرانہ غلط بیانی کرتے ہیں جس سے ہم مجبور ہو کر آج سے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاج کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

صوبائی حکومت خواب غفلت میں سو رہا ہے۔ اس وقت تمام مکاتب فکر بیک آواز یونیورسٹی کے قیام کا مطالبہ کر رہے ہیں گزشتہ کہیں مہینوں سے احتجاج کا سلسلہ جاری ہے جس کی ہم بھرپور حمایت کرتے ہیں اور یونیورسٹی کے قیام کے سلسلے میں ہر قسم کی احتجاج میں شریک رہنے کا عہد کرتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ 1973 کی آئین کی شق نمبر 25 اے اس بات کی تائید کرتی ہے کہ ریاست سولہ سال تک مفت تعلیم مہیا کرنے کے پابند ہے لیکن موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتیں اپنی سیاسی ساکھ بچانے میں لگیں ہیں اور عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں، علاقے میں شعور و آگاہی اور امن کیلئے ضروری ہے کہ تمام نوجوان تعلیم اور تعلیمی اداروں سے جڑے رہیں۔ لیکن حکومتیں اس بات کو پس پشت ڈال کر مزید الجھنیں پیدا کر رہی ہے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے ایک بار پھر ڈکیتوں کے واردات بڑھنے لگے۔ شہری پریشان۔ بشیر احمد بروہی محبت شاخ کے رہائشی ہیں وہ واپس جا رہے تھے کہ رہزنوں کے ہتھے چڑھ گئے پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر قائم کھڑے ریڑھیوں، صندل اور قومی شاہراہ بس اڈہ سے ہٹائے جا رہے ہیں لوگ تجاوزات سے گریز کریں بصورت دیگر کارروائی کے دوران مالی نقصانات کے وہ خود ذمہ دار ہونگے ہم کسی صورت چند لوگوں کی تجاوزات سے پوری عوام کو تکالیف میں رہنے نہیں دیں گے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کارروائی کا عمل جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل احسن انداز میں حل ہوسکیں تجاوزات کے سبب کاروباری زندگی بھی مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری رہیگا دکاندار اور کاروباری حضرات اپنے غیر قانونی تجاوزات رضا کارانہ طور پر خود ہٹا دیں بصورت دیگر ان کیخلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے گی شہر میں ناجائز تجاوزات کی کسی کو بھی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وز ہمارے حکمرانوں بلوچستان کے ترقی کے ڈھونگ رچاتے ہیں لیکن شدید گرمی میں پچاس ہزار کی آبادی کو پینے کے پانی سے محروم کر دیئے بلوچستان کی حقیقی معنوں میں ترقی ہوگا بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر جار اللہ کاکڑ واپڈا ایس، ڈی او، انجمن تاجران کے صدر محمد عارف کاکڑ، جنرل سیکرٹری عبدالواسع کاکڑ، کونسلر عبدالحکیم لالا، ودیگر معززین اور پبلک ہیلتھ کے ایس ڈی او، واپڈا ایس ڈی او کے مذاکرات کے بعد تین دینوں کیلئے پانی فراہم کی جائیگی۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہیں جس میں شیرانی کے طلباء کے لئے ریزیڈنشل کالج، انزرخیزی روڈ۔ ضلع کی سیٹلمنٹ، آفیسران کے لئے گاڑیاں، محکموں کی فعالیت خاص کر محکمہ صحت، محکمہ تعلیم پر خاص توجہ شیرانی ٹاؤن میں دفاتر کی فعالیت کے اقدامات شامل ہے جو ڈپٹی کمشنر کا ضلع شیرانی کی ترقی میں خاص دلچسپی کو ظاہر کرتی ہے بیان ضلع شیرانی میں خاص دلچسپی لینے پر چیف سیکرٹری کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے شیرانی کے سیاسی پارٹیوں سماجی، قبائلی اور نوجوانوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ضلع کی ترقی میں ڈپٹی کمشنر کا ساتھ دیں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پورا علاقہ تعلیمی پسماندگی کا شکار ہے، جس کی وجہ سے جرائم پیشہ بڑھ رہی ہے، طلبا اپنی مستقبل کو تاریک دیکھ کر مسلسل احتجاج میں ہیں لیکن بالا حکام ٹس سے مس نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم سب کا حق ہے اور آئین پاکستان بھی اس کی ضمانت دیتی ہے لیکن صوبائی حکومت خواب غفلت میں سو رہا ہے۔ اس وقت تمام مکاتب فکر بیک آواز یونیورسٹی کے قیام کا مطالبہ کر رہے ہیں گزشتہ کہیں مہینوں سے احتجاج کا سلسلہ جاری ہے جس کی ہم بھرپور حمایت کرتے ہیں اور یونیورسٹی کے قیام کے سلسلے میں ہر قسم کی احتجاج میں شریک رہنے کا عہد کرتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ 1973 کی آئین کی شق نمبر 25 اے اس بات کی تائید کرتی ہے کہ ریاست سولہ سال تک مفت تعلیم مہیا کرنے کے پابند ہے لیکن موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتیں اپنی سیاسی ساکھ بچانے میں لگیں ہیں اور عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں، علاقے میں شعور و آگاہی اور امن کیلئے ضروری ہے کہ تمام نوجوان تعلیم اور تعلیمی اداروں سے جڑے رہیں۔ لیکن حکومتیں اس بات کو پس پشت ڈال کر مزید الجھنیں پیدا کر رہی ہے۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آسمان پر ہونے کی وجہ سے جہاں خریدار پریشان ہے وہیں مقامی مالداروں کا شکوہ کرتے ہوئے کہنا تھا کہ سارا سال جانوروں پر جتنی لاگت آئی ہے وہ قیمت نہیں مل رہی مہنگائی کے ہاتھوں ہر شخص مسائل کا شکار ہے جبکہ خریداروں کا کہنا ہے کہ گزشتہ سالوں کی نسبت جانور 2 گنا مہنگے ہوگئے ہیں جس سے سنت ابراہیمی کی ادائیگی میں مشکل پیش آرہی ہے دوسری جانب محکمہ لائیو اسٹاک و ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مویشی منڈی میں سہولیات کا فقدان نظر آ رہا ہے گزشتہ سال لمپی سکن بیماری کے باعث بڑے جانور فروخت نہ ہونے کی وجہ سے اس سال تعداد زیادہ ہے چھوٹے جانور بھی کم نہ ہیں لیکن اس کے باوجود مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے جس سے قربانی کرنا مشکل ہو رہا ہے۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پھنس گئے۔ ٹریفک معطل ہونے کے باعث ہزاروں مسافر پھنسے ہوئے ہیں جن میں خواتین، بوڑھے، بچے شامل ہیں ہر گاڑی جلدی نکلنے کے چکروں میں پھنسے کر رہ گئے قومی شاہراہ پر تین تین قطار لگ گئے گزشتہ شب سے پھسے ہوئے مسافر کو خوراک اور پانی کی کمی کا سامنا ہے بی کوئٹہ قومی شاہراہ گزشتہ سال سیلاب کی وجہ سے جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے علاوہ پنجرہ پل بھی سیلابی پانی نے بہہ کر لے گیا تھا ایک سال کا عرصہ گز جانے کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے صرف عارضی طور پر راستہ بحال کیا گیا جس پر ہر دوسرے دن بھاری ٹرالر گر جانے کے علاوہ مون سون بارشوں کی وجہ سے پنجرہ پل کے مقام پر راستہ بند ہو جانے سے جہاں سفر کرنے والے سینکڑوں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہاں مال بردار ٹرکوں بھاری بھرکم ٹرالر میں سامان ضائع ہونے کا اندیشہ بھی ہوتا ہے قومی شاہراہ بند ہو جانے سے سفر کرنے والوں کی کھانے پینے کے لئے بھی مشکلات کا سامان کرنا پڑتا ہے عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کچھی سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں کو مشکلات سے نکالنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا کر ٹریفک کے نظام کو بحال کرنے کے اقدامات اٹھائے جائے جبکہ وفاقی صوبائی حکومتوں کے ساتھ ساتھ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حکام بالا سے بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ این 65 کی حالت زر کو مدنظر رکھتے ہوئے جیکب آباد سے کوئٹہ تک دو لائن سڑک کی تعمیر کے ساتھ ساتھ پنجرہ پل بھی جلد از جلد تعمیر کر کے بلوچستان کی عوام کو سفر سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کیے جائے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حقیقی قوم پرست پارٹی ہے اور قائد تحریک سردار اختر جان مینگل کے نقش قدم پر چل رہا ہے۔ بی این پی پنجگور کے ورکرز نے جس طرح ہم پر اعتماد اور بھروسہ کیا ہے میں اپنے کابینہ کے ساتھ تمام پارٹی دوستوں کا شکر گزار ہوں میرا کوشش ہوگا کہ بی این پی کو پنجگور میں انتہائی فعال اور متحرک کرنے میں دن رات ایک کروں۔ پنجگور کے تمام پارٹیز قابل احترام ہیں مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر غلط اقدام پر ہم انکی حمایت کریں۔ ہمیں پنجگور کی ترقی اور لوگوں کی عزت بہت زیادہ عزیز ہے۔ سیاست کو عبادت سمجھ کر کر رہے ہیں۔ بطور مظبوط اپوزیشن پارٹی پنجگور کے تمام محکمون کا دورہ کر کے ان کے کارکردگی کا جائزہ لینگے۔ خصوصاً ایجوکیشن اور ہلتھ ہمارے ترجیحات میں شامل ہیں۔ پنجگور کے عوام کو مایوسی اور احساس محرومی سے نکالنے میں اہم کردار ادا کرینگے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئے تفصیلات کے مطابق سبی اس وقت گرمی کی شدید لپیٹ میں ہے شدید گرمی میں پانی کی مصنوعی قلت پیدا کر کے عوام کو ذہنی مرض میں مبتلا کیا جا رہا ہے سبی شہر کے الہ آباد کے علاقے میں پانی کا مصنوعی بحران پیدا کیا جا رہا ہے علاقہ مکین پینے کے صاف پانی کی کمی کے باعث شدید اذیت سے دوچار ہیں حالانکہ الہ آباد کے علاقے میں پانی کی تین لائنیں بچھی ہوی ہیں جن میں 2 لان چوبیس گھنٹے والی ہیں اسکے باوجود الہ آباد کے مکین پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں اور سارا سارا دن پانی کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں پانی کی شدید قلت یا مصنوعی کی کی بنیادی وجوہات میں پاپ لانوں میں وال مینوں کا وال کم کھولنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر سبی ڈویژن ڈپٹی کمشنر سبی سے الہ آباد کے مکینوں نے پرزور اپیل کی ہے کہ الہ آباد کے مکینوں کو فی الفور پینے کا صاف پانی فراہم کیا جائے۔0

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فنڈ کے حصول کے لیے ہر طرح مجوزہ وظائف فارم و دیگر ضروری کوائف اپنے اپنے تعلیمی اداروں کے سربراہان کے توسط سے مورخہ 20 جون 2023 تک ضلعی زکواۃ آفیسر جھل مگسی بمقام گنداواہ کے آفس تک جمع کرادیں۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڈی جی ایس سی عبدالسلام مینگل کا زیر تکمیل ناگ گرڈ اسٹیشن کا دورہ کر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اس موقع پر کیسکو کے آفیسران کی جانب سے انہیں گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائن کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ چیف ایگزیکٹو کیسکو نے ناگ گرڈ اسٹیشن اور مکمل ہونے والے ٹرانسمیشن لائن کے کام پر اطمینان کا اظہار کیا اور کیسکو آفیسران کے محنت اور کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پورے صوبہ کے دور دراز علاقوں کو جلد سے جلد نیشنل ٹرانسمیشن لائن سے منسلک کرنے کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر کیسکو کے سینئر آفیسر ایس ای جی ایس او اعزاز بیگ، ایکسین جی ایس سی میر ظفر علی جھلگری، ایکسین جی ایس او عبیداللہ، ایس ڈی او جی ایس سی کیسکو محمد حنیف میروانی، ایس ڈی او جی ایس سی اسد ترین، ایس ڈی او جی ایس او حاجی عبدالحفیظ، ایس ڈی او محمد کاشف، حاجی خادم حسین میروانی، ظفر شاہ، نور بلوچ اور سول انجینئر کیسکو اعجاز مری اور دیگر کیسکو کے اسٹاف بھی موجود تھے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دیا ہے گزشتہ سال مون سون طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باعث سندھ بلوچستان قومی شاہراہ این اے 65 مکمل ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے اور پنجرہ پل مکمل طور سیلاب کی نظر ہو گیا جس کی مسافروں کو گھنٹوں کا سفر دنوں کے سفر کرنے میں کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے کہا ہے کہ ایک سال کا عرصہ ہو رہا ہے لیکن حکومت بلوچستان کی جانب سے اب تک متاثرہ پنجرہ پل کی عدم تعمیر کا شکار ہے اور آ؟ روز معمولی بارش یا کسی ٹرالر کے الٹنے سے بولان قومی شاہراہ بندش کا شکار ہوتی ہے اور مسافروں کو اس شدید گرمی میں سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کہ ایک بڑا المیہ فکریہ ہے حکومت بلوچستان خواب خرگوش سے اٹھ کر لوگوں کی مشکلات کو کم کرنے کی ذمہ داریوں کا احساس کرے صوبے کے لوگوں کا روزگار متاثر ہو کر کروڑوں کا نقصان ہو رہا ہے انہوں نے کہا حکومت بلوچستان صرف اخبارات کی شہ سرخیوں میں چمک رہی ہے لوگوں کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا ہے کہ آج کچھی بار ایسوی ایشن ضلع کچھی کے تمام وکلا نے احتجاجی طور پر کل مچھ ڈھاڈر اور بھاگ کی عدالتوں کا مکمل طور پر با؟ یکاٹ کا فیصلہ کیا اور حکومت بلوچستان این ایچ اے سے مطالبہ کیا کہ پنجرہ پل کی تعمیر کا کام جلد از شروع کرے تا کہ لوگوں کی پریشانی ختم ہو سکے*

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منعقد کی گئی اس موقع پر حاجی شفاعت عطاری نے مختصر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دعوت اسلامی اپنے سیلاب متاثرہ اسلامی بھائیوں کے ساتھ ہے حالیہ بارشوں اور سیلاب کے بعد ایف جی آر ایف نے سیلاب متاثرین کی امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا مختلف علاقوں میں راستوں کی بحالی سمیت بروقت راشن ٹینٹ ادویات پینے کے صاف پانی کی فراہمی سمیت مختلف علاقوں میں فری میڈیکل کیمپ قائم کر کے سیلاب متاثرین کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جبکہ محدود وسائل کے باوجود سیلاب متاثرین کی از سر نو تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے گھروں کی تعمیر کو مکمل بنا رہے ہیں انہوں نے امت مسلمہ پر زور دیا کہ ان ناگہانی آفات سے بچنے کیلئے اپنے رب کو راضی کرنے کی کوشش کریں اور اپنے اہل و عیال سمیت پانچ وقت نماز ادا کریں ہر حال میں اپنے رب کا شکریہ ادا کریں انشاء اللہ عزوجل مشکل وقت آسانی سے گزر جائے گا جبکہ حاجی شفاعت عطاری نے میر محمد یوسف خان رند کے ساتھ علاقے کے معززین سے بھی ملاقاتیں کیں اور ان سے سماجی کاموں کے حوالے سے گفتگو کیا اس موقع پر دعوت اسلامی کے مختلف سے تعلق رکھنے والے مقامی نگران علاقائی معززین صحافی برادری و دیگر لوگوں نے شرکت کی

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی مسلح افراد نے پسٹل کی گولیاں لگا کر نوجوان کو شدید زخمی کر دیا زخمی کو دیہاتیوں اور ورثا نے گڑھی خدابخش بھٹو گورنمنٹ ہسپتال منتقل کیا جہاں فرسٹ ایڈ دیکر ڈاکٹرز نے زخمی کو چانڈکا ہسپتال منتقل کر دیا راستے میں نوجوان زخموں کے تاب نالاتے ہوئے چل بسا، گڑھی خدابخش بھٹو پولیس نے نوڈیرو رورل ہیلتھ سینٹر سے ضروری کارروائی کرانے کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دیا، نعش گھر پہنچنے پر کہرام برپا ہو گیا، دوسری جانب ورثا مقتول کے کزن انعام صادق بھٹو نے میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے کہا ہے کہ ہماری کسی سے بھی دشمنی نہیں ہے ظالموں نے ظلم کیا ہے پولیس کے اعلیٰ حکام نوٹیس لیکر انصاف فراہم کریں۔ اس حوالے سے ایس ایچ او گڑھی خدابخش بھٹو نثار احمد بروہی نے بتایا ہے نوجوان کو نامعلوم مسلح افراد نے قتل کیا ہے ساتھ بیٹے مقتول کے دوست بخت بھٹو کو حراست میں لے لیا ہے مقتول کے موبائل کی سی ڈی آر نکل وار ہے ہیں جلدی مجرم تک پہنچینگے، مقتول کے ورثا ابھی تک مقتول کے قتل کی ایف آئی آر درج کروانے نہیں آئے، دیگر تفتیش کی جارہی، دوسری جانب مقتول کامران بھٹو کی جنازا نماز گاؤں کوٹ بھٹو میں ادا کی گئی جس میں دیہاتیوں، رشتیداروں اور علائقہ مکینوں نے شرکت کی جس بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پمپس بند کر کے بے روزگاری کو مزید بڑھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام کا ایک بڑا حصہ اس وقت ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کے کاروبار سے منسلک ہیں اور ان کے گھر کے چولہے چل رہے ہیں اگر حکومت بلوچستان کی جانب سے قیمتوں کو برقرار رکھنے کی بجائے ان کی پمپس اور دکانیں بند کی گئی تو اس سے نہ صرف بے روزگاری میں اضافہ ہوگا بلکہ لوگوں کے گھروں کے چولہے بھی بجھ جائیں گے جس کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کی تمام تر ذمہ داری حکومت بلوچستان پر عائد ہوگی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) روزگار کے مواقع پر کسی بھی قسم کی قدغن کے خلاف ہیں ایک پالیسی تشکیل دی جائیں یا پھر کمیٹی تشکیل دی جائیں جو قیمتوں کو برقرار رکھنے کیلئے کام کرے۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آئندہ ہیں انہوں نے کہا کہ تعلیم تربیت کے بغیر اور تربیت تعلیم کے بغیر نامکمل ہے۔ ڈائریکٹر اوریجن آف نالج محمد رفیق نے کہا کہ یہ ادارہ مسلم باغ کے یتیم اور غریب طالب علموں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے کا مقصد درد صرف صرف دنیاوی تعلیم دینا نہیں ہے بلکہ اس ادارے میں میں دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم پر پرزور دیا جائے گا۔ شہر کے تمام نامور اور قابل اساتذہ کی مدد سے علاقے کے بچوں کیلئے اچھی تعلیم اور تربیت فراہم کی جائیگی۔ دیگر سیاسی اور قبائلی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہا کہ اس ادارے سے مسلم باغ کے عوام استفادہ حاصل کریں گے۔۔۔ وطن نیوز ایجنسی پریس کلب مسلم باغ

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئی کہ انشاء اللہ عید کے بعد تمام مری قبائل کے معتبرین کو بلا کر مری قبائل کے رنجشیں ختم کرینگے نواب چنگیز خان مری نے کہا کہ پورے ملک کی مری برادری کو ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظم کرنے کیلئے جامعہ منصوبہ بندی کے تحت اقدامات اٹھائے جائیں گے اور مری قبائل آپس میں متحد و منظم ہوگا تو انشاء اللہ ترقی و خوشحالی انکا مقدر بن جائیگی انہوں نے کہا کہ ہماری پوری کوشش ہے کہ مری قبائل میں آپس کی تمام ناراضگیوں کو ختم کیا جائے انہوں نے کہا کہ تمام مری قبائل آپس میں پیار و محبت پیدا کریں انشاء اللہ وہ ایک مضبوط ترین قبائل بن جائیگا

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جمع کئے ان کے مقابلہ میں کسی اور امیدوار نے اپنے کاغذات جمع نہیں کروائے اس طرح الیاس جمیل کمبوہ بلا مقابلہ آئندہ دو سال کے لئے رپورٹرز پریس کلب حب کے صدر منتخب ہو گئے جبکہ معروف صحافی خضر طارق بلا مقابلہ رپورٹرز پریس کلب حب کے سیکریٹری جنرل اور میر امام بزنجو بلا مقابلہ رپورٹرز پریس کلب حب کے خازن منتخب ہو گئے جبکہ نئی کابینہ کے دیگر عہدوں پر صدر جنرل سیکریٹری اور خازن باہمی مشاورت سے دوستوں کو منتخب کرے گے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بزنجو کی ٹھوس پالیسی کی بدولت وفاقی حکومت اس چیز پر مجبور ہو گئے کہ انہوں نے بقایا جات ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی لیکن ہم امید رکھتے ہیں کہ وفاقی حکومت ماضی کی طرح صرف یقین دہانی نہیں بلکہ عملی اقدامات کرنے کے بھی کوشش کریں گے۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ری کر دیئے گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سول انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں میں مربوط کوآرڈینیشن قائم کی جائے انہوں نے کہا کہ ماہی گیر سمندر کو سب سے بہتر سمجھتے ہیں ان سے اس حوالے سے مشاورت کی جائے وزیر اعلیٰ کو ڈی جی پی ڈی ایم اے نے متوقع صورتحال کے مطابق امدادی سرگرمیوں کی تیاری پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ پی ڈی ایم اے اپنی ٹیم مشینری اور امدادی سامان کے ساتھ گوادر میں موجود ہے

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مستقبل ہوتے ہیں، قوم کے مستقبل کو سنوارنے کیلئے بچوں کی بہترین تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ انہیں ہر قسم کی جبری مشقت اور ذہنی اور جسمانی استحصال سے بچانے کے لیے خصوصی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صحافت شوبز

ماہ نور کی گاڑی پر فائرنگ، والدہ کے ہمراہ گاڑی میں موجود تھیں

اداکارہ تھیٹر پہنچیں تو نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی، ڈرائیور نے گاڑی بھگادی

لاہور (ویب ڈیسک) اسٹیج کی نامور اداکارہ ماہ نور

اور ان کی والدہ فائرنگ کے واقعہ میں بال بال بچ گئیں۔ بتایا گیا ہے کہ اداکارہ ماہ نور جوان دنوں ایک اسٹیج ڈرامے کے سلسلہ میں ساہیوال میں مقیم ہیں گزشتہ رات جیسے ہی اپنی والدہ کے ہمراہ تھیٹر پہنچیں تو نامعلوم افراد کی جانب سے ان کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کردی گئی۔ ڈرائیور نے حاضری دماغی کا مظاہرہ کیا اور گاڑی بھگادی جس سے گاڑی میں موجود اداکارہ اور ان کی والدہ بال بال بچیں۔ اسٹیج کی نامور اداکارہ ماہ نور اور ان کی والدہ فائرنگ کے واقعہ میں بال بال بچ گئیں۔ بتایا گیا ہے کہ اداکارہ ماہ نور جوان دنوں ایک اسٹیج ڈرامے کے سلسلہ میں ساہیوال میں مقیم ہیں گزشتہ رات جیسے ہی اپنی والدہ کے ہمراہ تھیٹر پہنچیں تو نامعلوم افراد کی جانب سے ان کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کردی گئی۔ ڈرائیور نے حاضری دماغی کا مظاہرہ کیا اور گاڑی بھگادی

بھارتی اداکارہ روبینہ دلیک کار حادثے میں زخمی

سر اور کمر کے نچلے حصے میں چوٹ لگی ہے، لاپرواہ ٹرک ڈرائیور کیخلاف قانونی کارروائی کی جاچکی

ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی اداکارہ روبینہ دلیک کار حادثے میں زخمی ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق روبینہ دلیک کار کے ایک ٹرک سے ٹکرانے جایا گیا۔ بعد ازاں اداکارہ نے شوہر کے ٹوئٹ کو اپنے اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے اپنی صحت کے حوالے سے مداحوں کو آگاہ کیا۔ انہوں نے لکھا کہ

سے حادثے کا شکار ہوگئی تھیں، کار حادثے کے بارے میں اداکارہ کے شوہر، ابھینو شکلا نے ٹوئٹر سوشل میڈیا کے ذریعے دی۔ انہوں نے ٹوئٹ میں دو گاڑیوں کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ یہ ہمارے ساتھ ہوا، آپ کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے، فون میں مصروف ٹریفک سگنلز توڑنے والے احمقوں سے ہوشیار رہیں۔ انہوں نے لکھا کہ روبینہ اس وقت گاڑی میں تھیں جنہیں طبی امداد کے لیے لے اس حادثے میں میرے سر اور کمر کے نچلے حصے میں چوٹ لگی ہے جس سے میں صدمے میں مبتلا ہوگئی تھی لیکن اب سب کچھ ٹھیک ہے۔ انہوں نے لکھا کہ لاپرواہ ٹرک ڈرائیور کے خلاف قانونی کارروائی کی جاچکی ہے۔ انہوں نے لکھا کہ میں آپ سب سے گزارش کرتی ہوں کہ سڑک پر ہوشیار رہیں، یہ اصول ہماری اپنی حفاظت کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

شہنشاہ غزل مہدی حسن کی 11 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

لاہور (ویب ڈیسک) برصغیر کے عالمی شہرت یافتہ غزل گائیک اور شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی 11 ویں برسی آج (منگل) 13 جون کو منائی جائے گی۔ مہدی حسن 1927 میں بھارتی ریاست راجستھان کے ایک گاؤں لونا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد اور چچا دھرپد گائیکی کے ماہر تھے اور مہدی حسن کی ابتدائی تربیت گھر ہی میں ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق مہدی حسن کلاونت گھرانے کی 16 ویں پیڑھی سے تعلق رکھتے تھے۔ 1947 میں مہدی حسن اہل خانہ کے ساتھ ہجرت کرکے پاکستان آگئے اور محنت مزدوری کے طور پر سائیکلیں مرمت کرنے کا کام شروع کیا۔ اسی روایت پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے مکینک کے کام میں مہارت حاصل کی اور پہلے موٹر اور اس کے بعد ٹریکٹر کے مکینک بن گئے لیکن اس کے باوجود وہ موسیقی کے خیال سے غافل نہیں رہے اور ہر حال میں اپنا ریاض جاری رکھا 1950 کی دہائی ان کے لیے مبارک ثابت ہوئی جب ان کا تعارف ریڈیو پاکستان کے پروڈیوسر سلیم گیلانی سے ہوا۔ جوہر شناس نے موتی کی صحیح پہچان کی تھی چنانچہ دھرپد، خیال، ٹھمری اور دادرے کی تنگنائے سے نکل کر یہ جوہر قابل غزل کی پرفضا وادی میں آنکلا جہاں اس کی صلاحیتوں کو جلا ملی اور 60 کی دہائی میں ان کی گائی ہوئی فیض احمد فیض کی غزلوں میں رنگ بھرے ہر گلی کوچے میں گونجنے لگی۔

اداکارہ کرینہ جان کی طویل عرصہ کے بعد شوبز میں دوبارہ انٹری اداکارہ محفل تھیٹر میں جلوہ گر ہوگئیں

کھڈیاں خاص (ویب ڈیسک) اداکارہ کرینہ جان کی طویل عرصہ کے بعد شوبز میں دوبارہ انٹری اداکارہ محفل تھیٹر میں جلوہ گر ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ کرینہ جان جس نے عارضی طور پر شوبز سے کنارہ کشی اختیار کی تھی وہ اس ہفتے سے محفل تھیٹر میں جلوہ گر ہوگئی ہیں۔ اس سلسے میں انہوں نے اپنے نئے گانے کی پرفارمنس شروع کردی ہے جسے ان کے پرستاروں کی طرف سے بیحد سراہا جارہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک طویل عرصہ کے بعد میں ڈرامہ کررہی ہوں اور مجھے خوشی ہے کہ میرے چاہنے والے میری پرفارمنس کو پسند کررہے ہیں۔ کرینہ جان کا کہنا تھا کہ میری کوشش ہوتی کہ میں وہ کام کروں جو میرے چاہنے والوں کو پسند آئے اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ شوبز سے دوری کچھ عارضی طور پر اختیار کی تھی اب میں باقاعدگی سے شوبز کی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہوں اور تھیٹر سے ہٹ کہ میں ٹی وی ڈرامے اور ماڈلنگ بھی کروں گی۔ اداکارہ کرینہ جان کی طویل عرصہ کے بعد شوبز میں دوبارہ انٹری اداکارہ محفل تھیٹر میں جلوہ گر ہو گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ کرینہ جان جس نے عارضی طور پر شوبز سے کنارہ کشی اختیار کی تھی وہ اس ہفتے سے محفل تھیٹر میں جلوہ گر ہوگئی ہیں۔

حریم شاہ کی ویڈیوز لیک کرنے کے الزام میں صندل خٹک گرفتار

ٹک ٹاک پر کشمیر کی آزادی کیلئے ویڈیوز نہیں ڈالی جاتیں، ٹک ٹاکر جو ویڈیوز بناتے ہیں، سب کو معلوم ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) معروف ٹک ٹاکر حریم شاہ ویڈیوز لیک کیس میں ٹک ٹاکر ملزمہ صندل خٹک کو ایف آئی اے نے گرفتار کرلیا ہے۔ اسلام آباد شاہ نے اپنی لیک شدہ ویڈیوز اور تصاویر کمرہ عدالت میں دکھائیں۔ سماعت کے دوران اسپیشل جج سینٹرل اعظم خان نے دلائل سننے کے بعد ملزمہ صندل خٹک

میں اسپیشل جج سینٹرل اعظم خان نے ٹک ٹاکر حریم شاہ ویڈیوز لیک کیس کی سماعت کی، اس دوران مدعی حریم شاہ اور ملزمہ صندل خٹک اپنے وکلا کے ہمراہ عدالت کے سامنے پیش ہوئیں۔ اس دوران ٹک ٹاکر حریم کی درخواست ضمانت مسترد کر دی۔ ملزمہ صندل خٹک نے عدالت میں اپنے بیان میں کہا کہ حریم شاہ کی ویڈیوز ابھی لیک ہوئی ہیں، یہ مجھے ایک سال سے تنگ کر رہی ہے

اسلم پھلروان کو کراچی میں بننے والی دو ڈرامہ سیریلز میں کاسٹ کرلیا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) اداکارہ اسلم پھلروان کو کراچی میں بننے والی دو ڈرامہ سیریلز میں کاسٹ کرلیا گیا۔ لاہور سے کراچی شفٹ ہونے والے پرل آئی پروڈکشن کے روح رواں اور اداکار اسلم پھلروان کو ڈائریکٹر احمد بھٹی نے نجی ٹی وی کے لئے بنائی جانے والی ڈرامہ سیریل ''ممکن'' میں کاسٹ کیا ہے۔ جس میں ان کے ساتھ حبا بخاری، زوار یار، ندا ممتاز، جمال شاہ سمیت اداکار شامل ہیں۔ گزشتہ روز کراچی کے امیر خسرو پارک میں ڈرامے کی شوٹنگ کی گئی جس میں ڈرامے کی تمام کاسٹ نے اپنے حصے کی عکسبندی کرائی۔ دوسری ڈرامہ سیریل بی پلان پروڈکشن کی ہے جو ''اماں سویٹ'' کے نام سے بنائی جارہی ہے اس کے ڈائریکٹر سلمان جعفری ہیں اس میں بھی اسلم پھلروان مرکزی کردار ادا کررہے ہیں۔ اداکارہ اسلم پھلروان کو کراچی میں بننے والی دو ڈرامہ سیریلز میں کاسٹ کرلیا گیا۔ لاہور سے کراچی شفٹ ہونے والے پرل آئی پروڈکشن کے روح رواں اور اداکار اسلم پھلروان کو ڈائریکٹر احمد بھٹی نے نجی ٹی وی کے لئے بنائی جانے والی ڈرامہ سیریل ''ممکن'' میں کاسٹ کیا ہے

ملک آصف شہزاد نے حج کے حوالے سے نیا کلام ''میں تیرا مہمان بن جاں'' مکمل کرلیا

کھڈیاں خاص (ویب ڈیسک) معروف گلوکار ملک آصف شہزاد نے حج کے حوالے سے نیا کلام ''ربا ایسا توں کرم کمادے میں تیرا مہمان بن جاں'' مکمل کرلیا۔ اس خصوصی کلام کی شاعری اور کمپوزیشن ان کی اپنی تیار کی گئی ہے جبکہ اس کی ریکارڈنگ و مکس ماسٹرنگ ٹیپو سردار نے کی ہے اس کلام کو گذشتہ روز میوزک مائنڈ سٹوڈیو میں ریکارڈ کیا گیا تھا اس کلام کے ویڈیو ڈائریکٹر نوید چوہدری، کیمرہ مین موسیٰ اور ایڈیٹر بلیش ہیں۔ اس کلام کو کیم ذوالحج کو ان کے آفیشل یوٹیوب چینل ''لوکل ٹی وی HD'' و دیگر سوشل سائٹس پر ریلیز کیا جائیگا۔ ایک ملاقات کے دوران ملک آصف شہزاد نے بتایا کہ اس سے قبل انہوں نے رمضان کے حوالے سے اپنا کلام ''ماہ رمضان وچ عمرے تے جاواں میں'' ریلیز کیا تھا جس نے بیحد مقبولیت حاصل کی تھی۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ انہیں امید ہے کہ ان کے پرستار حج کے اس خصوصی کلام کو بھی سراہیں گے۔ ملک آصف شہزاد ان دنوں عید کے خصوصی گانے کی ریکارڈنگ میں بھی مصروف ہیں جنہیں عید پر ریلیز کیا جائیگا۔ معروف گلوکار ملک آصف شہزاد نے حج کے حوالے سے نیا کلام ''ربا ایسا توں کرم کمادے میں تیرا مہمان بن جاں'' مکمل کرلیا۔ اس خصوصی کلام کی شاعری اور کمپوزیشن ان کی اپنی تیار کی گئی ہے جبکہ اس کی ریکارڈنگ و مکس ماسٹرنگ ٹیپو سردار نے کی ہے اس کلام کو گذشتہ روز میوزک مائنڈ سٹوڈیو میں ریکارڈ کیا گیا تھا اس کلام کے ویڈیو ڈائریکٹر نوید چوہدری، کیمرہ مین موسیٰ اور ایڈیٹر بلیش ہیں۔ اس کلام کو کیم ذوالحج کو ان کے آفیشل یوٹیوب چینل ''لوکل ٹی وی HD'' و دیگر سوشل سائٹس پر ریلیز کیا جائیگا۔

پراجیکٹ کی پرموشن کیلئے کاجول کو مداحوں سے جھوٹ بولنا مہنگا پڑ گیا، شدید تنقید

مداح پراجیکٹ کی تشہیر کے لیے جھوٹ بولنے، انسٹاگرام پر تشہیر کیلئے جذباتی پوسٹ کرنے پر اداکارہ کو سخت تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں

ممبئی (ویب ڈیسک) اداکارہ کاجول کے سوشل میڈیا سے بریک لینے کی حقیقت سامنے آ گئی ہے۔ انسٹاگرام پر کاجول نے ایک پوسٹ کے کیپشن دی تھیں جس کے بعد مداحوں میں کھلبلی مچ گئی تھی، اب اس پوسٹ کی حقیقت سامنے آئی ہے۔ اداکارہ نے سوشل میڈیا سے بریک لینے، خود کو مشکل میں

میں بتایا تھا کہ وہ سوشل میڈیا سے بریک لے رہی ہیں جبکہ وال پیپر پر منی پوسٹ پر لکھا تھا کہ مجھے زندگی کی مشکل ترین آزمائش کا سامنا ہے۔ کاجول نے اعلان کرکے انسٹاگرام اکاؤنٹ سے تمام تصاویر ہٹا گھرے ہونے کا اعلان اپنے نئے پراجیکٹ کی پروموشن کے لیے کیا تھا۔ کاجول کا دی ٹرائل کے نام سے نیا ڈرامہ آرہا ہے جسے او ٹی ٹی پلیٹ فارم ڈزنی پر جاری کیا جائے گا۔

فضا علی کی بڑی بہن انتقال کرگئیں

جس میں ان کی بہن جھولے جھول رہی ہیں اور ان کی بیٹی فریال اپنی بڑی خالہ کو جھولا جھلا رہی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) اداکارہ، ماڈل فضاء علی کی بڑی بہن علالت کے بعد انتقال کرگئیں۔ انسٹاگرام پر فضا علی نے اسٹوری شیئر کرتے ہوئے اپنی ہمشیرہ کے انتقال کی خبر اپنے مداحوں کو دی۔ انہوں نے اپنی بہن کے لئے دعاں کی اپیل کرتے ہوئے لکھا کہ آپی چلی گئی، مجھے اور فریال کو چھوڑ کے اس دنیا سے، ہمیشہ کیلئے، ان کی آگے کی زندگی کے سفر کیلئے دعا کیجئے گا۔ اداکارہ نے اپنی بہن کی یاد میں ایک ویڈیو بھی شیئر کی ہے جس میں ان کی بہن جھولے جھول رہی ہیں اور ان کی بیٹی فریال اپنی بڑی خالہ کو جھولا جھلا رہی ہے۔ اداکارہ، ماڈل فضاء علی کی بڑی بہن علالت کے بعد انتقال کرگئیں۔ انسٹاگرام پر فضا علی نے اسٹوری شیئر کرتے ہوئے اپنی ہمشیرہ کے انتقال کی خبر اپنے مداحوں کو دی۔

SPORTS

صحافت سپورٹس

فلم میں انارکلی کا کردار ادا کرنے کی خواہش ہے، اریج محی الدین

امریکہ جانا چاہتی ہوں، ماسٹرز کرنے کا ارادہ ہے جس کیلئے پیسے جمع کررہی ہوں

لاہور (ویب ڈیسک) نامور اداکارہ اریج محی الدین

نے کہا ہے کہ فلم میں انارکلی کا کردار ادا کرنے کی خواہش ہے، میں بچت کرتی ہوں اور میرے بڑے بڑے پلان ہیں، امریکہ جانا چاہتی ہوں، ماسٹرز کرنے کا ارادہ ہے اس کے لیے پیسے جمع کررہی ہوں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ گاڑی ابھی خریدی ہے، کپڑے بنانے کا اتنا شوق نہیں ہے۔ اداکارہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ میری خواہش ہے فلم میں انارکلی کا کردار کروں لیکن لیلیٰ مجنوں بھی اچھا کردار ہے۔ نامور اداکارہ اریج محی الدین نے کہا ہے کہ فلم میں انارکلی کا کردار ادا کرنے کی خواہش ہے، میں بچت کرتی ہوں اور میرے بڑے بڑے پلان ہیں، امریکہ جانا چاہتی ہوں، ماسٹرز کرنے کا ارادہ ہے اس کے لیے پیسے جمع کررہی ہوں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ گاڑی ابھی خریدی ہے، کپڑے بنانے کا اتنا شوق نہیں ہے۔

ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ ہارنے پر سچن ٹنڈولکر کی بھارتی ٹیم پر تنقید

بھارتی ٹیم کو پہلی اننگز میں اچھی بیٹنگ کرنی چاہیے تھی جو وہ نہیں کرسکی، سابق بھارتی اسٹار بیٹر

نئی دہلی (ویب ڈیسک) سابق بھارتی اسٹار بیٹر آسٹریلیا کے پاس 5 بائیں ہاتھ کے بیٹرز

سچن ٹنڈولکر نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ ہارنے پر بھارتی ٹیم پر تنقید کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں سچن ٹنڈولکر نے سینئر آف اسپنر روی چندرن ایشون کو ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ کے فائنل کے لیے پلیئنگ الیون سے باہر کرنے پر حیرانی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایشون دنیا کے نمبر ون ٹیسٹ بولر ہیں اور ان جیسے اسپنرز کو سازگار حالات کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، تھے۔ سچن ٹنڈولکر کا کہنا ہے کہ بھارتی ٹیم کو پہلی اننگز میں اچھی بیٹنگ کرنی چاہیے تھی جو وہ نہیں کر سکی۔ سابق بھارتی کھلاڑی نے اپنے ٹوئٹ میں آسٹریلوی ٹیم کو ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد بھی دی۔ واضح رہے کہ لندن کے اوول کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے فائنل مقابلے میں آسٹریلوی ٹیم نے بھارت کو 209 رنز سے شکست دے کر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ جیت لی ہے۔

کوریا میں پاکستان کمیونٹی کے سربراہ نزاکت مرزا کی جانب سے پاکستانی ویمن نیٹ بال ٹیم کے اعزاز میں ڈنر کا اہتمام

اسلام آباد (ویب ڈیسک) کوریا میں پاکستان کمیونٹی کے صدر نزاکت مرزا کی جانب سے پوسان کوریا کے ایک مقامی ہوٹل پاکستانی ویمن نیٹ بال ٹیم کے اعزاز میں ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر کوریا میں پاکستان کمیونٹی کے نائب صدر چوہدری رشید گوجر، جنرل سیکرٹری محمد عالم خان، پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں اور المدینہ مسجد جھنگ نم پوسان کے خطیب حضرت علامہ مولانا میاں محمد اشرف کے علاوہ کوریا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے مرد اور خواتین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ پاکستان کمیونٹی کوریا کے صدر نزاکت مرزا نے پاکستانی ویمن نیٹ بال ٹیم کے کھلاڑیوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے حوالے سے پاکستان ایک پرامن اور محفوظ ملک ہے اور پاکستانی عوام غیر ملکی کھلاڑیوں کے ساتھ بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ چوہدری رشید گوجر نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ ہمارے لئے بڑی خوشی کی بات ہے کہ پاکستانی کھلاڑی ایشین چیمپئن شپ میں شرکت کررہی ہے اور ہار جیت کھیل کا حصہ ہے کھیل کے میدان میں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی بہت ضروری ہے۔ حضرت علامہ مولانا میاں محمد اشرف نے کہا کہ کھیل امن اور بھائی چارے کا درس دیتی ہیں اور کھلاڑی ہر ملک کا سرمایہ اور ملک کے سفیر کا درجہ رکھتے ہیں۔

فرنچ اوپن میں فتح، جوکووچ سب سے زیادہ گرینڈ سلم ٹائٹل جیتنے والے کھلاڑی بن گئے

فرانس (ویب ڈیسک) سربیا کے نوواک جوکووچ نے فرنچ اوپن جیت کر سب سے زیادہ گرینڈ سلم ٹائٹل جیتنے کا ریکارڈ قائم کردیا۔ پیرس میں کھیلے گئے فرنچ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے فائنل میں جوکووچ نے ناروے کے کیسپر رود کو اسٹریٹ سیٹس میں شکست دی۔ فائنل میں جوکووچ اور کیسپر کے درمیان پہلے سیٹ میں دلچسپ مقابلہ ہوا، مقابلہ ٹائی بریکر تک گیا، جس میں جوکووچ نے کامیابی اپنے نام کی۔ دوسرے سیٹ میں کیسپر رود جم کے مقابلہ نہ کر سکے، جوکووچ نے اس سیٹ میں صرف تین گیم مس کیے اور سیٹ جیت لیا۔ فائنل کا تیسرا سیٹ فیصلہ کن ثابت ہوا، جس میں جوکووچ نے 7-5 کی فتح کے ساتھ تیسری مرتبہ فرنچ اوپن کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اس کامیابی کے ساتھ جوکووچ سب سے زیاہ 23 گرینڈ سلم ٹینس ٹائٹل جیتنے والے کھلاڑی بن گئے۔ جوکووچ آسٹریلین اوپن 10، ومبلڈن 7 اور یو ایس اوپن 3 مرتبہ جیت چکے ہیں۔ اس سے قبل سب سے زیادہ گرینڈ سلم ٹائٹل جیتنے کا ریکارڈ اسپین کے رافیل نڈال کے پاس تھا، جنہوں نے 22 ٹائٹل اپنے نام کیے جبکہ راجر فیڈرر نے 20 گرینڈ سلم جیتے۔ سربیا کے نوواک جوکووچ نے فرنچ اوپن جیت کر سب سے زیادہ گرینڈ سلم ٹائٹل جیتنے کا ریکارڈ قائم کردیا۔

جو قومیں شہدا کو بھول جائیں ان کا نام ونشان نہیں رہتا، شاہد آفریدی

ملک سے محبت کرنے والے ہر شخص کے دل میں پاکستانی فوج کی عقیدت ہے، حارث رؤف

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے افواج پاکستان اور شہدا کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سابق کرکٹر شاہد آفریدی نے بولر حارث رؤف کا کہنا ہے کہ افواج پاکستان کی محبت ہماری رگ رگ میں بسی ہے۔ ملک سے محبت کرنے والے ہر شخص کے دل میں پاکستانی فوج کی عقیدت



پاک فوج کی قربانیوں [illegible] وطن پاک [illegible] قوم میں [illegible] میں کوئی [illegible]

آسٹریلیا تمام آئی سی سی ٹورنامنٹ جیتنے والی پہلی ٹیم بن گئی

لندن (ویب ڈیسک) آسٹریلیا نے بھارت کو ٹیسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں شکست دے کر ایک اہم اعزاز اپنے نام کرلیا۔ آسٹریلیا لندن کے اوول گراؤنڈ میں کھیلے گئے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں بھارت کو 209 رنز سے شکست دے کر ٹیسٹ کرکٹ کا ورلڈ چمپئن بن گیا۔ اس کے ساتھ آسٹریلیا تمام آئی سی سی ٹورنامنٹ جیتنے والی پہلی ٹیم بن گئی۔ آسٹریلیا 5 بار ورلڈ کپ، 2 بار چمپئن ٹرافی، ایک بار ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ اپنے نام کرچکا ہے اور اب ٹیسٹ چمپئن شپ بھی جیت کر آسٹریلیا تمام آئی سی سی مینز ٹورنامنٹ جیتنے والی پہلی ٹیم بن گئی۔

بی سی سی آئی کا تیار کردہ ورلڈ کپ شیڈول آئی سی سی کے حوالے

دبئی (ویب ڈیسک) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے ورلڈ کپ شیڈول فائنل کرکے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو بھیج دیا۔ آئی سی سی نے فیڈ بیک کے لئے شیڈول ورلڈ کپ کھیلنے والے ممالک کے ساتھ شیئر کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شیڈول کے تحت پاک بھارت ٹاکرا 15 اکتوبر کو نریندرا مودی اسٹیڈیم میں ہونے کا امکان ہے۔ شیڈول کے مطابق ورلڈ کپ کا آغاز 5 اکتوبر کو ہوگا، فائنل 19 نومبر کو احمد آباد اسٹیڈیم میں ہوگا۔ ورلڈ کپ کا پہلا میچ دفاعی چمپئن انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا، ایونٹ میں شامل ہر ٹیم 9 لیگ میچز کھیلے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان ٹیم احمد آباد اور بھارتی حیدرآباد میں دو کوالیفائر ٹیم کے خلاف میچ کھیلے گی۔ قومی ٹیم بنگلورو میں آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے خلاف میچ کھیلے گی، جبکہ افغانستان اور جنوبی افریقہ کے خلاف چنئی، بنگلا دیش، انگلینڈ کے خلاف کولکتہ میں ایکشن میں ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ورلڈ کپ کا فائنل شیڈول رواں ہفتے جاری ہونے کا امکان ہے۔

ملک میں ثقافتی کھیل کبڈی کے فروغ کے لئے حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی ضروری ہے، فاروق پہلوان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) انٹرنیشنل کبڈی کھلاڑی فاروق پہلوان نے کہا ہے کہ ملک میں ثقافتی کھیل کبڈی کے فروغ کے لئے حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ بین الاقوامی سطح پر میڈلز حاصل کرنے والے کھلاڑی نے کہا کہ ملک میں دیہاتی سطح پر کبڈی کے کھیل کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے لیکن اس ٹیلنٹ کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے اور اس ٹیلنٹ کو بروئے کار لانے کے لئے حکومت اور فیڈریشن کو ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

ہم ٹی وی کی نئی سہہ ماہی کے زبردست ڈرامے

اپنے اچھوتے موضوعات اور معیاری مواد کی فراہمی کے سبب زبردست عوامی پذیرائی حاصل کرتے ہیں

کھڈیاں خاص (ویب ڈیسک) ہم ٹی وی ایک بار پھر کئی شاہکار ڈرامے پیش کررہا ہے۔ نئے چہروں، خوبصورت جوڑیوں اور دلچسپ کہانیوں کے امتزاج 'نئے چہروں' مختلف موضوعات اور دلچسپ کہانیوں پر مشتمل یہ ڈرامے یقیناً ناظرین کے دل جیت لیں گے۔ ان میں نئی ڈرامہ سیریل ''جھوک سرکار'' شامل ہے، ہم ٹی وی سے شروع ہونے والی نئی ڈرامہ سیریل ''جھوک سرکار'' ہم ٹی وی کی سپر ہٹ سیریل ''پری زاد'' کی مایہ ناز ٹیم کی پیشکش ہے۔ جھوک نامی قصبے کے گرد گھومتی اس ڈرامے کی دلفریب کہانی اقتدار، سیاست، ہوس اور انصاف جیسے اہم موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ ڈرامہ سیریل طاقت اور اثر ورسوخ کے جال میں پھنسے اس قصبے کے سادہ لوح باشندوں کو درپیش جدوجہد پر روشنی ڈالتی ہے۔ ''جھوک سرکار'' ایک پرعزم اور دیانت دار پولیس افسر ارسلان کی کہانی ہے جو بے خوف ہوکر ناانصافی کے خلاف سینہ سپر ہے۔ ''جھوک'' میں قائم ظلم کی بھول بھلیوں اور سماجی برائیوں کو اپنے غیر متزلزل عزم سے پاک کرنے کے مشن کے ساتھ آگے بڑھتا ہے۔ یہ کام سہل نہیں کیونکہ اس سفر میں اسے ایک بے رحم باپ بیٹے کی جوڑی پیرل اور میرال کا سامنا ہے اور پورا جھوک ان کی سفاکیت کا شکار ہے۔ باصلاحیت ہاشم ندیم کی تحریر کردہ اور سیف حسن کی ہدایتکاری میں بننے والی سیریل ''جھوک سرکار'' میں دل میں اتر جانے والے تمام اجزائے ترکیبی یعنی سنسنی، دلچسپ اتار چڑھاؤ، مضبوط کرداری نگاری اور دل موہ لینے والے ڈائیلاگز شامل ہیں۔

ٹیسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں شکست کے بعد کوہلی کی انسٹاگرام اسٹوری وائرل

ویرات کوہلی نے انسٹاگرام پر اسٹوری لگائی جس میں ایک قول شیئر کیا کہ خاموشی طاقت کا ذریعہ ہے

نئی دہلی (ویب ڈیسک) آسٹریلیا کے ہاتھوں آئی سی سی [illegible] سابق بھارتی کرکٹرز نے بھی انڈین ٹیم کے [illegible]



[illegible]

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ری کردیئے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سول انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں میں مربوط کوآرڈینیشن قائم کی جائے انہوں نے کہا کہ ماہی گیر سمندر کو سب سے بہتر سمجھتے ہیں ان سے اس حوالے سے مشاورت کی جائے وزیراعلیٰ کو ڈی جی پی ڈی ایم اے نے متوقع صورتحال کے مطابق امدادی سرگرمیوں کی تیاری پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ پی ڈی ایم اے اپنی ٹیم مشینری اور امدادی سامان کے ساتھ گوادر میں موجود ہے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ صورتحال کی مسلسل نگرانی کرتے ہوئے اس کے مطابق لائحہ عمل مرتب کیا جائے اور سمندری طوفان میں ہر قسم کی ہنگامی صورتحال سے مؤثر طور پر نمٹنے کی تیاری مکمل رکھی جائے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مستقبل ہوتے ہیں، قوم کے مستقبل کو سنوارنے کیلئے بچوں کی بہترین تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ انہیں ہر قسم کی جبری مشقت اور ذہنی اور جسمانی استحصال سے بچانے کے لیے خصوصی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بچوں سے جبری مشقت لینا ان سے ان کا بچپن چھین لینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں سے مشقت لینے سے وہ تعلیم حاصل کرنے اور کھیلوں میں حصہ لینے جو ان کی نشونما کے لئے ضروری ہیں سے محروم رہ جاتے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار عالمی چائلڈ لیبر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا جو ہر سال 12 جون کو اقوام متحدہ کے کے زیر اہتمام دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ آئین پاکستان بچوں کے حقوق کے تحفظ کی مکمل ضمانت دیتا ہے اور آئین کے تحت 5 سے 16 سال تک بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کے لیے سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بچوں کو مشقت سے بچانے کے عالمی کنونشن کا سگنیٹری ہے اور بچوں کو مشقت سے بچانے کے عالمی معاہدات پر سختی سے

[illegible]

رہے گا۔ عمر ایوب نے کہا کہ اس فاشسٹ حکومت کو حقیقت کا سامنا کرنا چاہیے، حکومت کو جان لینا چاہیے کہ اس نے عوام کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا، یہ لوگ عوام کو حقیر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب ایک ظالم حکومت مخالف آوازوں کو کچلتی ہے تو اس کے دن صحیح معنوں میں گنے جاتے ہیں اور یہ صرف خوف سے حکومت کرتی ہے۔ ایک اور بیان میں عمر ایوب نے کہا کہ کیا ستم ظریفی ہے ایک غیر قانونی وزیراعلیٰ پنجاب ایک امپورٹڈ وزیراعظم کے ساتھ آئندہ پنجاب کے بجٹ پر بحث کر رہا ہے، یہ لوگ جانتے ہیں کہ پیش کیا جانے والا بجٹ غیر قانونی ہوگا اور اسے چیلنج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خرچ کیے گئے اخراجات غیر قانونی ہوں گے، چیف سیکرٹری اور بیوروکریسی آنے والے دنوں میں خود کو قانونی چارہ جوئی کے لیے پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کا بجٹ غلط مفروضوں پر مبنی ہوگا، جس طرح وفاقی بجٹ پیش کیا گیا تھا جو کہ جعلی اعداد و شمار پر مبنی تھا۔ سابق وزیر نے کہا کہ وفاقی بجٹ حقیقی اخراجات کو پورا کرنے کے لیے خیالی رقم کی آمد پر مبنی تھا، یہ ہولناک تباہی کا ایک نسخہ ہے جو پاکستانی عوام کے لیے گہرے درد کا باعث بنے گا۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے روس سے سستے تیل کی پہلی کارگو پچھلے سال اپریل میں موصول کرنی تھی۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ تحریک انصاف نے روس سے سستے تیل کی پہلی کارگو پچھلے سال اپریل میں موصول کرنی تھی، اس سلسلے میں میں نے روس کے حکام کی درخواست پر ان سے ہوئی تمام بات چیت کو تحریری شکل دے کر روس کے ہم منصب کو پاکستانی سفیر کے ذریعے بھجوایا۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کے پی ڈی ایم حکومت نے اس معاملے پر 14 ماہ تال مٹول سے کام لیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں یہ کہتے رہے کہ یہ تیل ہماری ریفائنریز میں چل نہیں سکتا اور عالمی دنیا سے پاکستان پر معاشی پابندیاں لگ جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں بار بار کہتا رہا کہ یہ جھوٹ ہے اور ایسا کچھ نہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر تحریک انصاف حکومت کی ساتھ ہوئی بات چیت پر عمل کیا جاتا تو اربوں ڈالر کا ملک کو فائدہ پہنچتا اور عوام پر مہنگائی کا بوجھ کم ہوتا۔ حماد اظہر نے کہا کہ اب 14 ماہ کے بعد ڈسکاؤنٹ بھی کوئی خاص نہیں ملا اور تعداد بھی بہت تھوڑی خریدی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم حکومت نے ہر چیز کا بیڑہ غرق کرنے کا عزم کیا ہوا ہے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ر میں 30 سے 40 فٹ اونچی لہریں اٹھنے لگیں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق طوفان بپر جوائے کراچی سے صرف 600 کلومیٹر دور رہ گیا ہے اور طوفان کے مرکز میں ہواؤں کی رفتار 200 کلومیٹر فی گھنٹہ تک پہنچ گئی ہیں۔ حکام کے مطابق طوفان بپر جوائے کے باعث سمندر میں 30 سے 40 فٹ اونچی لہریں اٹھنے لگی ہیں تاہم فی الحال طوفان کا رخ بھارتی گجرات کی طرف ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ اگر طوفان نے اپنا

رستہ بدلا تو کراچی سمیت سندھ کی پوری ساحلی پٹی متاثر ہونے کا خدشہ ہے اور ساحلی علاقوں میں 300 سے 400 ملی میٹر تک تیز بارشوں کا امکان ہے۔ بھارت میں بھی سمندری طوفان بپر جوائے کے زیر اثر ممبئی میں اتوار کی رات سے ہلکی بارش کا سلسلہ جاری ہے اور بھارتی محکمہ موسمیات کے مطابق ممبئی میں بارش کا سلسلہ 24 گھنٹوں تک جاری رہ سکتا ہے۔ بھارتی میڈیا کا بتانا ہے کہ ممبئی میں ہفتہ کو 38.5 ڈگری کے ساتھ جون کا گرم ترین دن ریکارڈ کیا گیا جبکہ طوفان بپر جوائے کے پیش نظر شہر میں یلو الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ کراچی میں 6 گھنٹے کے اسپیل میں 100 ملی میٹر بارش متوقع دوسری جانب ڈائریکٹر سائیکلون وارننگ سینٹر زبیر صدیقی کا کہنا ہے کہ سمندری طوفان سے کراچی کو براہ راست کوئی خطرہ نہیں ہے، 15 جون کو طوفان کیٹی بندر اور بھارتی گجرات تک ٹکرائے گا، کراچی میں بدھ کی شام سے بارش کا آغاز ہوسکتا ہے۔ زبیر صدیقی کا کہنا ہے کہ کراچی میں 6 گھنٹے کے اسپیل میں 100 ملی میٹر بارش متوقع ہے، بدھ کی شام شروع ہونے والی بارش جمعہ تک جاری رہ سکتی ہے۔ ڈائریکٹر سائیکلون وارننگ سینٹر کے مطابق سمندری طوفان کے باعث کراچی میں تیز ہواؤں کا امکان بھی ہے، سائیکلون کا قطر کافی بڑا ہے جس میں کراچی بھی آرہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب میں بننے والا سمندری طوفان بپر جوائے 14 جون تک شمال کی جانب بڑھیگا اور 15 جون کی دوپہر کو طوفان جنوب مشرقی سندھ اور بھارتی گجرات کو عبور کریگا۔ حکام محکمہ موسمیات کے مطابق 15 جون کی صبح تک سمندری طوفان کیٹی بندر اور بھارتی گجرات کے درمیان ٹکرا سکتا ہے۔ سمندری طوفان "بائپر جوائے" کے اثرات سامنے آنے لگے، سمندر بپھرنے سے بلوچستان کے علاقے اور ماڑہ، گڈانی، ڈام بندر سمندر بپھرنے سے پانی رہائشی علاقے میں داخل ہوگیا تفصیلات کے مطابق بحیرہ عرب میں موجود سمندری طوفان کے باعث مکران کی سمندری حدود میں طغیانی کے سبب گوادر کے علاقے اور ماڑہ دیہی زر میں سمندر بپھر گیا، سمندر کا

[illegible]

سمندری پانی جوار کے دنوں میں ساحل سمندر کے نشیبی علاقوں میں داخل ہو جاتا ہے مگر اس وقت جو سمندری پانی ساحلی نشیبی علاقوں میں داخل ہو رہا ہے وہ سمندر میں خرابی کی وجہ سے سونمیانی اور ڈام بندر کے نشیبی علاقوں ماما نواز علی بندر، طالبانی محلہ، الیاسانی محلہ، عبداللطیف مانڈرہ محلہ سمیت دیگر نشیبی علاقوں میں سمندری پانی داخل ہوگیا تاہم کسی بھی مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے میں داخل ہونے ہوا ہے متوقع سمندری طوفان پر جوائے کی لہروں کی اثرات کے باعث ہو رہا ہے جو کہ اس بات کا ثبوت پیش کر رہا ہے کہ اوپن سی میں سمندری طوفان پر جوائے کی لہریں موجود ہیں واضع رہے کہ متوقع سمندری طوفان پر جوائے کی لہروں کی ساحل سمندر پر ٹکرانے سے پیدا ہونے والی صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر وندر سلمان علی میونسپل کمیٹی وندر کے چیرمین امام بخش برہ وائس چیئرمین محمد اسلم سوری یونین کونسل ڈام بندر کے چیئرمین محمد سلیم خاصخیلی وائس چیئرمین آصف بلوچ یونین کونسل سونمیانی کے چیرمین عبدالواحد سوری وائس چیئرمین بلال احمد خاصخیلی سمیت متعلقہ اداروں کے نمائندگان کی ایک ہنگامی اجلاس اسسٹنٹ کمشنر وندر سلمان علی کی سربراہی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی وندر عنایت اللہ راٹھور ایس ایچ او پولیس تھانہ وندر عبدالحق موسیانی و دیگر کی موجودگی میں منعقد کیا گیا جس میں سمندری طوفان پر جوائے کی طوفانی لہروں کے باعث ساحلی علاقوں میں داخل ہونے والے سمندری پانی سے عوام اور انسانی آبادیوں کو محفوظ رکھنے کے لیے فوری طور پر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جانے کے لیے لائحہ عمل تشکیل دیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران اور اہلکاروں کو ہمہ وقت الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کیے گئے ہیں

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سپیکر قومی اسمبلی کی تنخواہوں اور مراعات کا بل ایوان میں وزیر مملکت برائے قانون شہادت اعوان نے پیش کیا جسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ 9 مئی کے پرتشدد واقعات پر متفقہ طور پر مذمتی قرارداد شہادت اعوان نے پیش کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کو جناح ہاؤس، ریڈیو پاکستان اور دیگر واقعات کی مذمت کرتے ہیں، واقعے میں ملوث افراد اور سہولت کاروں کو سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ مذمتی قرارداد میں کہا گیا کہ پاک فوج کے شہدا پاکستان کا فخر ہیں۔ آصف کرمانی نے اپوزیشن کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ قائد حزب اختلاف سے سوال ہے 50 لاکھ اور 1 کروڑ نوکری کا کیا معاملہ ہوا؟ شوکت ترین اپنے وزراء کو کہہ رہے تھے کہ آئی ایم ایف کو کہو کہ حکومت کو سنبھالا نہ دے، ان کا پارٹی چیئرمین سیاسی قوت سے بات کرنے کو تیار نہیں، بات آرمی چیف سے کرنی ہے جو ان سے بات کرنے کو تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے جس پر حملہ کر کے انہوں نے اپنا فاشسٹ چہرہ دیکھایا۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کا حساب دو، قائداعظم پر حملے کا جواب دو۔ آصف کرمانی کی تقریر پر پی ٹی آئی اراکین نے ہنگامہ کھڑا

کردیا، تلخ جملوں کا تبادلہ بھی ہوا جبکہ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے معاملہ رفع دفع کر دیا۔ ایوان میں پیش کردہ بجٹ پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف شہزاد وسیم نے کہا کہ بجٹ میں اعداد کا گورکھ دھندا اور الفاظ کی ہیرا پھیری ہے، حکومت نے بجٹ میں جو خواب دکھائے اس کی کوئی تعبیر نہیں، 13 جماعتوں پر مشتمل نام نہاد تجربہ کار حکومت ہر شعبے میں ناکام ہوئی ہے، ایک سال میں جی ڈی پی 6 فیصد سے 0.29 پر لے آئے ہیں، بدترین مہنگائی ہے، مہنگائی کی شرح 48 فیصد ہوچکی ہے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اتحادی حکومت نے وسیع تر قومی مفاد میں سکڑتی معیشت کو سہارا دیا، معاشی ٹیم نے جس قدر ہوسکا عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کی، 9 مئی کے واقعات ایک دن میں نہیں ہوئے، اس کے پیچھے پلاننگ کی گئی۔ سینیٹر ولید اقبال نے کہا کہ سب کو نظر آرہا ہے یہ ایک بھکاری قوم کا بجٹ ہے، بجٹ تو پیش ہوگیا لیکن پیسے موجود نہیں۔ سینیٹر طاہر بزنجو نے کہا کہ بجٹ میں مجھے بلوچستان کے لیے کچھ نظر نہیں آیا۔ بجٹ پر بحث جاری تھی کہ اجلاس منگل کی سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کردیا گیا۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روہ اندر سے تاریخ کے بہت بڑے مجرم ہیں، ان کو سامنے لانا چاہیے،، عجب بات ہے کہ آج ہماری عدلیہ جرم کے تحفظ کے لیے رہ گئی ہے، پاکستان کی خارجہ پالیسی کا محور پاکستان کا مفاد ہونا چاہیے، خارجہ پالیسی میں دوطرفہ مفادات کا تحفظ ہماری ترجیح ہے، بھارت کے پڑوسی ممالک کے خلاف جارحانہ رویوں کی مذمت کرتے ہیں، کشمیر پر قبضہ عمران، مودی گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے، کشمیر پر قبضہ کرکے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے، مجلس شوریٰ نے عام انتخابات کی تیاری کیلئے چاروں صوبائی جماعتوں کو ہدایت کردی ہے، انٹرا پارٹی انتخابات نئی رکنیت سازی کا آغاز کیا جائے گا۔ پیر کو ملکی سیاسی و مجموعی صورتحال کے حوالے سے جمعیت علما اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس مولانا فضل الرحمٰن کے زیر صدارت ہوا، اجلاس میں جمعیت علما اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اجلاس میں 9 مئی کے واقعات، دفاعی، فوجی تنصیبات پر حملے کی مذمت کی وہیں، ان حملوں کو تاریخ کا سیاہ باب قرار دیا اور حکومت کو واضح طور پر یہ تجویز دی گئی ہے کہ اس طرح کے فتنے کی بیخ کنی ہونی چاہیے اور سخت سے سخت اقدامات اٹھانے چاہییں۔ سربراہ پی ڈی ایم نے کہا کہ اپنے سیاسی طویل سیاسی سفر میں ہم نے ملکی اتار چڑھاؤ کو قریب سے دیکھا ہے، گزشتہ سالوں میں ایسا نظر آیا ہے کہ پاکستان کے اسلامی تعارف اور اس کی اس شناخت کو تبدیل کردیا گیا ہے اور دنیا کے نقشے پر پاکستان ایک سیکولر ریاست کا روپ دھار چکا ہے، قیام پاکستان کا بنیادی مقصد ملک میں اسلام کا عادلانہ نظام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت نے کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ ملک کی اسلامی شناخت کی بحالی، پاکستان کی حقیقی اسلامی ریاست بنانے، معیشت کو اسلامی خطوط پر استوار کرنے، اسلام کے زرعی اصولوں پر عمل درا؟ مد کرتے ہوئے انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد کو از سر نو مرتب کریں اور اسے انتخابی مہم کا حصہ بنائیں اور اعتدال پر مبنی رویوں کو فروغ دیا جائے، یہ ہماری زندگی کے بنیادی اہداف میں سے ہے۔ سربراہ جے یو آئی (ف) نے کہا کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا محور پاکستان کا مفاد ہونا چاہیے، خارجہ پالیسی میں دوطرفہ مفادات کا تحفظ ہماری ترجیح ہے، بھارت کے پڑوسی ممالک کے خلاف جارحانہ رویوں کی مذمت کرتے ہیں، کشمیر پر قبضہ عمران، مودی گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے، کشمیر پر قبضہ کرکے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ مجلس شوریٰ نے عام انتخابات کی تیاری کیلئے چاروں صوبائی جماعتوں کو ہدایت کردی ہے، انٹرا پارٹی انتخابات نئی رکنیت سازی کا آغاز کیا جائے گا

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی ریفائنری کے بعد مارکیٹ میں فراہمی کا فیصلہ ہوگا، ایک لاکھ ٹن روسی خام تیل میں سے بقیہ 55 ہزار ٹن آئندہ دو ہفتے میں کراچی پہنچنے کا امکان ہے۔ حکام پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق خام تیل کی ریفائنری، مقامی مارکیٹ میں فراہمی اور ترسیل سے قیمتوں کا تعین ہوگا، پاکستان کو ملنے والے روسی خام سستے تیل کی قیمت کم ہے، پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کیلئے زیادہ سے زیادہ اسٹاک درکار ہے۔ حکام کے مطابق پاکستان نے ابتدائی طور صرف ایک لاکھ ٹن خام تیل منگوایا ہے۔ حکام پٹرولیم ڈویژن کے مطابق پاکستان اپنی ضرورت کا ایک تہائی تیل روس سے خریدنے کا خواہاں ہے، باقاعدہ سستے تیل کی خریداری پر قیمتوں میں 20 سے 30 فیصد فرق پڑے گا۔ حکام پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق پہلے روسی تیل خام تیل کارگو سے قیمتوں پر خاطر خواہ اثر نہیں پڑے گا۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سال کے بجٹ پر بحث کے دوران حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ اعداد کا گورکھ دھندا اور الفاظ کی ہیرا پھیری ہے، 13 جماعتوں پر مشتمل نام نہاد تجربہ کار حکومت ہر شعبے میں ناکام ہوئی ہے، انڈسٹری، زراعت، سروسز سیکٹر سمیت ہر شعبے میں ناکامی واضح ہے، پرائمری فیل کرنے کے بعد حکومت سیکنڈری جماعت کا ٹیسٹ دینے جارہی ہے، تاریخ میں پہلی مرتبہ ملکی ریونیو قرضوں کا سود بھی ادا نہیں کرسکتے جس پر حکومتی اراکین نے جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے ملک کے وسیع تر مفاد میں سسکتی معیشت کو بہتر بنانے کیلئے دن رات کام کیا، زرعی شعبے کے لئے انقلابی پیکج دیا گیا ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نو رکنی لارجر بینچ نے 23 فروری کو پہلی ساعت کی۔ نو رکنی بینچ نے 23 فروری کی سماعت کے بعد ٹی روم میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نو ججز نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا جسے 27 فروری کو جاری کیا گیا۔ تفصیلی فیصلے میں بینچ کی از سر نو تشکیل کے حکم نامے کا حوالہ دیا گیا۔ چیف جسٹس نے انتخابات کے معاملے پر دو صرف بینچ تشکیل دیے۔ چیف جسٹس نے پہلے نو رکنی اور پھر 5 رکنی بینچ تشکیل دیا۔ اس کیس میں کسی دوسرے بینچ کا کوئی وجود نہیں ہے، جسٹس منصور علی شاہ نے دستخط کیساتھ لکھا "میں نے الگ سے آرڈر لکھا ہے" جسٹس جمال مندوخیل لکھتے ہیں "میں نے مرکزی فیصلے کیساتھ الگ نوٹ تحریر کیا تھے۔ اختلاف کرنے والے دونوں ججز نے مشترکہ آرڈر جاری کیا جس پر صرف دو ججز کے دستخط موجود تھے، تفصیلی فیصلے سے تمام حکومتی ابہام دور ہونا چاہیے۔ 43 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جسٹس منیب اختر نے تحریر کیا، فیصلے میں 14 صفحات پر مشتمل اختلافی نوٹ بھی شامل ہے۔ تفصیلی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ کا انتخابات سے متعلق فیصلہ 4 اور 3 کا کہنا بالکل غلط ہے، 7 رکنی بینچ بنا ہی نہیں تو 4 اور

3 کا تناسب کیسے ہوسکتا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق چیف جسٹس نے الیکشن ازخود نوٹس کیس پر سب سے پہلے 9 رکنی لارجر بینچ تشکیل دیا، 9 رکنی لارجر بینچ نے 23 فروری کو پہلی ساعت کی۔ 9 رکنی بینچ نے 23 فروری کی ساعت کے بعد ٹی روم میں ملاقات کی، ملاقات کے دوران 9 جج نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا جسے 27 فروری کو جاری کیا گیا۔ تفصیلی فیصلے میں بینچ کی از سر نو تشکیل کے حکم نامے کا حوالہ دیا گیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ چیف جسٹس نے انتخابات ازخود نوٹس کیس پر صرف 2 بینچ تشکیل دیے۔ چیف جسٹس نے پہلے 9 رکنی اور پھر 5 رکنی بینچ تشکیل دیا، اس کیس میں کسی دوسرے بینچ کا کوئی وجود نہیں ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے میں کہا گیا ہے کہ یہ بات قابل غور ہے کہ سپریم کورٹ کے یکم مارچ کے فیصلے پر پانچوں جج کے دستخط موجود ہیں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے دستخط کیساتھ لکھا'' میں نے الگ سے آرڈر لکھا ہے''۔ جسٹس جمال مندوخیل لکھتے ہیں ''میں نے مرکزی فیصلے کیساتھ الگ نوٹ تحریر کیا ہے''، اختلاف کرنے والے دونوں جج نے مشترکہ آرڈر جاری کیا جس پر صرف دو ججز کے دستخط موجود تھے

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ان سے کریں گے ناموس رسالت کے کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے محافظ ختم نبوت شہید اسلام مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کی مشن جاری رہے گی استحکام پاکستان پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ان خیالات اظہار جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے صوبائی نائب امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی نائب امیر مولانا شیخ عبد الاحد محمد حسنی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے صوبائی مبلغ مولانا مفتی احمد خان مولانا مفتی غلام حیدر ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی ولی محمد پیچ ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا عبدالمنان سعادت مولانا محمد صادق مولانا مفتی دین محمد مولانا عبدالباقی مولانا عبدالغفار مولانا قاری عبدالخالق نے جامع مسجد سربلند سربلند کلی چلتن رہیسانی ہزار گنجی میں جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رہیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام عظیم الشان شہید اسلام محافظ ختم نبوت مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کی یاد میں منعقد ہونے والے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا کانفرنس میں جمعیت علماء اسلام اور علاقے قبائلی مشران اور نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع ملک ساول خان رہیسانی حاجی خان مومن آکا حاجی سکندر خان آکا بھی موجود تھے اس قبل جمعیت علماء اسلام کلی چلتن رہیسانی ہزار گنجی کے دفتر سے مولانا عبدالباقی کے مسجد تک تحفظ ختم نبوت واستحکام پاکستان ریلی نکالی گئی جس کے قیادت جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے صوبائی نائب امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی نائب امیر مولانا شیخ عبدالاحد عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے صوبائی مبلغ مولانا مفتی احمد خان جمعیت ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی نے کی محافظ ختم نبوت مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کانفرنس اور تحفظ ختم نبوت واستحکام پاکستان ریلی کے شرکاء سے جمعیت علماء اسلام اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے صوبائی رہنماؤں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عقیدہ ختم نبوت ص کی دفاع اور تحفظ کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے عقیدہ ختم نبوت ص کی تحفظ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ شہید اسلام محافظ ختم نبوت مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کی دینی وملی وقومی خدمات ناقابل فراموش ہیں جمعیت علماء اسلام آج اس عظیم الشان کانفرنس کے ذریعے شہید اسلام محافظ ختم نبوت مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کی مشن جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح نے ساری زندگی دین اسلام اور شعائر اسلام کی عظمت وتقدس کے لیے وقف کررکھی تھی انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام شہید ناموس مولانا مفتی عبدالشکور شہید رح کی مشن ہر صورت میں پایہ تکمیل تک پہنچا ے گی انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ پاکستان کی سالمیت اور استحکام کیلئے صف اول کا کردار ادا کیا ہے مملکت خداداد پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے والے خود اپنے انجام کو پہنچے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے ملک اسلام دشمن طاقتیں پاکستان کو کمزور کرنے کی درپے ہیں پاکستان کی بقاء اور آزادی کے لیے چالیس ہزار علماء کرام نے اپنے جانوں کا نذرانہ دے کر ملکی استحکام اور بقاء کو یقینی بنایا جمعیت علماء اسلام ہر محاذ پر ملک واسلام دشمن قوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گی کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت مولانا قاری عبدالخالق نے حاصل کی کانفرنس کی صدارت یونٹ کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی نے کی جبکہ اسٹیج سیکرٹری کی فرائض یونٹ کے قائم جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفار نے سرانجام دیں کانفرنس کی اختتام پر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی نے جان محمد عشیزء سردار سردار سردار محمد کے والد خان خان مومن آکا حاجی محمد امین اور حاجی اکبر کی والدہ شوکت لالا کے بھائی حاجی عبدالخالق اچگزء کے والدہ تاج الدین الکوزہ گل بدین الکوزء کے والدہ کے وفات پر تعزیت کی ملک واسلام کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وفاقی وزیر سینیٹر طلحہ محمود نے پروگرام میں شرکت کی۔ تقریب سے اپنے خطاب کے دوران سینیٹر طلحہ محمود نے عازمین حج کے لیے بہترین ممکنہ خدمات فراہم کرنے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم پر زور دیا۔ سینیٹر طلحہ محمود نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ اس سال 80 ہزار سے زائد خوش نصیب عازمین حج کو حج کی سعادت حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ لبیک سروسز کے زیر اہتمام تربیتی پروگرام کا مقصد عازمین کو قرآن وسنت اور وزارت کی طرف سے وضع کردہ رہنما خطوط کے مطابق حج ادا کرنے کے لیے ضروری علم اور فہم سے آراستہ کرنا تھا۔ تقریب میں سینیٹر طلحہ محمود کی موجودگی نے تمام عازمین کے لیے ہموار اور پریشانی سے پاک حج کے تجربے کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کے عزم کو اجاگر کیا۔ میڈیا انکوائری کے لیے، براہ کرم رابطہ کریں: حاجی اقبال ایم ڈی لبیک سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ 92+ 8552253300 لبیک سروسز کے بارے میں: لبیک سروسز کو انٹرنیشنل ایئر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن (IATA) کا رکن ہونے پر فخر ہے، جو ایک عالمی تجارتی تنظیم ہے جو ایئر لائن انڈسٹری کی نمائندگی کرتی ہے۔ IATA ممبر کی حیثیت سے لبیک سروسز کو ایک قابل اعتماد اور قابل اعتماد ٹریول ایجنسی کے طور پر جانا جاتا ہے، جو گزشتہ 25 سالوں سے حج اور عمرہ زائرین کو اعلیٰ معیار کی خدمات فراہم کر رہی ہے۔ لبیک سروسز پاکستان میں مقیم ہیں اور اس کے

پاس تجربہ کار پیشہ ور افراد کی ایک ٹیم ہے جو اپنے گاہکوں کے لیے ہموار اور آرام دہ سفر کے تجربے کو یقینی بنانے کے لیے وقف ہے۔ کمپنی نے وشوسنیتا، کسٹمر سروس، اور پیشہ ورانہ مہارت کے لیے شہرت حاصل کی ہے۔ پچھلی دو دہائیوں کے دوران، لبیک سروسز نے 20,000 سے زائد عازمین کی خدمت کی ہے، انہیں بغیر کسی رکاوٹ اور پریشانی سے پاک حج کا تجربہ فراہم کیا ہے۔ کمپنی نے اپنے تجربہ کار اور سرشار عملے کے ساتھ ساتھ گاہک کی اطمینان کے لیے اپنی وابستگی کی بدولت ٹریول انڈسٹری میں عمدگی کے لیے شہرت حاصل کی ہے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آصف نے کہا ہے کہ شہدا کی یادگاروں کی توہین کوئی پاکستانی برداشت نہیں کرسکتا، میانوالی ایئربیس پر 85 جہاز کھڑے تھے جن کو جلانے کی کوشش کی گئی، نو مئی واقعات کے تمام شواہد موجود ہیں، ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف، یوسف رضا گیلانی کے پاس اپیل کا کوئی راستہ نہیں تھا لیکن نو مئی کے ملزمان کے پاس تین اپیلوں کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ وائٹ ہاؤس، کیپٹل ہل پر حملہ کرنے والوں کو 18، 18 سال قید کی سزائیں سنائی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا، یورپ والوں کو غزہ کے اندر انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں نظر نہیں آتیں، 50 لوگوں کے مارے جانے کے حوالے سے پراپیگنڈا کیا گیا، ہمیں کہا جا رہا ہے کہ یہ نہیں فلاں قانون اپلائی کریں، پوری دنیا میں فوجی تنصیبات پر حملوں کے کیس فوجی عدالتوں میں چلتے ہیں، ہم نے کوئی نیا قانون نہیں بنایا یہ پہلے سے موجود ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ جہاں دہشت گردی ہوگی وہاں دہشت گردی قانون کے تحت کیس چلے گا، جہاں 16 ایم پی او کے تحت کیس چلنا ہے اسی کے مطابق چلے گا، جن لوگوں نے جہازوں کو نشانہ بنایا، قلعہ بالا حصار کو نشانہ بنایا ان کے خلاف آرمی ایکٹ کے تحت ہی کیس چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ آرمی ایکٹ کے تحت سزاؤں کے خلاف تین اپیلوں کا حق ہے، سوموٹو میں کسی کو بھی اپیل کا حق حاصل نہیں ہے، ایوان نے اپیل کے حق کیلئے قانون سازی کی، دفاعی فورسز کا حق ہے کہ ان کی تنصیبات پر حملہ کرنے والوں کو قانون کے مطابق سزا دے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ہمارا نظام بہت حد تک کمپرومائزڈ ہو چکا ہے، پارلیمنٹ کے اختیارات پر جو تجاوز کیا گیا وہ بھی سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوموٹو قانون کی کوئی اپیل نہیں، اس میں جو قانون سازی کی اسے عدلیہ نے ہولڈ پر رکھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نو مئی کے لوگوں کے خلاف اپنی سلامتی کی جنگ لڑ رہا ہے، ایک جماعت اس ملک کی یکجہتی کے خلاف کام کر رہی ہے، ملک کے اندر اور باہر سے پراپیگنڈا کی بھرمار ہے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ذیت میں مبتلا ہے وہ ہے بجلی، گیس پینے کے پانی کی فراہمی، صحت وصفائی کی عدم سہولت اور روڈوں کا ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جانا معمول ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبد الرحمٰن رفیق صوبائی جوائنٹ سیکرٹری وسینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد حافظ مسعود احمد مولانا محمد ہاشم خیشکی مفتی عبد السلام ریئسانی حاجی محمد شاہ لالا چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین حقانی مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سید سعد اللہ آغا حاجی عبداللہ سلیمان خیل حاجی قاسم خان خلجی حاجی عبداللہ سلیمان خیل حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر نے مشترکہ اخباری بیان میں کیا ہے انہوں نے کہا کہ دار الحکومت ہونے کے ناطے بجلی کی طویل ترین لوڈشیڈنگ، وولٹیج کی کمی بیشی سے معمولات زندگی شدید متاثر ہیں وولٹیج کی کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں، شدید گرمی میں شتر بے مہار محکمہ کیسکو کی طرف سے یہ ناروا عمل اور نااہل صوبائی حکومت کی عوامی مسائل کے حل سے عدم دلچسپی ہے شہر بھر میں جتنے بھی ٹرانسفارمرز وولٹیج کی کمی کے باعث جب جل جاتے ہیں تو واپڈا حکام بھاری بھر رشوت لیکر مرمت کرواتے ہیں اور بہت سے مقامات بجلی بل جمع کرنے والوں کو ان فیڈر میں ڈال دئے جہاں لوگ بل ادا نہیں کر رہے ہیں سو فیصد ادائیگی کرنے والوں کو بھی سزا دی جارہی ہے جبکہ بڑے نادہندگان وپڈا حکام کی ملی بھگت سے بجلی چوری کر رہے ہیں آپ کو بخوبی علم ہے کہ کوئٹہ کے باسی پینے کے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ محکمہ واسا کرپشن کا گڑھ بنا ہوا ہے، اربوں روپے واسا کے افسروں اور حکومتی نمائندوں نے ہڑپ کر لئے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ہونا تو یہ چاہیے کہ واسا کا وزیر کوئٹہ شہر کا کوئی منتخب ایم پی اے ہوتا لیکن محکمہ باہر کے ایم پی اے کو دے کر محکمے کا بیڑا غرق کر دیا گیا وزیر موصوف اپنی تجوری بھرنے کیلئے سرگرم عمل ہیں کیونکہ ان کے ووٹر یہاں نہیں ہیں نہ وہ کوئٹہ کو اپنے آپ کو جوابدہ سمجھتا ہے، پورا شہر ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر ہے جو کہ 2000 سیلکیر 2500 تک مہنگے داموں فی ٹینکر فروخت کر رہے ہیں عجیب شہر نا پرسان ہے کہ ٹینکر مافیا واسا کی ملی بھگت سے پورے شہر کو کور کر رہے ہیں لیکن حکومت یہ کام نہیں کر سکتی، غریب اور متوسط طبقہ پینے کا پانی مہنگے داموں خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے، گیس بلوچستان کی پیداوار ہونے کے باوجود صوبائی دار الحکومت میں لوڈ شیڈنگ اور بہت سے علاقے گیس سے محروم ہیں پہلے موسم سرما میں لوگ گیس کی عدم فراہمی کے وجہ سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں اب تو موسم گرما میں بھی لوڈ شیڈنگ اور عدم فراہمی سوالیہ نشان ہے مختلف ٹیکسز کیھاری بھر کم بل گھروں کو بھیجے جارہے ہیں اور ہر سال میٹرز خراب ہونے کے نام پر میٹرز تبدیل کر کے نئے اور تیز میٹرز لگائے جاتے ہیں اور بہت سے مقامات پر لوگوں کے میٹرز اتار کر بے بنیاد الزام کی آڑ میں سادہ لوح عوام پر بھاری بھر جرمانے عائد کئے جاتے ہیں یہ ایک ظالمانہ عمل ہیں صفائی کا فقدان ہیں پورا شہر تعفن زدہ ہو چکا ہے میونسپل کارپوریشن کے ہزاروں ملازمین ہیں لیکن صفائی کا نام ونشان نہیں ہے، روڈوں کی حالت انتہائی ابتر ہے پورا شہر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے ہر سال جب جون کا مہینہ قریب آتا ہے تو بعض روڈوں پر ناقص مٹریل ڈال کر کے روڈوں کو مزید تباہ کیا جاتا ہے سیوریج کا نظام درہم برہم ہے بغیر بارش کے اکثر علاقوں کی نالیاں بند ہیں جب معمولی بارش ہوتے ہی شہر بھر کی سڑکیں تالابوں اور دریاں کا منظر پیش کر رہی ہوتی ہیں، حکومتی منصوبہ بندی نہ ہونے اور قانون کی رٹ نہ ہونے کے باعث ہر جگہ جعلی اسکیمات کے نام پر عوام کو لوٹا جارہا ہے اسکیم کے لیے جو شرائط درکار ہوتی ہیں اور مکینوں کو جو سہولت درکار ہونی چاہیے ان کا نام ونشان تک نہیں ہے، کیوڈی اے کی ملی بھگت سے عوام کو دونوں ہاتھوں سیلوٹا جارہا ہے حکومت کی عدم توجہی کرپشن اور منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے کوئٹہ شہر گندگی کا مرکز اور کھنڈرات میں تبدیل ہوا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے گھروں کے چولہے اسی کاروبار سے جل رہے ہیں جس کی بندش سے یہ ہزاروں افراد نان شبینہ کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں، حکومت اس معاملے کو سنجیدہ لے اور فوری طور پر ایرانی پیٹرول پمپوں کو کھولنے کے احکامات صادر کرے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ پہلے ہی بلوچستان میں بے روزگاری عروج پر ہے، نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لیئے در در ٹھوکریں کھا رہے ہیں، مہنگائی اور غربت نے صوبے کے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، ہم ایرانی حکومت کے مشکور ہیں کہ اس نے بلوچستان کے لئے اپنی سرحدیں اوپن کی ہیں جہاں سے اشیائے خورد ونوش کے علاوہ ایرانی پیٹرول بھی سستے داموں آرہا ہے جس سے ہزاروں خاندان وابستہ ہیں لیکن افسوس کی بات ہے کہ آئی جی پولیس نے صوبے بھر میں ایرانی پیٹرول کی فروخت پر پابندی عائد کرکے اس کاروبار سے وابستہ ہزاروں افراد کو نان شبینہ کا محتاج کردیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں نہ تو کوئی انڈسٹری اور نہ ہی کوئی فیکٹری ور وزگار ہے ایم اے، بی اے پاس تعلیم یافتہ نوجوان اپنے خاندان کا ایرانی پیٹرول کے کاروبار سے وابستہ ہوکر پیٹ پال رہے ہیں لیکن اس کاروبار پر بھی پابندی عائد کرکے انہیں بے روزگار کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس معاملے کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور اس کاروبار کو بحال کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے اور صوبے کے معروضی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے اسے قانونی شکل دے تاکہ بے روزگار افراد کو روزگار کے ساتھ اپنے خاندان کا پیٹ پالنے کے لئے موقع میسر ہو ورنہ لوگ خودکشی کرنے پر مجبور ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ کوشش کی جائے کہ ایرانی پیٹرول پمپ گنجان آبادیوں سے کچھ فاصلے پر قائم کئے جائیں تاکہ کسی بڑے سانحے سے بچا جاسکے اور عوام کو بھی سستے داموں پیٹرول میسر ہو۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اپوزیشن لیڈر راجا ریاض نے ایوان میں غلط اعداد و شمار پیش کیے ہیں، جن کی درستی کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر نے تعلیم کے لیے 70 ارب روپے رکھے جانے کی بات درست نہیں کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم نے 70 ارب نہیں، 65 ارب تعلیم کے لیے بجٹ رکھا ہے، کسی نے اپوزیشن لیڈر کو تقریر کیلیے غلط نوٹس بنا کردیے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جتنا بجٹ تعلیم کیلئے رکھا ہے، اتنا پچھلے 5 سال میں نہیں رکھا گیا۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا زیارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا قلات میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا پشین میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا گوادر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا سبی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئلی تنازعات کو حل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ جبکہ قبائلی عمائدین اور قبائلی سردار بھی اپنی ذمہ داریاں نبھائیں تاکہ بلوچستان کے قبائلی مسئلے حل ہو۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ چاہتے ہیں بلوچستان سکیشت خون ختم ہو اور نوجوان ہتھیار اٹھانے کی بجائے قلم اٹھائیں تاکہ موت کی بازیاں کھیلنے کی بجائے ترقی کے منازل طے کرسکیں تاکہ ملک وقوم کی ترقی کیلئے ان کیصلاحیت تھے کام آسکیں۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اتنا زیادہ وصول کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے سبزیوں اور پھلوں کے ریٹ آسمان کو چھو رہے ہیں جس کی وجہ سے تاجر برادری اور عوام اس خود ساختہ مہنگائی کے بوجھ تلے دب گئے ہیں مارکیٹ کمیٹی کی فیس وصولی کو کنٹرول کر کے غریب عوام فائدہ دیا جاسکتا ہے مگر زراعت کے شعبہ مارکیٹنگ نے اس پراپنی آنکھیں اور اور کان بند کیے ہوئے ہیں۔ لیبر فیڈریشن نے وزیراعلیٰ چیف سیکریٹری سیکریٹری زراعت اور وزیر زراعت سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے تاکہ اس ناانصافی کو روکا جاسکے۔ بصورت دیگر احتجاج کے ساتھ قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں ترجمان بی ایل ایف نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مارکیٹ کمیٹی میں عرصہ دراز سے کام کرنے والے ملازمین کو مستقل کیا جائے اور ان کے روزگار کو تحفظ دیا جائے۔ ٹھکیداری نظام کی آڑ میں ملازمین کے خلاف کسی قسم کی کاروائی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ملازمین کو اج بھی حکومت کے مقرر کردہ کم از کم تنخواہ پچیس ہزار کے بجائے ساڑھے ایکس ہزار ماہانہ دی جارہی ہیں۔ جو کہ سراسر ظلم ہے بلوچستان لیبر فیڈریشن مطالبہ کرتی ہے کہ مارکیٹ کمیٹی سمیت تمام کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے۔ ان کی تنخواہوں میں فوری اضافہ کیا جائے۔ فیڈریشن نے ہمیشہ افہام وتفہیم کے تحت مسائل حل کرنے کو ترجیح دی ہے۔ مسائل حل نہ ہونے کی صورت میں احتجاج اور قانونی چارہ جوئی ہمارا حق ہے اور کا استعمال کرنا ہمیں بخوبی آتا ہے مارکیٹ کمیٹی کے ملازمین کی مستقلی اور حکومتی قانون کے مطابق کم سے کم اجرت کے قانون پر عمل کرایا جائے گا۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نکے لیے کسی کڑی آزمائش سے کم نہیں گندم، روٹی اور نان کی قیمتوں میں اضافے نے پسے ہوئے طبقے کے اوسان خطا کر کے رکھ دیئے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال میں گندم فی من 2570 روپے، آٹا فی کلو پچاس روپے، روٹی پانچ روپے اور نان کی قیمت میں 13 روپے کا اضافہ ہوا ہے ڈالر کی اونچی اڑان کے باعث دو مرتبہ گندم کی امدادی قیمت بڑھا کر 2300 روپے کی گئی جو اپریل 2023 میں 3970 روپے ہوگئی یوں ایک سال میں فی من گندم کی قیمت میں 2570 روپے کا ہوش ربا اضافہ ہوا جب تک حکمران پسے ہوئے طبقے کے مسائل حل نہیں کرتے ملک میں طویل عرصے تک معاشی و معاشرتی استحکام دیکھنے کو نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اوپن مارکیٹ میں گندم فی من 5400 روپے اور 20 کلو آٹے کا تھیلا 2850 روپے میں فروخت ہوا مہنگائی کے تناسب سے عوام پر سو فیصد اضافی بوجھ پڑا ہے جون 2022 میں سادہ روٹی 10 روپے کی تھی جو اب 15 روپے کی ہوگئی ہے 2022 میں ادھ نان 12 روپے کا تھا جو اب 25 روپے کا ہوگیا ہے اب حالت یہ ہے کہ روٹی 20 روپے اور نان 30 روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال دس کلو آٹے کا تھیلا 607 روپے اور بیس کلو آٹے کا تھیلا 1208 روپے کا تھا جو اس سال بالترتیب 1214 روپے اور 2417 روپے کا فروخت ہو رہا ہے گزشتہ ایک سال میں مہنگائی کی شرح میں 39.26 فیصد اضافہ ہوا حکومت مہنگائی میں اضافے کو روکنے میں

بری طرح ناکام ہوچکی ہے حکومت کو اپنے اللے تللوں سے ہی فرصت نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکمرانوں نے عوام کی معاشی حالت کی بروقت بحالی کیلئے موثر اقدامات نہ کئے اور ملک کے یہی حالات رہے تو مہنگائی سے تنگ آکر لوگ گھر گھر خودکشیاں کرنے پر مجبور ہو جائیں گے آج آٹا، دالیں، آئل، گھی، دودھ، چینی اور ادویات جیسی بنیادی ضروریات مفلوک الحال عوام کی قوت خرید سے باہر ہوچکی ہیں وفاقی بجٹ میں تباہ حال طبقے کی بنیادی اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں کو نظرانداز کرنا حکمرانوں کی سفاکیت اور بے حسی کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یب ٹریفک حادثے میں 3 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ضلع کچھ کے علاقے پیر غائب بولان کے قریب حادثے سے 3 افراد شدید زخمی ہوگئے جن میں ایک کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے، حادثہ تیز رفتار پک اپ ٹرک کے پچھلے سے ٹکرانے کے باعث پیش آیا جبکہ دو زخمیوں کو 1122 کے عملے نے موقع پر ابتدائی طبی امداد دی اور ایک شدید زخمی کو سول ہسپتال مچھ ریسکیو کردیا زخمیوں کو مزید طبی امداد کے لیے کوئٹہ منتقل کردیا۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن ہے۔ وزارت پٹرولیم کے حکام کے مطابق روسی خام تیل کے پہلے جہاز کے پاکستان پہنچنے کے بعد یکم جولائی سے ملک بھر میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 40 روپے کی کمی کا امکان ہے۔ روس سے خام تیل کی درآمد ماہانہ 14 لاکھ بیرل تک بڑھائی جاسکتی ہے۔ روسی تیل صاف ہونے کے بعد اس کی اوسط قیمت نکالی جائے گی۔ روسی تیل عام مارکیٹ سے 30 سے 40 فیصد سستا ہے، پٹرول ڈیزل کی اوسط پیداوار 50 فیصد سے زائد نکلی تو 40 روپے فی لیٹر قیمتیں کم ہوسکتی ہیں۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی شناخت اشام ولد سدیر 18 سالہ سے ہوئی ہے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

الیکشن کمیشن کے خلاف توہین آمیز الفاظ استعمال کرنے کے معاملے پر فواد چوہدری کے خلاف کیس بینچ کی عدم دستیابی پر ڈی لسٹ کیا گیا۔ کیس کی سماعت 15 جون کو ہونا تھی تاہم فواد چوہدری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت اب 21 جون کو ہوگی۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئے نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا، پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کے حکام کے مطابق نواحی گاؤں رسول آباد جتوئی میں خانہ بدوش خاندان سے تعلق رکھنے والے خان گل پٹھان کے دو بیٹے 8 سالہ محمد رحیم اور 13 سالہ عبدالروف قریبی نہر سے پانی بھرنے گئے جہاں چھوٹا بھائی محمد رحیم پاؤں پھسلنے کے باعث نہر میں گر گیا، چھوٹے بھائی کو بچانے کے لیے 13 سالہ بڑا بھائی عبدالروف بھی نہر میں کود گیا، عبدالروف نے چھوٹے بھائی کو تو بچا لیا مگر خود نہر میں ڈوب گیا، اطلاع ملتے ہی قریبی دیہاتی اور انتظامیہ کی جانب سے نائب تحصیلدار محمد ظریف گولہ موقع پر پہنچے اور مقامی غوطہ خوروں کی مدد سے بچے کی تلاش شروع کردی تاہم کئی گھنٹے گزر جانے کے باوجود ڈوبنے والے بچے کی لاش نہ مل سکی، نہر میں پانی کا بہاؤ زیادہ ہونے کے باعث خدشہ ظاہر کیا گیا کہ ڈوبنے والا بچہ پانی کے تیز بہاؤ میں بہہ گیا ہوگا، نائب تحصیلدار نے ایری گیشن حکام سے رابطہ کرکے نہر میں پانی کی ترسیل بند کروادی، آخری اطلاعات تک ڈوبنے والے بچے کی لاش نہ مل سکی تھی، بچوں کے والد خان گل پٹھان نے بتایا کہ انکے خاندان کے دیگر افراد گزشتہ روز ڈیرہ اللہ یار سے کوئٹہ نقل مکانی کرگئے تھے آج شام وہ بھی اپنا سامان لیکر کوئٹہ روانہ ہونے والے تھے، دوپہر کو بیٹے پانی بھرنے گئے تو نہر میں ڈوب گئے۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لیے اسلام آباد کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستانی عوام سے خطاب کرتے ہوئے روسی وزیر خارجہ نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ماسکو دہشت گردی اور دیگر سکیورٹی خطرات سے نمٹنے کے لیے پاکستان کے ساتھ ایک اہم سکیورٹی پارٹنر کے طور پر برتاو؟ کرتا ہے۔ ہم پاکستان کو سرحد پار جرائم اور دہشت گردی سمیت مشترکہ سکیورٹی چیلنجوں اور خطرات سے نمٹنے کی مشترکہ کوششوں میں ایک اہم بین الاقوامی شراکت دار سمجھتے ہیں۔ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک نے تجارت اور معیشت کے شعبوں میں نمایاں اضافہ دیکھا ہے، جس میں روس جنوبی ایشیائی ملک کو گندم فراہم کرنے والے اہم ملک کے طور پر ابھرا ہے۔ اتوار کو پاکستان میں رعایتی روسی خام تیل کے پہلے کارگو کی آمد کے بعد سرگئی لاوروف نے کہا کہ تیل کے شعبے میں تعاون شروع کرنے کے لیے مذاکرات آخری مرحلے میں ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسلام آباد نے دوطرفہ مذاکرات کے سلسلے کے بعد اپریل میں 100,000 میٹرک ٹن روسی خام تیل کا پہلا آرڈر دیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماسکو سیاست، معیشت، تعلیم، ثقافت اور انسانی ہمدردی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے اسلام آباد کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے 80 کی دہائی میں کراچی میں پاکستان کی سب سے بڑی سٹیل ملز کی تعمیر اور روس کی طرف سے پڑوسی ملک افغانستان میں بڑھنے والے تنازعات کے باوجود ملک کے سب سے بڑے تھرمل پاور پلانٹ کی کنڈیشنگ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ روس ہمیشہ سے اسلام آباد کے ساتھ تعلقات کو بڑھانے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ آج کل ہمارے تعلقات ترقی یافتہ ہیں اور اعتماد پر مبنی ہیں۔ ان کی بنیاد بین الاقوامی ایجنڈے کے اہم مسائل کے لیے نقطہ نظر کی قربت کی اتفاق رائے پر ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے مکمل رکن کے طور پر پاکستان کے فعال کردار کا خیر مقدم کرتے ہوئے روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ روس بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتا ہے۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لیکشن کمیشن کے باہر احتجاج کیخلاف کیس میں پی ٹی آئی رہنما کی درخواست ضمانت منظور کی۔ شاہ محمود قریشی اپنے وکیل علی بخاری کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے وائس چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت 24 جون تک منظور کی اور انہیں 50 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شاہ محمود قریشی نے کہا کہ تحریک انصاف کا مستقبل تابناک ہے، میں جہاں ہوں بحیثیت وائس چیئرمین بہت مطمئن ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شہزاد اکبر کہاں ہیں؟ ان سے متعلق مجھے کچھ علم نہیں ہے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مطابق پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے ساڑھے 7 لاکھ افراد رجسٹریشن کی تجدید کروانے کے بجائے روپوش ہوگئے ہیں جن کے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے خدشات پر وزارت داخلہ حرکت میں آ گئی ہے۔ غیر قانونی طور پر مقیم ان افغان مہاجرین کا نادرا اور ایف آئی اے میں موجود ڈیٹا تھانوں کو دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، فارن ایکٹ کے تحت گرفتار کرکے ملک بدر کیا جائے گا۔ فارن ایکٹ کے تحت گرفتار کرکے سرحد پار بھیجنے کیلئے وزارت داخلہ نے متعلقہ اداروں کو احکامات جاری کردیئے ہیں۔ وزارت داخلہ کے حکام کے مطابق 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ 7 ہزار 295 افغان مہاجرین نے رجسٹریشن کروائی، اس مدت میں 13 لاکھ 3 ہزار 636 مہاجرین وطن واپس چلے گئے۔ وزارت داخلہ حکام کے مطابق 14 لاکھ 60 ہزار 717 نے رجسٹریشن کی تجدید کروائی، جبکہ 7 لاکھ 42 ہزار 942 افغان مہاجرین رجسٹریشن کی تجدید کروائے بغیر پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم ہیں۔ 200 سے زائد غیر رجسٹرڈ افغان باشندوں کو وفاقی پولیس نے 31 مئی کو اسلام آباد میں سرچ آپریشن کے دوران گرفتار بھی کیا تھا جن کو 14 فارن ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے ملک بدر بھی کیا جاچکا ہے۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی قیادت میں ایک نمائندہ وفد سے ملاقات گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں ضروری سہولیات کی کمی کے باوجود صحافی حضرات جس جانفشانی کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں وہ نہ صرف قابل ستائش ہے بلکہ حکومت ان سے ہر ممکن تعاون کرنے کیلئے تیار ہے۔ وفد میں خالد جمیل، حضور بخش، عبدالوحید اور قادر بخش شریک تھے۔ اس موقع پر پنجگور کے صحافیوں نے پریس کلب کی مشکلات اور سہولیات کی عدم موجودگی سے متعلق گورنر بلوچستان کو آگاہ کیا اور انھیں دعوت دی کہ پنجگور میں سرکاری اداروں اور محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے وہ پنجگور کا دورہ کریں اور پنجگور پریس کلب بھی تشریف لے آئیں۔ گورنر بلوچستان نے ان کی دعوت قبول کرتے ہوئے انھیں یقین دلایا کہ وہ صحافیوں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے متعلقہ حکام سے بھی بات کریں گے۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گرمی کے لئے سمندر میں جاسکیں گے نہ ہی سیاحوں کو ساحلی علاقوں میں پکنک کے مقامات پر جانے کی اجازت ہوگی۔ ہدایات کے مطابق متعلقہ محکموں کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہسپتالوں کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے۔ گوادر اور مکران کے ڈپٹی کمشنرز کو سمندری طوفان سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اس سلسلے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں، سول انتظامیہ اور تمام متعلقہ محکموں کو کوارڈی نیشن یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے تاکہ دفعہ 144 کے نفاذ کو یقینی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جاسکے۔ سمندری طوفان سے پیدا ہونے والی کسی بھی طرح کی ممکنہ صورتحال اور حالات سے نمٹنے کیلئے مقامی ماہی گیروں سے بھی رہنمائی حاصل کی جارہی ہے۔

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ف حاصل کرلیں گے تو تیل رعایتی قیمت پر ہوگا، اصل قیمت اس وقت نہیں بتا سکتا، تاہم اس کا بہت بڑا فرق آئے گا اور اثر لوگوں کی جیب تک پہنچے گا۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا کہ ابھی پہلا جہاز آیا ہے، ہمارا ہدف ہے کہ ایک ڈیڑھ مہینے میں تسلسل سے روسی تیل آنا شروع ہوجائے۔ روسی تیل کی خریداری کے حوالے سے مصدق ملک نے کہا کہ اگر آپ معاہدوں کی پاسداری کریں اور شفافیت رکھیں تو عالمی سطح پر کوئی مسئلہ نہیں ہوتا، ہم نے کوشش کی ہے کہ عوام کیلئے سستا تیل لیکر آئیں۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم نے کہا کہ ہمارا روس کے ساتھ ابھی ایک لاکھ ٹن تیل کی خریداری کا معاہدہ ہوا ہے جو کہ دو جہازوں میں آنا تھا، ایک جہاز آچکا ہے جس کی ترسیل جلد شروع ہوجائے گی، دوسرا جہاز بھی ایک ہفتے میں پہنچ جائیگا۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت قبول کی، ان کے آبائی علاقوں میں ادا کی گئی۔ شہیدوں کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا۔ نماز جنازہ میں سینئر حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران/ سپاہیوں، رشتہ داروں اور لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پاک فوج مادر وطن کے دفاع کو ہر قیمت پر یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

متعلق اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی ملاقات میں ملک کی داخلی سلامتی اور دہشت گردوں کے خلاف جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اس کے علاوہ قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سماجی انصاف کے فروغ اور بچوں کو تعلیم کی فراہمی یقینی بنا کر چائلڈ لیبر کو ختم کیا جاسکتا ہے، غربت، جنگ، دہشتگردی اور تعلیم تک رسائی نہ ہونا چائلڈ لیبر کی بڑی وجوہات ہیں۔ ایوانِ صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار بچوں کی مشقت (چائلڈ لیبر) کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ یہ دن چائلڈ لیبر کے خاتمے اور اس بارے آگاہی پیدا کرنے کے لیے منایا جارہا ہے، بچوں کی مشقت عالمی سطح پر درپیش ایک بڑا چیلنج ہے، اقوام متحدہ کے مطابق دنیا میں تقریبا 16 کروڑ بچے مشقت پر مجبور اور ہر 10 میں سے ایک بچہ مزدوری کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ عالمی سطح پر چائلڈ لیبر میں کمی آئی تاہم ابھی مزید کام کرنے کی ضرورت ہے، سماجی انصاف کے فروغ سے بچوں کی مشقت کے چیلنج پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بچوں کی مشقت کی حوصلہ شکنی اور انہیں تعلیم کی جانب راغب کرنے کے لیے تعلیمی وظائف دیئے جارہے ہیں۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان میں بچوں کے حقوق کے تحفظ اور چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے کوششیں تیز کرنا ہوں گی، اس حوالے سے حکومت، معاشرے، نجی شعبے اور سول سوسائٹی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا، آجر اور نجی شعبے سمیت معاشرے کے تمام طبقات چائلڈ لیبر کے خاتمے کیلئے مل کر کام کریں

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئی ہے کہ پورا ملک خطرے میں ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ وفاق کے پاس خود کچھ نہیں، وہ سود ادا نہیں کرسکتا، اگلے سال سود مزید بڑھے گا

بلوچستان کو سب سے پہلے گیس دیا جائے، مولانا ہدایت الرحمن

ایرانی پٹرولیم مصنوعات پر پابندی، غنڈہ ٹیکس عوام کی پریشانی میں اضافے کا سبب بن رہا ہے

بارڈر چیک پوسٹوں پر رشوت، سیکورٹی فورسز کی بھتہ خوری ختم کرکے ایرانی پٹرول سو روپے فی لیٹر مقرر کیا جائے، جماعت اسلامی

کوئٹہ (یو این اے) قائمقام امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ایرانی پٹرولیم مصنوعات پر پابندی، بختی اور غنڈہ ٹیکس اہل بلوچستان کی پریشانی میں مزید اضافے کا سبب بن رہا ہے۔ حکومت بلوچستان میں بارڈر چیک پوسٹوں پر رشوت، سیکورٹی فورسز کی بھتہ خوری ختم کرکے ایرانی پٹرول سو روپے فی لیٹر مقرر کریں۔ بلوچستان میں بجلی لوڈشیڈنگ، خشک سالی کی وجہ سے زراعت تباہ، سیکورٹی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

اسٹیبلشمنٹ ایک بار پھر نئی پارٹی بنانے میں مصروف ہے جو ظلم ہے، لشکری رئیسانی

بلوچستان کے عوام اپنے حقوق کیلئے ایسے لوگوں کو آئندہ انتخابات میں ووٹ دیں جو ان کے حقوق کی بات کریں

9 مئی واقعات کی ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوتی ہے ایک شخص کو موردالزام ٹھہرانا درست نہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے قبائلی رہنما سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ 2018 میں اسٹیبلشمنٹ نے ایک دن میں پارٹی تشکیل دی اور بلوچستان کے عوام پر مسلط کردی اب دوبارہ نئے پارٹی بنانے میں مصروف ہیں جو صوبے کے عوام کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے اسٹیبلشمنٹ نے سقوط ڈھاکہ سے بھی نہیں سیکھا بلوچستان کے عوام اپنے حقوق کیلئے ایسے لوگوں کو آئندہ انتخابات میں ووٹ دیں جو ان کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کا بنیاد مقصد ملک بھر میں ٹیلنٹ کو تلاش کرنا ہے، محترمہ زکیہ

امید ہے کہ وزیراعظم یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے انعقاد سے نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے سلسلے میں خواتین فٹبال ٹرائلز آج مورخہ بارہ جون کو سوات پبلک سکول نوے کلے جونیئر برانچ کے گراونڈ پر منعقد ہوئے ٹرائلز میں سوات ریجن کی 100 سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا، اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن سوات خواتین ونگ کی شاہ عزت بی بی مہمان خصوصی تھی انہوں نے بال کو کک مار کر ٹرائلز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

جے یو آئی عوامی ایشوز پر خاموش نہیں رہ سکتا، عوامی رابطہ مہم تیز کرنے کا فیصلہ

تربت (یو این اے) جے یو آئی عوامی ایشوز پر خاموش نہیں رہ سکتا، عوامی رابطہ مہم تیز کرنے کا فیصلہ، اگست میں علماء کنونشن کا فیصلہ، آئندہ انتخابات میں بھرپور حصہ لیں گے، خالد ولید سیفی۔ جے یو آئی کیچ کی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی نائب امیر و امیر ضلع کیچ خالد ولید سیفی کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

کوئٹہ شہر کے شاہراہوں پر کام کی سست روی شہریوں کا جینا محال ہوگیا، بی این پی

تعمیراتی کام اور سڑکوں کی توڑ پھوڑ نے پورے نظام کو درہم برہم کرکے مکمل طور پر مفلوج کرکے رکھ دیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے جاری کردہ مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ سریاب روڈ، قمبرانی روڈ، مشرقی بائی پاس، مغربی بائی پاس، سبزل روڈ پر جاری تعمیراتی کام میں سست روی، ناقص کارکردگی نے شہریوں کا جینا محال کردیا ہے، تعمیراتی کام کی وجہ سے علاقے میں گردغبار، سڑکوں کی توڑ پھوڑ نے پورے نظام کو درہم برہم کرکے مکمل طور پر مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، تا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

نامعلوم افراد نے پنجپائی کلی چیچہ زئی میں گندم کی کٹی ہوئی فصل کو آگ لگادی

کوئٹہ (یو این اے) نامعلوم افراد نے پنجپائی کلی چیچہ زئی میں گندم کی کٹی ہوئی فصل کو آگ لگا دی جس سے سینکڑوں بوری تیار گندم جل کر راکھ میں تبدیل ہوگئی اطلاع ملتے ہی پنجپائی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا ماسٹر فضل مشوانی کے مطابق رات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں کیسکو نے ظلم کی انتہاء کردی

طویل لوڈشیڈنگ سے زمینداری ختم ہوکر رہ گئی ہے جبکہ پینے کے پانی کی قلت نے بھی سر اٹھالیا ہے

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں کیسکو نے ظلم کی انتہاء کردی کوئٹہ میں 12 سے 14 جبکہ دیگر علاقوں میں صرف 4 گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی ہے وہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے یعنی لوڈشیڈنگ کے ساتھ آنکھ مچولی کا سلسلہ بھی جاری ہے طویل لوڈشیڈنگ سے زمینداری ختم ہوکر رہ گئی ہے جبکہ پینے کے پانی کی قلت نے بھی سر اٹھا لیا واضح رہے کہ وفاقی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

حاجی اکبر آسکانی کاروان کا ایک اہم پلر ٹوٹ گیا، میر اصغر رند سے اہم ملاقات

تربت (یو این اے) حاجی اکبر آسکانی کاروان کا ایک اہم پلر ٹوٹ گیا، میر اصغر رند سے اہم ملاقات، وائس چیئرمین زبیر نواب کا ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی میں شمولیت کی یقین دہانی۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر اصغر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

پیپلز پارٹی کا میر ظہور بلیدی کے بہنوئی عبدالقیوم کے قتل کی مذمت

عبدالقیوم کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوراً قانون کی گرفت میں لاکر سخت سے سخت سزا دی جائے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی و دیگر عہدیداروں کی پارٹی رہنما میر ظہور بلیدی کے بہنوئی عبدالقیوم کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبدالقیوم کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوراً قانون کی گرفت میں لاکر سخت سے سخت سزا دی جائے، اپنے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

قبائلی سیاسی شخصیت عبدالجلیل اخوندزادہ کی وفات سے علاقہ ایک مہربان، شفیق رہنما سے محروم ہوگیا، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف ضلع کوئٹہ کے صدر سابق میئر رحیم کاکڑ، میرا ویس کاکڑ ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، ڈاکٹر منصور، ڈاکٹر رستم، خوشحال، سردار بہلول خان سردار احمد خان، توقیر بھٹی، ملک پائندخان (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

گوادر یونیورسٹی کے طلباء کا وفد اسلام آباد میں چینی سفارتخانے کا دورہ کررہا ہے

سمندری طوفان بائپر کے خدشہ کے پیش نظر تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

سمندری طوفان آنے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے پیش نظر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے احکامات کے پیش نظر ایکشن لیا جارہا ہے، وزیر داخلہ

پی ڈی ایم اے اپنی ٹیم مشینری اور امدادی سامان کے ساتھ گوادر میں موجود ہے، متعلقہ محکموں کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں، ویڈیو پیغام

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت میں سیلاب آنے کا جو خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے اس سلسلے میں پی ڈی ایم اے نے تمام اقدامات کیے ہیں اور ڈی جی پی ڈی ایم اے کی سربراہی میں ایک ٹیم گوادر بھیج دیا گیا ہے جس کی نگرانی میں خود کر رہا ہوں اس ٹیم میں تمام سیکورٹی ادارے اور ضلعی انتظامیہ شامل ہیں ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ ایک سمندری طوفان آنے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے جس کے پیش نظر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے احکامات کے پیش نظر ایکشن لیا جارہا ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

آل پاکستان متحدہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی 45ویں یوم تاسیس منائی گئی

11 جون 1978 پاکستان میں جاگیردارانہ فرسودہ موروثی نظام سیاست کے خلاف عملی جہاد کے نقطہ آغاز کا دن ہیں

کوئٹہ (یو این اے) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان بلوچستان میں بھی پورے ملک کی طرح آل پاکستان متحدہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی 45ویں یوم تاسیس پورے جوش و جذبے کیساتھ منائی گئی، جس میں ایم کیو ایم پاکستان کے ذمہ داران و کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر کارکنان سے خطاب کے دوران ایم کیو ایم پاکستان کے رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی صدر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

حکومت روزگار کے مواقع فراہم کرے، جمعیت نظریاتی

وزیراعلیٰ فوری طور پر ایرانی تیل کے کاروبار اور منی پیٹرول پمپ پر پابندی کو ختم کریں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر بلوچستان مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی سینئر نائب امیر مولانا محمد حیات نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نائب امیر مفتی رحمت اللہ ظلجی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری مالیات حافظ عبدالواحد ہاشمی و دیگر نے کہا کہ وزیراعلیٰ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

مہنگائی کا طوفان عوام کو نگل رہا ہے، کسی کو احساس نہیں، محمد فائق شاہ

روزگار پیدا کرنے کے اقدامات کیے جائیں، نوجوانوں کی اس بڑی آبادی کو ہنرمند بنایا جائے

کوئٹہ (پ ر) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے کہا ہے کہ میدان پاکستان معیشت کے تصور کو عملی جامہ پہنانے کے لیے نوجوانوں کی اس بڑی آبادی پر فوکس کیا جائے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے منصوبہ لایا جائے، بجٹ کی منظوری میں نوجوانوں کے لیے بڑے منصوبوں کو شامل کیا جائے، محمد فائق شاہ نے کہا کہ آج کا نوجوان باصلاحیت ہے اسے ٹیکنیکل ایجوکیشن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

جعفرآباد، پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کی کامیاب کاروائیاں روپوش 2 ملزمان گرفتار

اوستہ محمد (یو این اے) جعفرآباد، پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کی کامیاب کاروائیاں روپوش ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم کے وفاقی بجٹ میں کسانوں کیلئے پیکیج رکھنے پر مشکور ہیں، خالد حسین باٹھ

پینلز، بیٹریز، انورٹرز پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کرنا بھی خوش آئند ہے، چیئرمین کسان اتحاد

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ وزیراعظم کے وفاقی بجٹ میں کسانوں کیلئے پیکیج رکھنے پر مشکور ہیں، وفاقی حکومت کا سولر پینلز، بیٹریز، انورٹرز پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کرنا بھی خوش آئند ہے، ٹیوب ویلوں کو سولرز پر منتقلی کیلئے مختص فنڈز بنکوں کے ذریعے کسانوں کو فراہم کئے جائیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو ملک عصمت دمڑ، میر عطاء اللہ لانگو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

اوتھل اور بیلہ پولیس کی مختلف کاروائیاں، 4 منشیات فروش گرفتار

اوتھل (پ ر) اوتھل اور بیلہ پولیس کی مختلف کاروائیاں، 4 منشیات فروش گرفتار، 02 کلو 735 گرام چرس برآمد، جب کہ بیلہ پولیس نے 02 کلو 220 گرام چرس، (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

سمندری طوفان بائپر جوائے کے اثرات ساحل سمندر گڈانی میں نمودار ہونا شروع

سمندری موجوں میں بلندی اور تیزی دیکھنے کو آرہی ہے بالخصوص سمندری کناڑہ میں کافی حد تک اضافہ ہورہا ہے

گڈانی (یو این اے) سمندری طوفان بائپر جوائے کے اثرات ساحل سمندر گڈانی میں نمودار ہونا شروع ہوگئی ہے سمندری موجوں میں بلندی اور تیزی دیکھنے کو آرہی ہے بالخصوص سمندری کناڑہ میں کافی حد تک اضافہ ہورہا ہے، جس سے سمندر قریب آبادی کا متاثر ہونے کے خطرات محسوس کئے جارہے ہیں گڈانی شہر گوٹھ عبداللہ گڈاروزہ وشپ بریکنگ یارڈ کی جانب سمندری کناڑہ میں تیزی آرہی ہے جس سے عوام میں خوف پائی جارہی ہے اس وقت حالات اتنے زیادہ پیچیدہ نہیں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

اساتذہ قوم کے معمار ہیں انہیں سڑکوں پر نہیں ہونا چاہیے، جعفر مندوخیل

اساتذہ کی ہر تکلیف سے واقف ہیں جب میں صوبائی وزیر تعلیم تھا اس وقت بھی اس طرح کی مشکلات کا حل نکالتے تھے میں اساتذہ کے شانہ بشانہ کھڑا ہوں

اساتذہ کے مطالبات کے حل کے لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان سمیت تمام حکام سے رابطے کریں گے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں انہیں سڑکوں پر نہیں بلکہ بچوں کو کلاسوں میں تعلیم دینے کے لئے موجود ہونا چاہیے، اساتذہ قابل احترام ہیں انکی اپ گریڈیشن سمیت دیگر تمام مسائل کے حل کا نوٹیفکیشن جاری ہونا چاہیے، اس حوالے سے وزیراعلیٰ سمیت تمام حکام سے رابطے کریں گے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما نعیم کریم چوہدری، نصیر اچکزئی کے ہمراہ بلوچستان اسمبلی کے باہر قائم بلوچستان ٹیچرز ایسوسی ایشن کے بھوک ہڑتالی کیمپ میں اساتذہ سے بات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

پی ایم ڈی سی لیز کی منسوخی صوبے کے مفاد میں نہیں، بخت نواب

بلکہ یہ اپنوں کو نوازنے کیلئے ہے جس سے 5500 افراد بے روزگار ہونگے

کوئٹہ (پ ر) پی ایم ڈی سی سوریج ایمپلائز یونین کے صدر بخت نواب نے کہا ہے کہ پی ایم ڈی سی لیز کی منسوخی صوبے کے مفاد میں نہیں بلکہ یہ اپنوں کو نوازنے کیلئے ہے جس سے 5500 افراد بے روزگار ہونگے کورکمانڈر بلوچستان اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ ملازمین کو بے ہونے سے بچائیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو سعید اللہ ساجد علی، محمد نعیم، آصف شاہ، (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

بیوٹمز ملازمین اور حکومت بلوچستان کے درمیان مذاکرات کامیاب

وزیراعلیٰ کے ترجمان نے تنخواہوں کی ادائیگی کی سمری کی منظوری سے متعلق یقین دہانی کروائی ہے حکومت نے 48 گھنٹوں میں تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائے

ترجمان وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر دھرنا موخر کرنے کا اعلان کرتے ہیں بعدازاں مظاہرین نے تین روز سے جاری دھرنا حکومتی یقین دہانی پر موخر کردیا

کوئٹہ (پ ر) بیوٹمز ملازمین اور حکومت بلوچستان کے درمیان مذاکرات کامیاب ملازمین نے جامعہ کے مرکزی گیٹ پر جاری دھرنا تین روز بعد موخر کرنے کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے ملازمین کی جانب سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف جامعہ کے مرکزی گیٹ پر تیسرے روز بھی دھرنا جاری رہا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت جامعہ کی انتظامیہ فوری طور پر تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ترجمان بابر یوسفزئی بیوٹمز ملازمین (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 47)

ن لیگ بلوچستان کے کارکنوں کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جارہا ہے، امیر خان اچکزئی

قائد محمد نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے صوبائی سینئر رہنما امیر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے کارکنوں کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جارہا ہے مرکزی وصوبائی قیادت کی عدم دلچسپی کی وجہ سے کارکنان مایوسی کا شکار ہو چکے ہیں اس سلسلے میں قائد محمد نواز شریف سے اپیل ہے کہ وہ اس کا نوٹس لیکر بلوچستان میں پارٹی کو فعال بنانے کیلئے ایماندار قیادت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

لاہور، وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شزہ فاطمہ خواجہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

حکومتی سطح پر پہلی بار ورکنگ جرنلسٹس کیلئے ہیلتھ انشورنس کیلئے رقم مختص کی گئی ہے جو کہ خوش آئند ہے، غفور وطن یار

ژوب (نامہ نگار) پریس کلب ژوب کے صدر اختر گل مندوخیل نائب صدر غفور وطن یار سینئر نائب محمد صادق مندوخیل جنرل سیکرٹری اسد خان کاکڑ ڈپٹی جنرل سیکرٹری آدم خان کبزئی پریس سیکرٹری رفیق قیصرانی ڈپٹی جوائنٹ سیکرٹری زاعفران خان فنانس سیکرٹری معین خا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

کوئٹہ، ایئرپورٹ روڈ پر ایک شخص سڑک کنارے ایرانی قالین فروخت کرنے کیلئے کھڑا ہے

ٹیلی نار یوفون اور زونگ موبائل فون کمپنیوں کے ناقص سروس کے خلاف ژوب کوئٹہ نیشنل ہائی وے پر احتجاجی مظاہرہ

ژوب (نامہ نگار) ٹیلی نار یوفون اور زونگ موبائل فون کمپنیوں کے ناقص سروس کے خلاف ژوب کوئٹہ نیشنل ہائی وے پر احتجاجی مظاہرہ روڈ ہر قسم ٹریفک کیلئے بند مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق امیر جماعت اسلامی بادنزئی یونین امیر مولانا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

کیو ڈی ایم ترقی وخوشحالی، امن وانسانی زندگی کیلئے تشکیل دیا گیا ہے، عبدالمتین اخندزادہ

ملکی پیداوار واحساس دردمندی لئے بہت جاندار اور بھرپور معاشی ومعاشرتی ترقی کے لئے سرگرمی نظر آئی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کی ترقی وخوشحالی اور امن و انسانی زندگیوں میں بہتری وآرزومندی پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کوئٹہ وال دوست ترقی و خوشحالی اور امن وسکون کے لئے ضروری کردار ادا کریں، کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کیو ڈی ایم کا پلیٹ فارم انہی مقاصد واہداف کے لئے تشکیل دیا گیا ہے جس پر اکٹھے ہوکر منزل مقصود تک کامیاب سفر کیا جائے ان خیالات کا اظہار (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

حکومت بلوچستان سے پرزور اپیل ہیں کہ جی ٹی اے کا مطالبات حل کریں عبدالجبار کاکڑ

ژوب (یو این اے) جی ٹی اے ژوب کے ضلع کابینہ ڈویژن اور تحصیل کابینہ کے ممبرز نے ٹرانسپورٹ یونین ژوب ڈویژنل سیکرٹری عبدالجبار کاکڑ، مٹھا خان مندوخیل، غلام شیرانی، جلات خان حریفال، حسن بابر اور دیگر سے ان کے دفتر میں تفصیلی ملاقات کیا ٹرانسپورٹ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

کوہلو، پنجگور، خضدار، کیچ، ڈیرہ بگٹی، ہرنائی، کوئٹہ، لسبیلہ، آواران، ژوب، چاغی، سوراب میں مختلف تقریبات کا انعقاد

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں عوام کے لئے خصوصی اقدامات: کوہلو، پنجگور، خضدار، کیچ، ڈیرہ بگٹی، ہرنائی، کوئٹہ، لسبیلہ، آواران، ژوب، چاغی، سوراب میں مختلف تقریبات کا انعقاد فٹ بال کے 20، کرکٹ کے 2 میچز کھیلے گئے جبکہ کبڈی، رائفل شوٹنگ اور سنوکر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

قلعہ عبداللہ اور چمن کے بوائز اور گرلز سکولوں میں میٹرک وایف ایس سی پاس عوضی اساتذہ

مستقل اساتذہ نے 10 ہزار روپے ماہانہ اپنی جگہ عوضی اساتذہ کو تعینات کیا ہے، بچوں کے مستقبل داؤ پر لگا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ اور چمن میں عوضی اساتذہ کی بھرمار، بوائز اور گرلز سکولوں میں مستقل اساتذہ نے 10 ہزار روپے ماہانہ اپنی جگہ عوضی میٹرک وایف ایس سی پاس اساتذہ کو تعینات کیا ہے، بچوں کے مستقبل داؤ پر لگا ہے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر تعلیم، چیف سیکرٹری و دیگر سے اپیل کی ہے کہ معاملے کا نوٹس لیکر غیر حا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 36)

کون بنے گا ضلعی چیرمین اور وائس چیئرمین 22 یونین کونسل میں برتری

اوستہ محمد (یو این اے) کون بنے گا ضلعی چیرمین اور وائس چیئرمین۔ 22 یونین کونسل میں برتری 19 سابق بات موجودہ جیالے رکن صوبائی اسمبلی سلیم کھوسہ کو 19 کے حمایت حاصل دردسر بن گئے متحدہ اپوزیشن صرف تین چیئرمین کے ساتھ خاموش شکست تسلیم کرچکی ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 35)

شارجہ، مطعم مقلاۃ القریہ کی افتتاحی تقریب میں نورحسین افضل کی شرکت

دلی دعا ہے اللہ تعالیٰ اس ریسٹورنٹ کو کامیابی وکامرانی عطا فرمائے

شارجہ (نمائندہ خصوصی) اسلامک اسکالر، مصنف اور کالم نویس محترم مفتی نورحسین افضل کی شارجہ میں ملیحہ روڈ پر Restaurant PanVillage LLC (مطعم مقلاۃ القریہ مقام الوحشی) کی شاندار افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ اس افتتاحی تقریب میں کثیر تعداد میں اہل محلہ، دوستوں اور کاروباری شخصیات نے بھی شرکت کی۔ یہ ریسٹورنٹ پارٹیز کیلئے نہایت موزوں مقام (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

صوبائی حکومت اساتذہ کرام کے جائز مطالبات تسلیم کرے، اسلم خان عمرانی

بھوک ہڑتالی کیمپ پر بیٹھے اساتذہ اکرام کی طبیعت سخت خراب ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام جعفرآباد کے سرپرست میر محمد اسلم خان عمرانی، سرپرست حاجی علی مراد خان رند نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت اساتذہ کرام کے جائز مطالبات تسلیم کرے اور بھوک ہڑتالی کیمپ پر بیٹھے اساتذہ اکرام کی طبیعت سخت خراب ہے صوبائی حکومت فوری طور پر سنجیدگی سے اساتذہ کرام کے ساتھ بات چیت کرے ان کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

حب میں کامیاب گرینڈ شمولیتی جلسے سے مخالفین کو پیپلز پارٹی کی طاقت کا بخوبی اندازہ ہوگیا

بیلا (نمائندہ خصوصی) حب میں کامیاب گرینڈ شمولیتی جلسے سے مخالفین کو پیپلز پارٹی کی طاقت کا بخوبی اندازہ ہوگیا ہے پیپلز پارٹی ضلع حب کے ضلعی صدر میر علی حسن زہری ضلعی جنرل سیکرٹری شریف پالاری اور ضلع وتحصیل حب کے تمام جیالے مبارک بادوداد کے لائق ہیں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

دعوت اسلامی اپنے سیلاب متاثرہ اسلامی بھائیوں کے ساتھ ہے، یوسف خان رند

اپنے اہل وعیال سمیت پانچ وقت نماز ادا کریں ہر حال میں اپنے رب کا شکریہ ادا کریں

گنداخہ (نامہ نگار) دعوت اسلامی کے ذیلی شعبے ایف جی آر ایف کے نگران حاجی شفاعت عطاری نے سماجی رہنماء انسان دوست شخصیت میر محمد یوسف خان رند کے ہمراہ گنداخہ کے قریب گاؤں محمد عارف جنگ میں سیلاب متاثرین کیلئے دعوت اسلامی کے شعبے ایف جی آر ایف کی جانب سے بنائے گئے گھروں کے سیلاب متاثرین میں چابیاں تقسیم کرنے کی سادہ تقریب منعقد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 37)

پانی ایک عظیم نعمت خداوندی ہے، پانی کو فضول ضائع کرنا بھی گناہ ہے، یاسر اقبال دشتی

مستونگ (پ ر) پانی ایک عظیم نعمت خداوندی ہے، پانی کو فضول ضائع کرنا بھی گناہ ہے، پانی کو ہمیشہ ضرورت کے مطابق استعمال کریں، زیر زمین پانی کی سطح روز بہ روز نیچے چلا جارہا ہے ضرورت کے مطابق پانی کی استعمال اپنے آنیوالے وقت کیلئے بچانا ضروری ہیں، شہر سمیت مستونگ کے عوام کو پانی کی نعمت اور بنیادی مسا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 34)

صحت عامہ کے معاملے پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہوگا، شاہجان شاہ

سید شاہجان شاہ اینانڑی وائس چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ سول اسپتال بیلا کا دورہ

بیلا (نمائندہ خصوصی) چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا سید شاہجان شاہ اینانڑی وائس چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ سول اسپتال بیلا کا دورہ کونسلر میونسپل کمیٹی بیلا طارق علی بلوچ غلام سرور رنجھو سید غلام مصطفیٰ شاہ اینانڑی حاجی محمد صدیق بلوچ نادر کھوسہ محمد علی بلوچ ونود کمار اور لعل چند لاسی بھی ان کے ہمراہ تھے چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا سید شاہجان شاہ نے سول اسپتال بیلا ایمرجنسی وا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

مکران اور لورالائی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن قائم

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ تعلیم کالجز ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن حکومت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی منظوری سے دو نئے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کا قیام عمل لایا گیا ہے ان میں مکران بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بمقام کیچ اور لورالائی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 32)

لورالائی ہسپتال کے مسائل پر ہمیشہ مجھے تشویش رہی ہے، یعقوب ناصر

صحت تعلیم صاف پانی یہ انسان کی بنیادی ضروریات میں سے ہیں اور اس پر کوئی کمپرومائز نہیں ہونی چاہئے

لورالائی (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر ریلوے سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اے این پی لورالائی کے جانب سے جن مسائل پر لورالائی تا کوئٹہ پیدل لانگ مارچ کیا جارہا ہے اسکی بھرپور حمایت کرتا ہوں عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے جمہوری جدوجہد کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے انہوں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 38)

20 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دے دی ہے، پسند بلیدی

بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انتظامی اور ساختی طریقہ کار کو پہلے ہی منظور کرلیا ہے

گوادر (پ ر) چیئرمین گوادر بندرگاہ پسند خان بلیدی نے کہا ہے کہ گوادر پورٹ اتھارٹی نے گوادر پورٹ، گوادر فری زون ساؤتھ اور گوادر فری زون نارتھ کو فعال بنانے کے لیے 20 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ گوادر پورٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے تینوں اداروں کو بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انتظامی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 33)

فعال اور منظم تنظیم کی بدولت ہی درپیش سنگین قومی معاشی مسائل کا حل ممکن ہے، اے این پی بلوچستان

اے این پی جس طرح ملک کے اندر حقیقی جمہوریت کے قیام جمہور کی حکمرانی آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ فعال اور منظم تنظیم کی بدولت ہی درپیش سنگین قومی معاشی مسائل کا حل ممکن ہے اے این پی جس طرح ملک کے اندر حقیقی جمہوریت کے قیام جمہور کی حکمرانی آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اسی طرح پارٹی تنظیمی ڈھانچے بھی جمہوری طریقہ کار اپناتی ہے ذمہ داران آئینی فریم ورک کے اندر رہتے ہوئے ممبر ساز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

خدمت خلق فاؤنڈیشن ایک مشن اور نظریہ کا نام ہے، نعمت اللہ ظہیر

عیدالاضحیٰ کے موقع پر بھی ضرورت مندوں میں راشن کی تقسیم یقینی بنائی جائے، اجلاس سے ویڈیو کال پر خطاب

پشین میں خدمت خلق فاؤنڈیشن ایگزیکٹو باڈی اور میڈیا کمیٹی کا مشترکہ اجلاس، مختلف امور پر غور

پشین (یو این اے) چیرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل، صدارتی تمغہ امتیاز، عالمی شہرت یافتہ سماجی شخصیت "نعمت اللہ ظہیر" نے کہا ہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ایک مشن اور نظریے کا نام ہے یہ مشن ہر حال میں جاری رہنا چاہیے۔ عیدالاضحیٰ پر بھی ضرورت مندوں میں راشن اور عید کے کپڑوں کی تقسیم یقینی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سعودی عرب جدہ سے پشین خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 39)

چاغی میں گٹ واٹر سپلائی میں چوری کرنے والے گرفتار مسروقہ سامان لیویز اسکواڈ

چاغی (یو این اے) اسپیشل لیویز اسکواڈ چاغی اور لیویز فورس کی نوکنڈی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 40)

تفتان میں سازش کے تحت پرانا بازار آباد کرنے کا کسی کو اجازت نہیں دینگے، نیشنل پارٹی چاغی

نوکنڈی (یو این اے) نیشنل پارٹی چاغی کے ضلعی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ انتظامیہ کی سرپرستی میں تفتان میں لینڈ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 41)

عوام کی خدمت اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ پرعزم رہیں گے، فرح عظیم شاہ

صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوامی ضروریات کے حامل منصوبوں پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں

مشکلات و محدود وسائل کے باوجود عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتے ہیں، بہترین حکمت عملی پر عملدرآمد کرتے ہوئے بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کی بھرپور کوشش کی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت مالی مشکلات کے باوجود بہترین حکمت عملی سے کام لے رہی ہے۔ میرٹ پر روزگار کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں عوامی ضروریات کے حامل منصوبوں پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے صوبائی حکومت۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 46)

ٹیلی نار یوفون اور زونگ موبائل فون کمپنیوں کے ناقص سروس کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

ڈی سی ژوب، نیٹ ورک کمپنی اور سول جج سے کامیاب مذاکرات کے بعد مظاہرین نے روڈ کھول دیا گیا

ژوب (پ ر) ٹیلی نار یوفون اور زونگ موبائل فون کمپنیوں کے ناقص سروس کے خلاف ژوب کوئٹہ نیشنل ہائی وے پر احتجاجی مظاہرہ روڈ ہر قسم ٹریفک کیلئے بند مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق امیر جماعت اسلامی بادنزئی یونین امیر مولانا عبدالمالک شاکر، رازق خان، مولانا روزی جان، کی سربراہی یونین کونسل بادنزئی کے عوام نے نیشنل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 43)

سینٹرل ایشیا کا گیٹ وے چمن شہر ایک حراستی منظر پیش کررہا ہے، چمن عوامی تحریک

بدنام زمانہ گرنگ چیک پوسٹ پر اشیا خورد ونوش کی پابندی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے

چمن (یو این اے) چمن عوامی تحریک کے صدر حاجی رحمت اللہ پہلوان سینئر نائب صدر صاحب جان اچکزئی نائب صدر عبدالرازق چیئرمین شمس اللہ فنانس سیکرٹری بشیر خان جنرل سیکرٹری قاری عطاء اللہ مسلم و دیگر نے پریس کلب چمن میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اٹھ لاکھ آبادی کے قریب چمن شہر آج کل ایک حراستی شہر کا منظر پیش کر رہا ہے لاکھوں آبادی آج انسانی بنیادی حقوق سے محروم ہے اشیا خورد ونوش پر پابندی چمن کے عوام کے ساتھ ایک سنگین جرم کے مترادف (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 42)

قلعہ سیف اللہ، زرعی فیڈرز پر بجلی ٹو فیز کرنا سمجھ سے بالاتر ہیں، اویس خان کاکڑ

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) سماجی رہنماء اویس خان کاکڑ نے اپنے ایک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 44)

وڈیرہ علی محمد بنگلزئی کی والدہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (پ ر) وڈیرہ دین محمد بنگلزئی مرحوم کی اہلیہ علی محمد بنگلزئی، محمد انور بنگلزئی، محمد اسلم بنگلزئی، محمد ابراہیم بنگلزئی اور محمد نعیم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 45)

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان جامعہ کے فنانس اینڈ پلاننگ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں